...Usually, when giving objective estimation to great persons; the things that could be done in the period they lived are taken as basis in comparison. From this point of view, giving estimation in the periods when Heydar Aliyev was managing Azerbaijan and the period when he was quite far from his mission, we can say definitely that he was using all the opportunities in the name of interests and improvement of his nation in that period. Heydar Aliyev's policy in Azerbaijan, his state organization line will continue. Because this policy is required from the standpoint of the future progress of Azerbaijan. Heydar Aliyev's policy is a balanced policy, expresses the interests of all stratums of the society, creates harmony in the community, defends rights and freedoms of humans, national-state organization interests, highest values of the open society. Average-statistics Azeri could see all features of the national leader in the person of Heydar Aliyev - rationalism and wisdom, resolution, political farsight, realism and innovation.

On December 12, 2003 national leader of Azerbaijan, President Heydar Aliyev passed away in Cleveland hospital in the United States of America.

Today Azerbaijan is headed by Ilham Aliyev who worthily carries on the political course laid down by Heydar Aliyev. He is not only the elected president of the independent state of Azerbaijan, but also the new leader of all the Azerbaijanis living across the world. His leadership is a true embodiment of the willpower and resolution of the Azerbaijani people and manifestation of the strength of Heydar Aliyev's insightful forethought. Gaining a firm political standing as well as deserved respect and influence in Azerbaijan through his painstaking and dedicated work, Ilham Aliyev has also



achieved wide recognition in international political arena.

Ilham Aliyev is the son of Heydar Aliyev. He's a professional politician. He has graduated from the Moscow State Institute of International Relations in 1982. After getting his post-graduate degree, Ilham Aliyev started his scientific-pedagogical career as a professor at the same institute. In1985 he was conferred degree of a doctor for history. In 1991 he started working as the general manager of the "Orient" company in Moscow. In 1994 he was appointed the vice-president of the State Oil Company of Azerbaijan Republic for foreign economic relations. He was promoted to the post of first vice-president of the State Oil Company in 1997. Having worked as the Prime Minister of Azerbaijan as well, he was a close associate and collaborator of Heydar Aliyev.

Ilham Aliyev has worked closely with Heydar Aliyev on the formulation and realization of the oil strategy in Azerbaijan. He has played an enormous role in the augmentation and enhancement of this strategy and preparation of the various projects in this regard. Discharging his diplomatic duties devotedly, Ilham Aliyev has contributed a lot to the creation of incentives for the large-sized investment in the oil industry of Azerbaijan. During his tenure as the vice-president of the State Oil Company, Ilham Aliyev has rendered invaluable services to his country by taking an active part in the political and state-building processes such as implementation of economic reforms in Azerbaijan, establishment and expansion of the bilateral economic-cultural relations with the foreign countries, integration of Azerbaijan to the world, completion and effectuation of oil contracts with the accredited oil companies of the world on joint exploration of the oil-gas fields as well as conclusion of the much-awaited contract for exportation of the Baku oil to the world through construction of Baku-Tbilisi-Jeyhan oil pipeline. It is the result of his endeavors that the Baku-Tbilisi-Erzurum gas pipeline carrying Azerbaijani gas to

the world market has been built and the construction of Baku-Tbilisi-Kars railway project which will connect East to West has been started. As a result of the consistent execution of the oil strategy worked out by Heydar Aliyev and actualized by Ilham Aliyev, during the years of 1994-2000, the foreign companies have granted 800 million USA dollars additional benefit to Azerbaijan. More than 30 thousand people have been provided with new jobs in oil industry due to the large-scale foreign investment in this sector.

Ilham Aliyev is the leader of the New Azerbaijan Party as well. As the leader of the main political party of Azerbaijan, Ilham Aliyev plays an essential role in the state-building processes of democratization, legalization and secularization of the country. He had been elected the vice-chairman of the Party in I Congress held in 1999 and the first deputy of the Party in the II Congress held in 2001. Fulfilling the responsibilities and obligations of this important task dutifully, today Ilham Aliyev works industriously to mobilize the country's economic and intellectual resources for the speedy growth and development of the newly-founded independent state of Azerbaijan. The election campaign of the New Azerbaijan Party for the parliament elections of 2000 was steered by Ilham Aliyev himself. It was expressly because of the conscientious guidance of Ilham Aliyev that the New Azerbaijan Party won the parliament elections with overwhelming supremacy and gained the majority of seats in the National Assembly of Azerbaijan.

Following the elections, Ilham Aliyev worked tirelessly and vigorously to serve the national interests of Azerbaijan in the best possible way. During this period, he spent most of his time among the ordinary people trying to find out about their problems and bring a feasible solution to them. He showed a special concern for the underprivileged and deprived members of the community as well as refugees and displaced people. His genuine attitude towards creation of the socially considerate



environment for the disabled people impaired in the Karabakh war is a lucid indication of his unswerving love and affection for Azerbaijan. The rewarding projects carried out in Karadagh and some other regions of the country at this period illustrate another aspect of the extensive and versatile activity of Ilham Aliyev as the Member of Parliament.

As a member of the Permanent Commission of International and Inter-parliamentary Relations of the National Assembly, Ilham Aliyev worked thoroughly at the Parliament Assembly of the European Council. As the head of the Permanent Delegation of Azerbaijan at the Parliament Assembly of the European Council, Ilham Aliyev worked assiduously and purposefully to bring the realities of Azerbaijan into light. As a result of Ilham Aliyev's spirited and strong-minded standpoint with regard to the issues of national interest, European countries gradually came to acknowledge and accept the international position of Azerbaijan. It was namely the cogent and forceful speeches delivered by Ilham Aliyev at the European Council that compelled the European countries to evaluate the conflict of Nagorno-Karabakh impartially and denounce occupation of the Azerbaijani lands by the Armenian aggressors as the contravention of inviolability of the territorial integrity of Azerbaijan. Ilham Aliyev has played an enormous role in imparting the actual facts about the Nagorno-Karabakh conflict to the Europe which has produced a fair assessment of the situation among the Western states. Due to his inexorable and untiring efforts, Armenia was finally recognized as an occupier and aggressor country. During this period, Ilham Aliyev worked indefatigably to lay the Armenian terrorist acts bare to the world community and achieve its condemnation as a part of international terrorism by providing sound substantiation for the horrible crimes committed by the Armenian terrorists in Azerbaijan at various times. It was precisely because of Ilham Aliyev's emphatic urgings that use of the occupied and uncontrolled Nagorno-Karabakh territories for international

terrorism and drug smuggling was brought into spotlight. Ilham Aliyev had gained wide influence and recognition among the Western politicians on account of his objective and constructive speeches. So, he was elected the vice-speaker of the Parliament Assembly of the European Council in 2003.

The relentless activities of Ilham Aliyev set for upgrading the sport facilities and recreational amenities of the country and aimed at cultivation of the new healthy generation deserve a special appraisal. Since he was appointed the president of the National Olympian Committee of Azerbaijan in 1997, Ilham Aliyev has been carrying out an invariable policy of creating a series of health-sport complexes throughout the country and appropriating funds and resources for establishment of the necessary material-technical basis to finance the promotion of the different branches of sport in Azerbaijan. As a result of his unflagging pursuit of accomplishment in this field, the sport has been revitalized and enlivened in Azerbaijan. The sportsmen of Azerbaijan have gained outstanding victories at the regional sport contests and international competitions. The fact that Baku has become an important center for holding various international sport competitions serves to elevate the international image of Azerbaijan across the globe.

As a professional politician and well-read expert in history of international relations, Ilham Aliyev has gained wide influence and respect in international arena as well. He has been to the USA, UK, Turkey, Pakistan, France, Russia, Ukraine, Switzerland, Kazakhstan, Uzbekistan, Slovakia, Poland, Georgia, Qatar, Italy, Saudi Arabia, China, Poland and so many other countries on official and state visits and delivered numerous acclaimed discourses at international conferences and congresses.

After winning the presidential elections of 2003 with an overwhelming majority, Ilham Aliyev started carrying out a



policy of democratic, legal and secular state-building worked out by Heydar Aliyev. Since he came to power, implementation of economic reforms has been further accelerated in the country. Along with this a State Program has been adopted for social-economic development of the regions of Azerbaijan in the years of 2004-2008. On the order of Ilham Aliyev, special measures have been taken to ensure unfailing observance of human rights and civil liberties in the country. As a continuation of Heydar Aliyev's political line, Ilham Aliyev follows the same guiding principles aimed at protection and preservation of the national-spiritual heritage of Azerbaijan. In view of that Ilham Aliyev shows great concern for the scientific study and dissemination of the history of Azerbaijan in the country. The decrees passed and enforced by Ilham Aliyev on compilation of the National Encyclopedia of Azerbaijan and broad issuance of wide-ranging books in Azerbaijani language and Latin script as well as increasing salaries of the scientists and scholars in accordance with their relevant academic degrees and multiplying stipendium of the undergraduate and postgraduate students demonstrate the magnitude of the steps taken in this regard.

As a result of the focused and purposeful work of Ilham Aliyev, today the foreign policy course laid down by Heydar Aliyev is successfully carried on. The main principle of this policy is to inform the world of the horrid atrocities committed by the Armenian aggressors who have occupied more than 20 percent of the Azerbaijani lands. Thanks to the dedicated commitment of Ilham Aliyev to the same political line, the majority of the world states have come to recognize and condemn Armenia as the violator of international norms and regulations. As the owner of broad vision and extensive knowledge, Ilham Aliyev has achieved wide influence and respect among the distinguished world politicians. Being wide awake to the fast-changing dynamics of the modern world and mindful of changes brought by globalization and integration, today Ilham

Aliyev ably defends national interests of Azerbaijan at all the international meetings and high-ranking negotiations. Consequently, the role and share of Azerbaijan in resolution of both the regional and international problems grow day by day. To put it shortly, Azerbaijan has become the leading county of South Caucasus because of the insightful domestic reforms and foresighted foreign policies carried out by Ilham Aliyev.





وزیرخارجہ سردار آصف احمد علی صدر آذر بائیجان حیدر علی یو کا استقبال کر رہے ہیں



وزیرخارجہ سردار آصف احمد علی اور وزیر اطلاعات خالد احمد کھرل آذر بائیجان کے صدر حیدر علی یو کے ہمراہ۔ اسلام آباد ۹، اپریل ۱۹۹۶ء



صدر آذربائیجان حیدر علی یوشکر پڑیاں اسلام آباد پر چیڑ کا یادگاری پودا لگا رہے ہیں۔ ۹، اپریل ۱۹۹۶ء



وزیر اعظم بے نظیر بھٹو اور صدر آذربائیجان حیدر علی یو ۱۰ اپریل ۱۹۹۶ء کو اسلام آباد میں باہمی دلچسپی کے امور پر بات چیت کر رہے ہیں



صدر حیدر علی یو اور وزیر اعظم بے نظیر بھٹو باہمی دلچسپی کے امور پر بات چیت کر رہے ہیں



صدر حیدر علی یو اور وزیر اعظم بے نظیر بھٹو دستاویزات پر دستخط کر رہے ہیں



صدر فاروق احمد خان لغاری صدر حیدر علی یو کے اعزاز میں منعقدہ استقبالیہ میں تقریر کر رہے ہیں۔ اسلام آباد اپریل ۱۹۹۶ء



صدر حیدر علی یو اسلام آباد میں اپنے اعزاز میں منعقدہ استقبالیہ میں تقریر کر رہے ہیں۔ اپریل ۱۹۹۶ء



صدر آذربائیجان حیدر علی یوا اور صدر فاروق احمد خان لغاری ۹، اپریل ۱۹۹۶ء ایوانِ صدر اسلام آباد میں گارڈ آف آنر کا معائنہ کر رہے ہیں



صدر آذربائیجان حیدر علی یونے ۹، اپریل ۱۹۹۶ء کو اسلام آباد میں صدر فاروق احمد خان لغاری سے ملاقات کی



صدر حیدر علی یوکا پاکستان کا سرکاری دورہ، اسلام آباد اپریل ۱۹۹۶ء



صدر آذربائیجان حیدر علی یوروسی وفد کے ساتھ مذاکرت کرتے ہوئے



صدر حیدر علی یو، وزیر دفاع آذربائیجان کرنل جنرل صفرابی یو اور سیکرٹری دفاع حامد نواز خان ۔ باکو ۲۰۰۲ء



ای سی او کانفرنس ۲۰۰۲ء استنبول



ای سی او کانفرنس ۲۰۰۲ء استنبول



ای سی او کانفرنس ۲۰۰۰ء تہران



صدر حیدر علی یو اور صدر جنرل پرویز مشرف، ای سی او کانفرنس تہران ۲۰۰۰ء میں



صدر حیدر علی یو آذربائیجان اور دوسرے ممالک کے ساتھ تیل و گیس معاہدے کی تقریب میں



صدر حیدر علی یو، شہرت یافتہ عوامی شاعر مہمت آراز کے ساتھ



صدر حیدر علی یو عمرہ کے موقع پر



صدر حیدر علی یو خانہ کعبہ میں



صدر حیدر علی یو نخچوان میں قومی ادیب حسین جاوید کے مقبرہ کی افتتاحی تقریب میں



صدر حیدر علی یو اور ڈاکٹر عین اللہ مدتلی، سفارت خانہ آذربائیجان، تہران میں




صدر مجلس اعلی نخچوان واصف طالبوف ہوائی اڈہ پر صدر حیدر علی یو کا استقبال کرتے ہوئے

کے مشترکہ اقتصادی کمشن کے ممبران کو استقبالیہ دیا جس میں حکومت پاکستان کے اہل کاروں اور مقامی اکابرین اور سفارتی نمائندگان نے بھی شرکت کی۔

۱۴۔۱۳ اکتوبر ۲۰۰۲ء کو جمہوریہ آذربائیجان کے صدر حیدر علی یو نے اقتصادی تعاون کی تنظیم (ECO) کے ممبر ممالک کے سربراہان کی استنبول میں منعقدہ چوٹی کانفرنس میں شرکت کے دوران صدر پاکستان جنرل پرویز مشرف سے ملاقات کی۔ دوستی اور خلوص کے ماحول میں پیش آنے والی اس ملاقات کے دوران دوطرفہ اور علاقائی مسائل میں تعاون پر وسیع پیمانے پر مذاکرات کئے گئے۔

پاکستان، دوطرفہ طور پر ہو یا پھر بین الاقوامی اداروں کی سطح پر ہو، آذربائیجان اور پاکستان کے مفادات کی پوری طرح سے حمایت کرتا ہے۔ پاکستان، جمہوریہ آرمینیا کی جانب سے جمہوریہ آذربائیجان کے خلاف جارحیت کی شدید مذمت کرتا ہے اور آرمینی مسلح افواج کی جانب سے قبضہ کردہ علاقوں کو بلا کسی شرط و قید کے فوری طور پر خالی کرنے کی حمایت کرتا ہے۔ علاوہ ازیں پاکستان اس آرمینی جارحیت کے نتیجہ میں بھاگنے پر مجبور ہونے والے آذربائیجانیوں کو اپنے جائے پیدائش اور آبائی گھروں کو واپسی کے مطالبات کی حمایت کے ساتھ ساتھ اس جھگڑے کو پُرامن طور پر حل کرنے کے متعلق آذربائیجان کے موقف کی پُرزور تائید کرتا ہے۔ جمہوریہ آذربائیجان بھی کشمیر کے مسئلہ پر دوست ملک پاکستان کی حمایت کرتے ہوئے اس جھگڑے کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے پیش نظر کشمیر کے عوام کی خواہشات کے مطابق پُرامن طور پر حل کئے جانے کی ضرورت پر یقین رکھتا ہے۔

آذربائیجان اور پاکستان کے درمیان ملکی اور حکومتی سربراہان اور وزرائے خارجہ کی سطح پر خط و کتابت کا سلسلہ مسلسل جاری رہتا ہے۔

**جمہوریہ آذربائیجان کے صدر حیدر علی یو ۳۰ اپریل ۲۰۰۲ء کو استصواب رائے کی بدولت عوام کی اکثریت کا اعتماد حاصل کر کے مزید پانچ سال کے لئے صدر منتخب ہوئے تھے۔ آپ ۱۲ دسمبر ۲۰۰۳ء کو وفات پا گئے۔ جمہوریہ آذربائیجان کے مرحوم صدر حیدر علی یو کا دور پاکستان کے ساتھ تعلقات کا ایک سنہرا دور تھا۔ آپ کے بعد آنے والے نئے صدر الہام علی یو بھی پاکستان کے ساتھ ان دیرینہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے خواہش مند ہیں۔**



حیدر علی یو اور الاہم علی یو

جمہوریہ آذربائیجان کے وزیر دفاع کے دورہ کے اختتام پر آذربائیجان اور پاکستان کے درمیان دفاع اور حرب کے شعبہ میں تعاون کے سمجھوتہ پر دستخط کئے گئے۔

۴۔۲ ستمبر ۲۰۰۲ء کو آذربائیجان اور پاکستان کے مشترکہ کمیشن کا دوسرا اجلاس اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں آذربائیجان کی نمائندگی نائب وزیر اعظم کی سرکردگی میں ایک وفد نے کی جبکہ معاشی اور تیکنیکی تعاون کے سلسلہ میں آذربائیجان اور پاکستان کے مشترک کمیشن کے صدر یعقوب ایوب اوف نے صدارت کی۔

آذربائیجان کی معیشت کے بارے میں معلومات فراہم کرتے ہوئے جمہوریہ کے نمائندہ وفد کے سربراہ یعقوب ایوب اوف نے آذربائیجان کے نہایت اچھے معاشی امکانات، خاص طور پر تیل برآمد کرنے والی کمپنیوں کے ساتھ ۶۰ ارب امریکی ڈالر کی مالیت کے سمجھوتوں پر دستخط کرنے کا ذکر کیا۔ کارکنوں کی جانب سے سو فیصد سرمایہ کاری کے پیش نظر پاکستانی ادارے آذربائیجان کی معیشت میں ایک معین رول ادا کر رہے ہیں اور دونوں ممالک کے درمیان زراعت، علم، تصادق، ثقافت، سیاحت اور دوسرے شعبوں میں تعاون میں اضافہ اور استحکام کی ضرورت پر زور دیا۔

یعقوب ایوب اوف نے اپنے دورے میں صدر پاکستان جنرل پرویز مشرف سے ملاقات کی اور جمہوریہ آذربائیجان کے صدر کا ایک خصوصی خط پیش کیا جس میں انہیں ایک مرتبہ پھر آذربائیجان کا سرکاری دورہ کرنے کی دعوت دی گئی۔

صدر پاکستان جنرل پرویز مشرف نے جمہوریہ آذربائیجان کے صدر حیدر علی یوکو شکریہ اور دلی احترام پیش کرنے کی خواہش کا اظہار کرتے ہوئے یقین دلایا کہ انہیں آذربائیجان کا دورہ کر کے بیحد خوشی ہوگی۔ اس کے ساتھ ہی انہوں نے آذربائیجان کے صدر کو پاکستان آنے کی دعوت دی۔

یعقوب ایوب اوف نے پاکستان کے وزیر مملکت برائے خارجہ امور انعام الحق، وزیر مالیات اور معاشی امور شوکت عزیز، وزیر تجارت عبدالرزاق داود، وزیر خوراک اور زراعت خیر محمد جونیجو، سیکرٹری وزارت دفاع حامد نواز خاں، سیکرٹری ثقافت، سیاحت اور سپورٹس سے بھی مذاکرات کئے۔ آذربائیجان کی نمائندگی کرنے والے وفد کے ممبران ارشاد علی اوف وزیر زراعت



نے پاکستان کے وزیر زراعت اور جمہوریہ آذربائیجان کے اول نائب وزیر برائے جوانان، سپورٹس اور سیاحت واقف علی یو نے اپنے پاکستانی ہم منصب سے مذاکرات کئے۔

ان مذاکرت کے دوران پاکستان اور آذربائیجان کے برادر عوام کے درمیان قدیم تاریخی رشتوں، دوستی اور بھائی چارہ کے تعلقات کے موجود ہونے کا ذکر کرنے کے ساتھ ساتھ ہر دو ملکوں کے عوام کے درمیان تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ اور اس سلسلہ میں دونوں طرف سے ایک دوسرے کے ملک کے دوروں میں اضافہ کرنے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔

مشترکہ کمیشن دونوں ممالک کے درمیان تجارت اور کاروبار، کسٹم کے مسائل، صنعت، نقل و حمل، رسل و رسائل، علم اور معلوماتی ٹیکنالوجی، مالیات اور بینک کاری، خوراک اور زرعی پیداوار، ثقافت اور سیاحت، تیل اور گیس، آب پاشی، صحت، تعلیم، نج کاری، علم زیست اور ماحولیات جیسے موضوعات شامل ہیں۔ کئی ایک معاشی مسائل زیر غور لائے گئے اور ان میں پیش رفت کا تعین کرتے ہوئے تعاون کو بڑھانے اور توسیع کے طریقوں کا جائزہ لیا گیا۔ کمیشن کی کارگزاری کے نتیجہ میں ایک ۳۸ نکات پر مشتمل پروٹوکول پر دستخط کئے گئے۔

پاکستان کے وزیر نجکاری اور پاکستان، آذربائیجان مشترکہ کمیشن کے ہمصدر الطاف سلیم اور جمہوریہ آذربائیجان کے نائب وزیر اعظم اور نمائندہ وفد کے سربراہ اور آذربائیجان، پاکستان مشترکہ کمیشن کے ہمصدر یعقوب ایوب اوف کی جانب سے دستخط کردہ اس پروٹوکول میں ہر دو ممالک کے درمیان کاروباری شعبہ میں آئندہ کی پیش رفت کو منظم کرنے کے لئے ایک مشترکہ کاروباری شوریٰ کے قیام کا مسئلہ، چھوٹے اور درمیانہ درجہ کے کاروباری حضرات کی ہمت افزائی کا مسئلہ، آذربائیجان میں شکر تیار کرنے والی فیکٹریوں کی تعمیر کے امکانات کا جائزہ، باکو میں پاکستان نیشنل بینک کے شعبہ کے قیام کے مسئلہ کے ساتھ ساتھ کئی اور ضروری مسائل میں تعاون کے بارے میں سمجھوتوں کی عکاسی کی گئی تھی۔ معاشی اور فنی تعاون کے سلسلہ میں آذربائیجان اور پاکستان کے مشترکہ کمشن کے تیسرے دورانیہ اجلاس کو ۲۰۰۳ء میں آذربائیجان میں منعقد کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔

۴ ستمبر ۲۰۰۲ء کی شام کو آذربائیجان کے سفیر عین اللہ مددلی نے آذربائیجان، پاکستان

۲۱۔۱۸ مئی ۱۹۹۱ء کے دوران باکو میں منعقدہ اقتصادی تعاون کی تنظیم کے وزرائے خارجہ کے نویں اجلاس میں پاکستان کے وزیر مملکت برائے خارجی امور محمد صدیق خان کانجو کی قیادت میں ایک وفد نے پاکستان کی نمائندگی کی۔ وزیر مملکت کانجو نے آذربائیجان میں قیام کے دوران جمہوریہ کے وزیر خارجہ سے تبادلہ خیال کیا۔

۲۶ مئی سے ۲ جون ۱۹۹۹ء کے عرصہ میں اسلام آباد کے نیشنل ڈیفنس کالج سے منسلک پاکستانی افواج کے اعلیٰ افسران پر مشتمل دو نمائندہ وفود نے آذربائیجان کا دورہ کیا۔ انہوں نے وزارت دفاع میں مذاکرات کے دوران آذربائیجان اور پاکستان کے درمیان شعبہ حرب میں تعاون کے امکانات کا جائزہ لیا۔

اقتصادی تعاون کی تنظیم کے ممبر ممالک کی آڈٹ تشکیلات کی ۲۹۔۲۸ اپریل ۱۹۹۹ء میں باکو میں منعقد ہونے والے چوتھے اجلاس میں پاکستان کے آڈیٹر جنرل منصور حسین نے شرکت کی۔ منصور حسین نے اس اجلاس کے اعلیٰ سطح پر ترتیب دیئے جانے اور مہمان نوازی پر اپنے اظہار تشکر کے طور پر آذربائیجان کے آڈیٹروں کے ایک نمائندہ وفد کو اسلام آباد آنے کی دعوت دی۔

۱۱۔۶ مئی ۲۰۰۰ء پاکستان نیشنل ڈیفنس کالج جس کے دفاتر اسلام آباد منتقل ہو چکے تھے کے اعلیٰ افسران پر مشتمل ایک دس رکنی نمائندہ وفد نے آذربائیجان کا دورہ کیا۔

جمہوریہ آذربائیجان کے صدر نے ۱۷ مئی ۲۰۰۰ء کو جاری کردہ ۳۱۶ نمبر کی قرارداد کی رو سے پاکستان اور آذربائیجان کے درمیان قائم ہونے والے مشترکہ کمیشن کی تشکیل کی منظوری دے دی۔ آذربائیجان کے نائب وزیر اعظم یعقوب ایوب اوف کو اس کمیشن کا صدر مقرر کیا گیا۔

اقتصادی تعاون کی تنظیم کی ۱۰۔۹ جون ۲۰۰۰ء کو تہران میں منعقدہ چوٹی کانفرنس کے دوران صدر جمہوریہ آذربائیجان حیدر علی یو اور پاکستان کے چیف ایگزیکٹو جنرل پرویز مشرف کے درمیان دوطرفہ معاملات پر بات چیت ہوئی۔ ملاقات کے دوران آذربائیجان اور پاکستان کے تعلقات کو بڑھانے اور مستقبل میں تعاون میں توسیع کے امکانات پر مذاکرات ہوئے۔

جمہوریہ آذربائیجان کے وزیر دفاع جنرل پولقونک صفیر ابی یو پاکستان کے وزیر خارجہ



عبدالستار کی دعوت پر ۲۵۔۲۳ مئی ۲۰۰۱ء کو پاکستان کے دورہ پر گئے۔ پاکستان آمد کے پہلے روز ہی انہوں نے چیف ایگزیکٹو جنرل پرویز مشرف اور وزیر خارجہ عبدالستار سے ملاقات کے دوران تبادلہ خیال کیا۔ اس ملاقات کے موقعہ پر انہوں نے دوطرفہ تعلقات، باہمی تعاون اور خاص طور پر دفاعی مسائل سے متعلقہ سمجھوتوں پر دستخط کئے۔ جنرل صفیر ابی یو نے ۲۵ مئی کو پاکستان کی اسلحہ ساز فیکٹریوں کے بورڈ کے چیرمین لیفٹیننٹ جنرل عبدالقیوم سے ملاقات کے دوران تبادلہ خیال کیا۔ دورہ کے اختتام پر جمہوریہ آذربائیجان کے وزیر دفاع جنرل صفیر ابی یو اور پاکستان کے وزیر خارجہ عبدالستار نے ایک مشترکہ بیان پر دستخط کئے۔

۱۷۔۱۵ اپریل ۲۰۰۲ء کو پاکستان کے سیکرٹری وزارت دفاع حامد نواز خان نے باکو کا دورہ کیا۔ اور صدر جمہوریہ حیدر علی یو، وزیر اعظم، وزیر خارجہ ولایت قلی یو، وزیر دفاع صفیر ابی یو، ملکی کونسرٹ کے سربراہ جہانگیر اصغراوف سے ملاقاتیں کیں۔ جمہوریہ آذربائیجان اور اسلامی جمہوریہ پاکستان کے وزرائے دفاع کے درمیان دفاع اور حرب کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کے ایک پروٹوکول پر دستخط کئے گئے۔

جمہوریہ آذربائیجان کے وزیر دفاع صفیر ابی یو نے کراچی میں منعقدہ IDEAS-2002 نامی بین الملکی دفاعی نمائش میں شرکت کے لئے ۲۰۰۲ء کے ستمبر ۱۶ تا ۱۹ پاکستان کا دورہ کیا۔ پاکستان میں قیام کے دوران انہوں نے صدر پرویز مشرف سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران صدر مشرف نے پاکستان کی جانب سے آذربائیجان کے ساتھ تعاون کو بہت اہمیت دینے کا ذکر کرتے ہوئے آذربائیجان کو ہمیشہ مدد دینے کے لئے حاضر ہونے کی جانب اشارہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ سب سے پہلے ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم معیشت اور عسکری قوت کو اعلیٰ پیمانہ پر برقرار رکھیں تا کہ دشمن اپنے مذموم ارادوں سے باز رہے۔ صدر پاکستان نے زور دے کر کہا کہ ہم ہمیشہ آذربائیجان کے شانہ بشانہ ہوں گے۔

بعد ازاں صفیر ابی یو نے پاکستان کے سیکرٹری دفاع حامد نواز خان، بحریہ کے کمانڈنگ افسر امیر البحر عبدالعزیز مرزا اور صوبہ سندھ کے گورنر میاں محمد سومرو سے گفت و شنید کی۔

# حیدرعلی یواورآذر بائیجان۔ پاکستان تعلقات

جمہوریہ آذر بائیجان کے صدر حیدر علی یو نے جون ۱۹۹۳ء میں آذر بائیجان کی قومی مجلس کے چیئرمین کے فرائض سنبھالے اوراسی سال کے ماہ اکتوبر میں جمہوریہ کے صدر منتخب ہونے پر ملک کی خارجہ سیاست میں اسلامی جمہوریہ پاکستان کے ساتھ دوستی کے رشتے استوار کرنے کو خاص اہمیت دی۔ یہ بات باعث مسرت ہے کہ گزشتہ ۱۲ سالوں کے عرصہ میں دونوں ممالک کے درمیان دوستی اورتعاون کے گراف میں مسلسل اضافہ ہوتا رہا ہے۔

آذر بائیجان اور پاکستان کے مابین تعلقات کے متعلق یہ کہنا ضروری ہوگا کہ پاکستان، جمہوریہ آذر بائیجان کی آزادی کو ۱۲ دسمبر ۱۹۹۱ء میں تسلیم کرنے والے اولین ممالک میں سے تھا۔

دسمبر ۱۹۹۱ء میں پاکستان کے وزیر مملکت برائے اقتصادی امور سردار آصف احمد علی کی سرکردگی میں ایک نمائندہ سرکاری وفد نے پہلی مرتبہ باکو کا دورہ کیا اور مذاکرات کے دوران جمہوریہ آذر بائیجان کے اقتصادی تعاون کی تنظیم ECO میں شمولیت کے مسئلہ پر بات چیت کی۔

۹ جون ۱۹۹۲ء کو جمہوریہ آذر بائیجان اور پاکستان کے درمیان سفارتی تعلقات قائم ہوئے اور ۱۲ مارچ ۱۹۹۳ء کو پاکستان نے باکو میں اپنا سفارت خانہ قائم کیا۔

۳۰ نومبر سے ۲ دسمبر ۱۹۹۳ء تک اقتصادی تعاون کی تنظیم کے ممبر ممالک کی علم اور مدنیت کے شعبہ میں تعاون کے موضوع پر اسلام آباد میں منعقدہ کانفرنس میں جمہوریہ آذر بائیجان کے ایک نمائندہ وفد نے جس کی قیادت نائب وزیر اعظم ای۔ آفندیوں کر رہے تھے شرکت کی۔

اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل نے پاکستان کے زیر صدارت ۳۰ اپریل ۱۹۹۳ء کو ۸۲۲ نمبر قرارداد منظور کی۔ پاکستان نے بار ہا انسانی ہمدردی کے تحت ان آذر بائیجانیوں کی جو کہ ملک سے بھاگنے اور نقل مکانی کرنے پر مجبور ہوئے تھے، فوری امداد فراہم کی۔

اسلامی جمہوریہ پاکستان کے وزیر خارجہ سردار آصف احمد علی نے ۲۴ جنوری ۱۹۹۴ء کو



باکو کا سرکاری دورہ کیا۔

۱۵۔۱۴ مارچ ۱۹۹۵ء کو آذر بائیجان جمہوریہ کے صدر حیدر علی یو کے نمائندہ خصوصی وزیر امور خارجہ حسن حسین یو کی سربراہی میں ایک نمائندہ وفد نے اقتصادی تعاون کی تنظیم کی دوسری چوٹی کانفرنس میں شرکت کے لئے اسلام آباد کا دورہ کیا۔

جمہوریہ آذر بائیجان کے صدر حیدر علی یو کی دعوت پر پاکستان کے صدر سردار فاروق احمد خان لغاری نے ۹ سے ۱۱ اکتوبر ۱۹۹۵ء کو باکو کا سرکاری دورہ کیا۔ ان کا یہ دورہ دونوں ممالک کے درمیان تعلقات میں اضافہ کے لحاظ سے بڑی اہمیت کا حامل تھا۔ اسلامی جمہوریہ پاکستان اور جمہوریہ آذر بائیجان کے درمیان تعاون کے معاہدہ پر صدر پاکستان فاروق احمد خان لغاری اور جمہوریہ آذر بائیجان کے صدر حیدر علی یو نے دستخط کئے۔ جمہوریہ آذر بائیجان کے صدر حیدر علی یو نے صدر پاکستان کی دعوت پر ۹ سے ۱۱ اپریل ۱۹۹۶ء کے دوران پاکستان کا سرکاری دورہ کیا۔ اس دورہ میں انہوں نے پاکستان کے صدر فاروق احمد خان لغاری اور وزیر اعظم بینظیر بھٹو سے ملاقات کے دوران تبادلہ خیال کیا۔ یہ دورہ دونوں ممالک کے مابین تعلقات کو مزید مستحکم کرنے میں بہت مددگار ثابت ہوا اور آذر بائیجان اور پاکستان کے درمیان تعاون کی نئی راہیں متعین کرنے میں اس نے ایک غیر معمولی رول ادا کیا۔ ۲۳ مارچ ۱۹۹۷ء کو پاکستان کے یوم آزادی کی پچاسویں سالگرہ کے موقعہ پر دارالحکومت اسلام آباد میں منعقد ہونے والی اسلامی کانفرنس تنظیم کے سربراہان مملکت اور حکومت کے غیر معمولی چوٹی اجلاس میں جمہوریہ آذر بائیجان کی قومی مجلس کے صدر مرتضٰے الیاس گو یو نے شرکت کی۔

۱۹۹۸ء میں ۱۲۔۱۰ اکتوبر کو جمہوریہ آذر بائیجان کے صدارتی انتخاب کے دوران پاکستان کے چھ سینٹروں نے بطور مشاہدین جمہوریہ کا دورہ کیا۔

۲۸ اپریل ۱۹۹۹ء کو پاکستان کے وزیر اعظم نواز شریف البانیہ اور اٹلی کے دورہ پر جاتے ہوئے باکو کے ہوائی اڈہ پر تھوڑی دیر کے لئے ٹھہرے۔ اس مختصر قیام کے دوران انہوں نے آذر بائیجان کے وزیر اعظم اے۔ رسی زادہ اور وزیر خارجہ سے دوطرفہ امور پر بات چیت کی۔

سرمایہ کاری کے امکانات'' کے موضوع پر منعقدہ لندن کانفرنس نے حیدرعلی یو کو اس بات کا موقعہ فراہم کیا کہ وہ آذر بائیجان کی معیشت کے اقتصادی افق کو وسیع کرنے میں اس سے فائدہ اٹھا سکیں۔بعض دفعہ تعجب اور حیرانگی سے بچنا محال تھا۔مقولہ ہے کہ انسانیت ہنستے ہوئے ماضی کو الوداع کہتی ہے۔حیدرعلی یو کے جرمنی کے ایک سرکاری دورہ کے دوران جب وہ کولون شہر میں جرمن معیشت کی مشرقی کمیٹی کے چیرمین اور جرمن تجارت اور صنعت کی جمیعت کے صدر آٹو ولف فان آمیرونجن سے ملاقات کے لئے گئے اور انہیں'' آذر بائیجان میں کاروباری حیات پر راہنمائی'' نام کا ایک کتابچہ دیتے وقت ایک دلچسپ واقعہ بیان کیا گیا۔وہ واقعہ کچھ یوں تھا کہ سابقہ سویت سوشلسٹ جماہیر کی یونین کے ایک سربراہ سے معاشی تعاون کے مسائل پر تبادلہ خیال کے دوران ان سے عالمانہ انداز میں یہ کہا گیا کہ''مستقبل میں تجارت اشیاء کے مبادلہ پر مبنی ہوگی۔۔۔۔۔'' جرمن میزبان نے صدق دل سے اعتراف کیا کہ اس وقت اس پیشن گوئی پر انہیں ہنسی آئی تھی جس کو وہ ضبط نہ کر سکے۔تاہم آج وہ اور حیدرعلی یو اس بات کو یاد کرتے ہوئے ہنسی میں شریک تھے۔یہ ہمیں عام متمدن ترقی سے زبردستی ہٹا کر انتہائی ''معیشانہ''معیشت کے احمقانہ پیچیدہ عمل کی جانب دھکیلنے کا ایک فطری ردعمل تھا۔

حیدرعلی یو کے معاشی نظریہ کا مقصد زمین پر ایسی علامات کو چھوڑنا ہے جن سے ہماری آئندہ کی نسلیں یہ بخوبی جان سکیں کہ ہم نے آخرکار سماجی جھونک کے پیچیدہ رویہ سے نجات حاصل کرلی ہے۔اور یہ کہ ہم سابقہ آمرانہ ریاست کے سابقہ باسی نہیں رہے ہیں۔حیدرعلی یو کا خارجہ پالیسی کا نظریہ جس میں کہ مختلف ممالک سے آزادانہ طور پر اتحاد قائم کرنے کا اصول شامل ہے، بنیادی طور پر معاشی لحاظ سے توانا اور مضبوط ایک ایسے آذر بائیجان کو وجود میں لانے کے تصور کو پیش کرنا ہے جو کہ تمام اقوام کی ہر جگہ کے مفادات کی حفاظت کا ضامن ہونے کی صلاحیت رکھتا ہو۔ اس میدان میں آذر بائیجان کے مختلف ممالک سے روابط کے اساس کی ان الفاظ میں توضیح کی ہے۔''ہمارے تعاون کی بنیاد معیشت ہے۔جب عالمی اور خصوصی مفادات میں ہم آہنگی ہوتو معاشی نظام میں اختلاف کی کوئی خاص اہمیت نہیں ہوتی'' آذر بائیجان کے یورپ کی کونسل میں



بطور ایک خاص مشاہد ممبر کے داخلہ سے حیدرعلی یو کے نئے طریقہ عمل کے مختلف پہلوؤں کو ایک نیا رخ ملتا ہے۔آج حیدرعلی یو کو یورپ میں خطاب کرنے کا موقعہ حاصل ہے۔ان کی تقاریر سویت دور کے بعد میں پیدا ہونے والے مجموعی مسائل میں سے اکثر کی عکاسی کرتی ہیں۔ان کو سن کر ایک مرتبہ پھر یوری پایڈس کے اس قول کی گہرائی کا احساس ہوتا ہے کہ وقت کہے بغیر بھی حقیقت کو آشکار کرتا ہے۔حیدرعلی یو نے ۲۸ مئی ۱۹۷۷ء کو یوم جمہوریہ کی قومی تعطیل کے موقعہ پر قوم سے خطاب کرتے ہوئے ''مملکت آذر بائیجان کی آزادی کا آفاقی اور نا قابل تباہ'' ہونا بیان کیا تھا اور اس طرح سے انہوں نے فی الحقیقت بیسویں صدی کے آغاز سے آذر بائیجان کی ترقی کی پوری تاریخ کے مفکراتی منظر کو پیش عام کردیا۔ہمیشہ کی طرح اس مرتبہ بھی انہوں نے اسے ایک تاریخ دان اور سیاست دان کی طرح سے بیان کیا آذر بائیجان اور اس کے صدر، جنہوں نے پہلی جمہوریہ کے نہایت پیچیدہ حالات اور چپقلش کا نئے سرے سے جائزہ لیا ہے، اس بات کا ایک مرتبہ پھر بخوبی اندازہ کر سکتے ہیں کہ تاریخ کے سویت دور میں معاشی کامیابیاں اور سانحہ کیا کیا تھے۔انہوں نے ایک مرتبہ پھر خیانتوں کے سلسلہ کو افشاء کرتے ہوئے ان قوتوں کو بے نقاب کیا ہے جن کی نظر میں آذر بائیجان کا مستقبل ایک سیاسی کھیل میں اہم پتے کی مانند تھا۔یہ تاریخ کا ایک کھلا سبق تھا، تاریخ کے تناظر میں صدر کی جانب سے دیا جانے والا ایک سبق۔

کے علاقہ میں استحکام اور امن وسلامتی کے قیام میں براہ راست دخل ہے۔ انہوں نے کہا کہ: ''آذر بائیجان میں ہم ایک عبوری دور سے گذر رہے ہیں جس میں کہ ہم نے آزادی اور اقتدار اعلیٰ حاصل کیا۔ یہ عرصہ نہایت پیچیدہ عمل کا دور تھا۔ ہمارے لئے سب سے بڑا اور سنگین مسئلہ آرمینا اور آذر بائیجان کے درمیان فوجی چپقلش ہے جس کی ابتدا ۱۹۸۸ء میں آرمینا کے آذر بائیجان جمہوریہ کے ناگورنو قراباغ علاقہ کے الحاق کی خواہش سے ہوا۔ اس وقت سے یہ عسکری چپقلش آرمینا کی جانب سے آذر بائیجان کے خلاف فوجی جارحیت کی شکل اختیار کر گئی۔ اس جارحیت کے نتیجہ میں جمہوریہ آذر بائیجان کو بہت نقصان اٹھانا پڑا۔ ہمیں بہت سے نقصانات برداشت کرنے پڑے اور کئی لوگ جان سے ہاتھ دھو بیٹھے۔ ہمارا مادی اور اخلاقی خسارہ بہت زیادہ تھا۔ آرمینی مسلح دستوں نے آذر بائیجان کے ۲۰ فیصد علاقہ پر قبضہ کر لیا تھا۔ سابقہ ناگورنو قراباغ خودمختار خطہ کے علاقہ کے علاوہ اسکے ساتھ ملحقہ خطوں کے علاقوں پر بھی قبضہ کر لیا گیا تھا۔ مقبوضہ ناگورنو قراباغ اور دیگر ملحقہ خطوں سے دس لاکھ سے زائد آذر بائیجانی باشندوں کو زبردستی نکال دیا گیا تھا۔ یہ لوگ انتہائی مشکل زندگی بسر کر رہے ہیں اور ان کی اکثریت خیموں میں رہ رہی ہے جہاں پر کئی چار پانچ سال سے قیام کر رہے ہیں۔ اس قسم کے ہولناک حالات کا افریقہ، مشرق وسطیٰ یا مشرق قریب، فلسطین، افغانستان یا کسی اور خطہ میں تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔ اعداد وشمار کے مطابق اس وقت دنیا میں دو کروڑ سے زائد پناہ گزین ہیں۔ ان میں سے آذر بائیجان میں دس لاکھ پناہ گزین پائے جاتے ہیں اور یہ دس لاکھ جمہوریہ کی کل ستر لاکھ آبادی کا حصہ ہیں۔ یہ ایک بہت تشویش کی بات ہے جو کہ آذر بائیجانی عوام اور جمہوریہ کو درپیش ہے۔ آذر بائیجان کے باشندوں نے ان علاقوں میں کئی نسلوں سے جو کچھ پیدا یا تعمیر کیا تھا وہ سب ان مقبوضہ علاقوں میں تباہ ہو گیا ہے یا لوٹ لیا گیا ہے۔ یہ بربریت دنیا بھر میں کہیں بھی شاید ہی دیکھنے میں آئی ہو۔

یہ بات بخوبی معلوم ہے کہ دوسری عالمی جنگ جو کہ وطن پرستی کی ایک عظیم جنگ تھی جس میں کہ فسطائی طاقتوں نے سویت یونین کے ایک بڑے علاقہ پر قبضہ کر لیا تھا اس کے دوران بھی اس قسم کی تباہی اور بربریت کا مظاہرہ نہیں کیا گیا تھا۔ یہ حقیقت ہمارے تجربات پر مبنی ہے اور



ہماری پریشانی کا باعث ہے۔ یہ سب کے لئے خطرہ کی ایک علامت ہونی چاہیے۔ علیحدگی پسندی، جارحانہ قومیت پرستی اور جنگ جوئیت کو فروغ کی ہرگز اجازت نہیں دی جانی چاہیے۔ یہ سب اس کے نتائج ہیں جو ہماری آنکھوں کے سامنے ہیں۔ لیکن خطرات کی یہ علامات محض ہم تک محدود نہیں ہیں۔ سابقہ سویت یونین کے کئی خطوں، خاص طور پر کاکیشیا بھی اس کی لپیٹ میں ہیں۔

حیدر علی یو ہمسایہ ممالک سے باہمی تعلقات سے متعلقہ کئی ایک اپنی تقاریر میں نظریاتی اساس کو پیش کرنے سے مسلسل گریز کرتے رہے ہیں۔ جیسا کہ ان کے اس بیان سے عیاں ہوتا ہے۔

''آج میں ایک مرتبہ پھر اعلان کرتا ہوں کہ ہم آرمینا کے ساتھ ازلی دشمنی کا کوئی تصور نہیں رکھتے۔ ہماری آرمینا کے ساتھ طویل سرحد ہے۔ اور ہمارے عوام نے ازمنہ قدیم سے ایک دوسرے کے ساتھ بھائی چارہ میں زندگی بسر کی تھی۔ ہمارے علاقہ کاکیشیا، خاص طور پر ماورا کاکیشیا میں امن وامان کی ضمانت گرجستان، آرمینا اور آذر بائیجان اور ماورا کاکیشیا کے تمام ممالک کے درمیان دوستانہ اور اچھے ہمسائیگی کے تعلقات ہی دے سکتے ہیں۔ اس ضمن میں میں یہ بھی کہوں کہ ہم روس کے ساتھ تعاون کو بہت اہمیت دیتے ہیں۔ روس کے ساتھ ہماری طویل مشترک سرحد اور گہرے تاریخی مراسم ہیں۔۔۔۔۔۔''

بین الاقوامی سطح پر آذر بائیجان کی ساکھ میں جوں جوں اضافہ ہوتا گیا، جیسا کہ لزبن کی سربراہان مملکت کی کانفرنس قراباغ پر حالیہ مذاکرات سے عیاں ہے، آرمینا آذر بائیجان کے درمیان امن سمجھوتہ کے نمایاں خدوخال کو مرتب کرنے کے روشن امکانات نظر آنے لگے۔ اس کے ساتھ ہی حیدر علی یو کی بیشتر توجہ معاشی مسائل کی جانب مرکوز ہو گئی۔ تاریخی لحاظ سے ایک عدیم المثال سماجی تجربہ جس کے تحت ایک آہنی پنجہ کے ساتھ ہم سب کو خوشحالی کی جانب دھکیلنے کی کوشش کی گئی تھی کے نتائج سویت معیشت کے بعد کے دور میں عیاں ہیں۔ تاہم آج بھی ہم ایک ان سنے نئی معاشی تجربہ کے روبہ پیش ہیں۔ اور وہ یہ کہ ہم کیونکر اور کیسے ایک آمرانہ ریاست اور شہنشاہیت کی ذہنیت کے ساتھ دنیا کی تاریخ کو متحرک انجن سے کھینچنے کی بجائے برابری کے حقوق کیساتھ اس کے ممبر بن جائیں۔ اپنے ہر دورہ یا بین الاقوامی اجتماعات میں شرکت پر جیسا کہ ''آذر بائیجان میں

اپنی آزادی کے برسوں میں نمایاں پیش رفت کی ہے۔ ہم اس حقیقت سے مطمئن ہیں کہ آذر بائیجان نے عالمی برادری میں جائز مقام حاصل کرتے ہوئے دنیا کے کئی ممالک سے دوستی رواداری اور قریبی تعاون کے تعلقات استوار کر لئے ہیں''۔ سابقہ سویت سوشلسٹ جمہوریتوں کی یونین کی ریاستوں میں آذر بائیجان واحد ایسا ملک تھا جس نے کہ انتخابات کے دوران آزاد ریاستوں کی دولت مشترکہ کی تنظیم میں شمولیت نہیں کی تھی۔

بطور صدر جمہوریہ حیدر علی یونے ہفتہ وار رسالہ ''اوگونیوک'' کو دیئے جانے والے ایک انٹرویو کے دوران شمولیت کے عمل کو اس طرح بیان کیا:

''آپ جانتے ہیں کہ ابتدا میں آذر بائیجان نے آزاد ریاستوں کی دولت مشترکہ میں شمولیت نہیں کی تھی۔ اس کی افادیت کے متعلق لوگوں کو یقین دہانی کے لئے کئی ماہ صرف کئے گئے۔ رائے عامہ کو باور کرانے اور پارلیمنٹ سے منظوری حاصل کرنے کے لئے مربوط کوششیں کی گئیں۔ عوام کو اس بات پر آمادہ کرنا ضروری تھا کہ آذر بائیجان کو آزاد ریاستوں کی دولت مشترکہ میں شمولیت کرنی چاہیے۔ میں اس کے حصول میں کامیاب رہا۔

''میں سمجھتا ہوں کہ یہ اتحاد، یہ دولت مشترکہ نہایت اہم ہے۔ تاہم اسے صرف دولت مشترکہ یعنی آزاد ریاستوں کی دولت مشترکہ کے نام کے تحت ہی تمام تر رہنا چاہیے۔ میں نے آزاد ریاستوں کی دولت مشترکہ کے دائرہ کار پر بات چیت کے دوران یہ کہا تھا کہ ایک ایسی دولت مشترکہ کیلئے موثر طور کام کرنے کے لئے ضروری ہے کہ ایک طریق کار وضع کیا جائے لیکن اس سے ایک دوسرے کی آزادی کو نقصان نہیں پہنچنا چاہیے۔'' میں ایسی ہی ایک آزاد ریاستوں کی دولت مشترکہ کے حق میں ہوں۔ علی یونے روز اول سے ہی اس کے بنیادی ستون کو اپنے ہمسایہ ممالک، روس، ترکی، ایران، اور گرجستان کے ساتھ روابط بڑھانا قرار دیا۔ روس کے ساتھ مراسم کی نوعیت کی توضیح کرتے ہوئے انہوں نے خاص طور پر یہ کہا کہ ''روس اور آذر بائیجان کے دوطرفہ تعلقات کو میں بہت زیادہ اہمیت دیتا ہوں۔ بلاشبہ میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہمارے تعلقات نہ صرف آذر بائیجان بلکہ ہمارے آپس کی ضروریات کو پورا کرنے کی سطح پر ہونے چاہیں۔ میرے نزدیک یہ



ضروری ہے کہ ہمارے درمیان دوطرفہ تعلقات کو زیادہ بڑھانے کے لئے اقدامات کئے جائیں۔ روس ہمارا سب سے بڑا شریک کار، سب سے بڑا ملک ہے جس کے ساتھ آذر بائیجان صدیوں سے منسلک رہا ہے۔ آذر بائیجان کا یہ تعلق معیشت، سائنس، ثقافت اور تصادق کے شعبوں کے ساتھ ساتھ انسانیت کے رشتوں اور سب سے زیادہ انسانی بندھنوں پر قائم ہے۔ جب ہم سویت یونین میں شامل تھے تو اس بات پر کوئی تفریق یا امتیاز نہیں ہوتا تھا کہ آپ ماسکو، لینن گراڈ، اومسک، نووسی برسک یا باکو یا پھر کسی اور جگہ پر ہیں۔ یہ سب ایک واحد ملک تھا اور کئی دہائیوں اور برسوں تک ہم ایک ساتھ رہے۔۔۔ اور اب ان سب کا خاتمہ یا قطع تعلقی، یا پھر آذر بائیجان اور روس دونوں کے تعلقات کا ایسے ممالک سے موازنہ کرنا جو کبھی بھی سویت یونین کا حصہ نہیں رہے تھے نا ممکن ہے۔ ہم دوسو سال تک روس کے تنظیمی ڈھانچہ میں ایک ریاست کے طور پر رہے اور ان دوسو سالوں میں ہمارے رشتے ایک دوسرے کے ساتھ اس قدر مربوط ہوئے کہ ان کا توڑنا ممکن نہیں۔ اور اسکی ضرورت بھی نہیں ہے۔ اس کے برعکس اچھا ہوگا اگر اسی طرح کے رشتے کئی دوسرے ممالک سے بھی استوار کئے جاسکیں۔ روس کے ساتھ ہمارا ایک خاص رشتہ ہے۔

اقتصادی تعاون کے نقطہ نظر سے، علمی اور ثقافتی اقدار کے مبادلہ کی رو سے یا پھر عوام کے باہمی روابط کی برقراری کے پیش نظر روس اور آذر بائیجان کے تعلقات نہایت اہم ہیں''۔

اگر ہم صدر جمہوریہ کے غیر ملکی دوروں کی فہرست پر مزید نظر دوڑائیں تو بلاشبہ ماسکو یا پھر آزاد ریاستوں کی دولت مشترکہ کے کسی ملک کا نام ضرور دکھائی دے گا۔ آزاد ریاستوں کی دولت مشترکہ کے دائرہ کار میں کئے جانے والے ان دوروں میں قراباغ کی چپقلش کے پرامن حل کے سلسلہ میں کئے جانے والے تمام پیچیدہ اقدامات پر تبادلہ خیال کیا جانا اصولی طور پر شامل ہوتا تھا۔ علی یو ہر موقعہ پر عالمی برادری کو اس چپقلش کے حقائق سے مطلع کرتے رہے ہیں۔ چنانچہ انہوں نے بحیرہ اسود کی معاشی تعاون کی اسمبلی کے باکو میں منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے نہ صرف آپس کے تعاون کے امکانات کی جانب توجہ مبذول کرائی بلکہ اس کے ساتھ ہی قراباغ مسئلہ کا خاص طور پر ذکر کرتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ اس مسئلہ کا بحیرہ اسود کی وادی

بائیجان کے ایک پل کی نوعیت ہمیشہ سے تھی، ہے اور برقرار رہے گی اگرچہ پل کے نظریہ کی توضیح میں تبدیلی آ رہی ہے۔

اس سارے عرصہ میں آذربائیجان کی معاشی محصوری اور روایتی اقتصادی رابطوں کے ٹوٹ جانے کی کیفیت کے پیش نظر حیدر علی یو نے رسل ورسائل کے مسئلہ کے حل کے لئے ان تھک کوششیں کیں۔ ان خاطر خواہ کوششوں کے نتیجہ کے طور پر بحیرہ اسود کی وادی کے ممالک اور بحر کیسپیس کے ملکوں میں ایک دوسرے کے ساتھ سلسلہ رسل ورسائل قائم کرنے میں وہ کامیاب ہو گئے۔ اس سلسلہ میں انہوں نے چار ممالک بلغاریہ، رومانیہ، ترکمانستان اور جارجیا کے دورے کئے اور ترکمانستان اور ازبکستان کے صدروں کے باکو کے سرکاری دوروں کا اہتمام کیا اور بالآخر ماورائے کاکیشیا کی شاہراہ سے موسوم معاہدہ پر دستخط کئے گئے جس کی بدولت وسط ایشیا سے بحیرہ کیسپیس کے راستے آذربائیجان اور پھر وہاں سے بحیرہ اسود کی بندرگاہوں کو سامان کی نقل وحرکت کا اہتمام کیا گیا۔ ان سب واقعات کے ذکر کے ساتھ ساتھ یہ کہنا بھی مناسب معلوم ہوتا ہے کہ حیدر علی یو نے آذربائیجان کے اچھے محل وقوع سے استفادہ کے ساتھ ساتھ ایک تعمیری خارجہ پالیسی کے لوازمات سے کبھی دستبرداری نہیں کی۔ سب سے اول تو یہ کہ علی یو کی خارجہ پالیسی طویل المدت امکانات سے استفادہ حاصل کرنے پر مبنی ہے۔ اس پالیسی کا مقصد ملک کی تخلیقی قوتوں کو پوری طرح موقع فراہم کرنا ہے۔ یہ ایک سنجیدہ اور حقیقت پسندانہ پالیسی ہے جس کا مقصد دنیا کے تمام ممالک سے مساوانہ حقوق اور مفید باہمی تعلقات کو قائم کرنا ہے۔ علی یو ہر وقت تاریخی امکانات پر نظر رکھتے ہیں۔ اور کبھی بھی وقتی اور آنے والے کل کے مسائل کو طویل المیعاد اور آفاقی مقاصد پر حاوی نہیں ہونے دیتے۔

آذربائیجان کی بین الاقوامی تعلقات کے میدان میں پیش رفت سے حیدر علی یو کو پھر موقع حاصل ہو گیا کہ وہ آج کے تاریخی تناظر میں ملک کو درپیش سب سے اہم مسئلہ کے حل کے لئے عالمی جمعیت سے مختلف سطحوں پر روابط قائم کریں۔ اس ہمہ گیر مسئلہ کے مختلف پہلو تھے جس میں جمہوریہ کی علاقائی سالمیت کی بحالی، آرمینا کو قبضہ کردہ ۲۰ فیصد آذربائیجانی علاقہ سے پوری



طرح نکال دینا، دس لاکھ سے زائد پناہ گزینوں کی اپنے گھروں کو واپسی اور ان کے لئے سلامتی کی ضمانت فراہم کرنے والے ایک نظام کا قیام اور جارحیت کے نتیجہ میں پوری طرح تباہ شدہ شہروں اور گاؤں وغیرہ کی از سر نو تعمیر اور نقصانات کی تلافی کے پروگراموں کو پایہ تکمیل تک پہنچانا شامل تھا۔ اس وقت علی یو کے لئے ضروری ہے کہ وہ ملکی مفادات کو پیش نظر رکھتے ہوئے آذربائیجان کو عزت ووقار سے نہ صرف آرمیدیا آذربائیجان کی سنگین چپقلش سے نجات دلائے بلکہ اس کے ساتھ ہی ساتھ آذربائیجان کی علاقائی سالمیت کا تحفظ کرتے ہوئے امن قائم کرے۔ اس کے لئے صرف امن قائم کرنا کافی نہیں بلکہ امن برقرار رکھنا بھی ضروری ہے۔ یہ درپیش مسائل کا سب سے بڑا مسئلہ ہے۔ بنیادی طور پر وہ دوسروں کی نسبت ہمیشہ سے ہی آرمینی جنگجو پالیسی کی نوعیت کو بخوبی سمجھتے تھے اور خود آرمینی عوام پر بھی اس کے مضر اثرات کو مہارت کے ساتھ اجاگر کرنے میں کامیاب رہے۔ ان مسائل پر ان کا نظریاتی تصور ایک سیدھی سادھی حقیقت پر مبنی تھا۔ اور وہ یہ کہ ہمسایہ ہونے کے ناطے ہر دو قوموں کی تقدیر ایک دوسرے سے منسلک ہے اور اس بات کی متقاضی ہے کہ علاقائی تنازعات کی بجائے اچھے ہمسائیوں کی پالیسی کو اپنائیں۔ اس نقطہ نظر سے چپقلش کے تصفیہ کیلئے تمام تر پُر امن ذرائع کے استعمال کی راہ ہموار ہوتی ہے جس کے لئے بین الاقوامی امن کی قوتوں کو بھی مجموعی طور پر تقویت حاصل ہوتی ہے۔

وقت کا دھارا پوری قوت کے ساتھ رواں دواں ہے لیکن اپنے اس بہاؤ کا واضح تاثر ذہنوں پر چھوڑ جاتا ہے۔ اس حافظہ میں وقت سے منسلک وہ دستاویزات اور مواد ہوتا ہے جو کہ غیر جانبدارانہ تاریخ کی بنیاد ہوتی ہے۔ اگر ہم ان عظیم ریاستوں کی تاریخ جو کہ کبھی آذربائیجان کے علاقہ میں قائم ہوئی تھیں کا بغور مطالعہ کریں اور ۱۹۲۰۔۱۹۱۸ء کے دوران قائم شدہ پہلی آذربائیجان ڈیموکریٹک جمہوریہ کی خارجہ پالیسی کے تجربات کا جائزہ لیں تو ایک مربوط خارجہ پالیسی کے نظریہ کے خدوخال سامنے آ جائیں گے۔ حیدر علی یو موجودہ صورت حال کی توضیح کچھ اس طرح کرتے ہیں۔ ''آذربائیجان کی خارجہ پالیسی کا رہنما اصول دنیا کے تمام ممالک کے ساتھ سودمند باہمی تعلقات اور روابط کی بنیاد پر دوطرفہ طور پر استوار کرنا اور انہیں ترقی دینا ہے۔ اس سلسلہ میں ہم نے

کے امور سے متعلقہ حیدر علی یو کے سیاسی نصب العین کی تشکیل کلیتاً ایسے حالات میں ہوئی جبکہ انہیں تاریخ کے متحرک عمل میں دو مسائل کو پیش نظر رکھنا تھا۔ ان میں سے ایک آمریت کی زنجیروں کو توڑتے ہوئے جمہوریہ کی حقیقی آزادی کا حصول تھا اور دوسرا مسئلہ ہمسایہ ملک جمہوریہ آرمینا کی جارحیت کی وجہ سے خلل شدہ ملکی سالمیت کی از سر نو بحالی تھی۔

کسی ملک کی ترقی میں داخلی رجحانات ایک فعال خارجہ پالیسی کی تشکیل میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ یوں حیدر علی یو کے نصب العین کی بنیاد کئی ایک اصولوں پر مبنی تھی جس میں کہ قومی آزادی، قومی دفاع اور مختلف ممالک سے آزادانہ طور پر اتحاد شامل تھا۔

قومی آزادی کا نظریہ حیدر علی یو کی خارجہ پالیسی کی تمام مصروفیات میں سرفہرست تھا۔ اس عرصہ میں جب وہ آزاد ریاستوں کی دولت مشترکہ میں شمولیت کی ضرورت کا جائزہ لے رہے تھے تو انہوں نے یہ بات زور دے کر کہی کہ اس قسم کے اتحاد میں شمولیت کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہونا چاہیے کہ اس کا کسی ملک کی قومی آزادی پر کوئی منفی اثر ہو۔ وہ سمجھتے ہیں کہ ایک خود مختار جمہوریہ کا قیام معاشی طور پر مضبوط اور طاقت ور آذر بائیجان کو وجود میں لانے کے لئے محض ایک پہلا قدم ہے۔

وہ اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ قومی مفادات کا تحفظ یقینی بنانا ریاست کی ذمہ داری ہے۔ اسی صورت میں ہی کسی ریاست کو بقا کا حق ہے۔ اور وہ تباہی سے محفوظ رہ سکتی ہے۔

خارجہ پالیسی میں آزادانہ طور پر نقل و حرکت کے امکانات کا انحصار ہمیشہ اندرون ملک سماجی اور اقتصادی استحکام سے وابستہ ہوتا ہے۔ حیدر علی یو کی نظر میں اس استحکام کی اولین ضمانت صرف ایک مضبوط ریاستی طاقت دے سکتی ہے۔ ان کو یقین ہے کہ کسی قوم کی خوشحالی یا زوال کا انحصار اسی بات پر ہوتا ہے کہ ریاست کے پاس مطلوبہ قوت تھی یا نہیں۔ اس کو پیش نظر رکھتے ہوئے کسی حد تک یہ بات اعتماد کے ساتھ کہی جا سکتی ہے کہ کوئی ایسی حکومت جو آزادی سے محروم ہو چکی جائز تصور نہیں کی جا سکتی۔ حیدر علی یو کی نگاہ میں عالمی سیاست میں بنیادی اصول تاریخی حقائق اور قومی مفادات ہوتے ہیں۔ فی الحقیقت حیدر علی یو کی تقاریر اور بیانات ایک آزادانہ قومی دفاع جو کہ خارجہ پالیسی کے امور کیلئے ریڑھ کی ہڈی کی مانند ہو کے اصولوں کی توثیق کرتے ہیں۔ حقیقت یہ



ہے کہ اس وقت آذر بائیجان آزاد ریاستوں کی دولت مشترکہ میں واحد ایسی جمہوریہ ہے جس کے طول و عرض میں کسی غیر ملکی طاقت کا اڈہ نہیں ہے اور جو اپنی سرحدوں کی آزادانہ طور پر خود حفاظت کرتی ہے۔ یہ بلاشبہ حیدر علی یو کی خارجہ پالیسی کا ایک بہت بڑا کارنامہ ہے۔ آزاد پالیسی کا اولین تقاضہ مختلف فوجی بلاکوں میں شمولیت کے متعلق پالیسی وضع کرتے ہوئے ایک مخصوص طریق کار کو وجود میں لانا ہوتا ہے۔ ''امن کے نام پر تعاون'' بلاشبہ ایک عظیم سوچ ہے جو کہ حیدر علی یو کی امن پسندانہ پالیسی کی پوری طرح عکاسی کرتے ہوئے آذر بائیجان کے اس پروگرام کے دائرہ کار میں تعاون کے نظریہ کا کلی طور پر تعین کرتی ہے۔

آذر بائیجان کی خارجہ پالیسی کے بنیادی سٹریٹیجک مقاصد کو تشکیل دینے کے باوجود حیدر علی یوان کو بغیر غور و فکر اور عجلت کے ساتھ عملی جامہ پہنانے کے لئے تیار نہ تھے۔ وہ ہمیشہ طے کردہ مقصد کے حصول کے لئے طریق کار کے مسئلہ کو بڑی اہمیت دیا کرتے تھے۔ درحقیقت اپنے سرکاری دوروں کے عرصہ میں دیئے گئے ان کے تمام بیانات میں قومی مفادات سے گہری وابستگی کی پالیسی کی بخوبی وضاحت ہوتی تھی۔

آذر بائیجان کی آزادی کے حصول سے نئی خود مختار ریاست کی خارجہ پالیسی کے رجحان، نوعیت اور مقاصد کے لئے ایک بہت بڑا چیلنج تھا۔ اگرچہ عملی ڈپلومیسی کے اقدامات کے لئے اور کسی نظریاتی و فکری سوچ کو فوری طور پر بروئے کار لانے کی چنداں ضرورت نہ تھی تاہم ایک مربوط خارجہ پالیسی کی تشکیل اور پیش آنے والے مسائل کے بہاؤ میں ہم آہنگی پیدا کرنا مشکل کام تھا۔ اس صورت حال کو پیش نظر رکھتے ہوئے آذر بائیجان کی خارجہ پالیسی تعین کرنے والے حیدر علی یو اس وقت ہم آہنگی پر مبنی ایک خارجہ پالیسی کو وضع کر چکے ہیں۔ ایک اچھے معمار کی طرح وہ یقیناً تسلسل کے اصولوں پر عمل کرتے ہوئے، ماضی کی خارجہ پالیسی کے رخ کو پیش نظر رکھتے ہوئے، جمہوریہ کے جغرافیائی و سیاسی محل وقوع سے پورا استفادہ اٹھانے کو بخوبی سمجھتے ہیں۔

اس کے ساتھ ہی ساتھ علی یو آذر بائیجان کو مشرق و مغرب کو ایک دوسرے سے منسلک کرنے والا محض ایک پل ہی نہیں بلکہ اس سے کہیں زیادہ اہم شکل دینا چاہتے تھے۔ بلاشبہ آذر

چپقلش کے سلسلہ میں بیان دیتے ہوئے یہ کہا کہ ''ہم پُر امن آبادی پر تشدد کا شکار ہونے والوں سے ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں اور پناہ گزینوں کی ہر طرح سے امداد کریں گے۔ امن اور سلامتی کے اصولوں کی پیروی کرتے ہوئے ہم ملکی سرحدوں میں تغیر و تبدل کی خاطر اسلحہ کا استعمال یا شدت کی کاروائیوں کو قبول نہیں کرتے۔ ہم آزادی اور حاکمیت اعلیٰ کی بطور ایک حق حفاظت کے خواہاں ہیں اور ناگورنو قرا باغ چپقلش کے پرامن حل کی تلاش کے لئے یورپی کونسل برائے سلامتی اور تعاون ECSC کے دائرہ کار میں ایک بین الاقوامی کانفرنس کے انعقاد کا مطالبہ کرتے ہیں''۔

صدر آذربائیجان نے اپنے جواب میں آذربائیجان کی امداد کے سلسلہ میں صدر فرانس کے مخلصانہ کلمات کا شکریہ ادا کیا۔

حیدر علی یو کا فرانس کا دورہ نہایت اہم تھا۔ فرانسیسی زبان کے ایک مقولہ کے مطابق فرانس کا کوئی دوست یا دشمن نہیں صرف مفادات ہیں۔ دونوں ممالک کے دستخط کردہ سمجھوتوں کے دائرہ کار میں معاشی تعاون کی ضرورت واضح تھی۔ فرانسیسی تاجران کے قومی مرکز کے صدر مائیکل فریش نے اپنے بیان میں کہا کہ '' آذربائیجان جمہوریہ کے سربراہ کا ہمارے ملک کا یہ پہلا دورہ ہے اسلئے ہم اسے بہت اہمیت دیتے ہیں۔ یہ دورہ آذربائیجان کے اہم ممالک کے ساتھ تعلقات کی ایک کڑی ہے اور آرمینا اور آذربائیجان کے درمیان چپقلش کو ختم کرنے کے ذرائع کی تلاش میں ان سے تعاون کے تناظر میں دیکھی جا سکتی ہے۔ فرانس اس چپقلش کا پُر امن حل چاہنے کے ساتھ ساتھ دوسرے فریق کی جانب سے آذربائیجان کے خلاف کوششوں کا بھی مخالف ہے۔ اس چپقلش کے منصفانہ حل کی امید کرتے ہوئے ہم فرانس اور آذربائیجان کے درمیان دستخط کردہ دوستی، باہمی مفاہمت اور تعاون کے معاہدہ پر خوشی کا اظہار کرتے ہیں۔ جناب صدر آپ کے ملک میں مختلف پروجیکٹوں پر کام کرنے والے یا تعاون کے خواہاں اداروں اور فرموں کے نمائندگان آپ کے سامنے موجود ہیں۔ ہمارا ملک آپ کا بہت اچھا شریک کار ہو سکتا ہے۔ فرانس توانائی، مواصلات اور کپڑے کی مصنوعات کے میدان میں ترقی یافتہ ہے۔ ہمارے پاس اعلیٰ ٹیکنالوجی میں مہارت رکھنے والے افراد موجود ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ آذربائیجان پر ہمیں پورا اعتماد ہے۔ ہم اسکی



طویل صنعتی تاریخ سے متاثر ہیں اور اس بات سے بخوبی واقف ہیں کہ صدی کے شروع میں دنیا بھر میں پیدا ہونے والے تیل کا نصف باکو کا حصہ تھا۔ ہم آذربائیجان کی معاشی ترقی کے امکانات پر یقین رکھتے ہیں جس کے پاس قدرتی ذرائع وافر مقدار میں موجود ہیں''۔

حیدر علی یو کے دورہ فرانس سے ایک مرتبہ پھر یہ بات عیاں ہوگئی کہ آذربائیجان اپنی حاکمیت اعلےٰ کے سلسلہ میں کس قدر شدید معاشی اور اطلاعاتی بندشوں سے دوچار ہے۔ فرانسیسی تاجران کے ساتھ تعاون کے تمام پہلوؤں پر بات چیت کے دوران حیدر علی یو نے یہ اعلان کیا کہ '' آپ سب کو اس بات کا یقین ہونا چاہیے کہ ہم آزاد بازاری تجارت کی ترقی کے راستہ پر گامزن ہیں جو کہ منڈی کی معیشت کی راہ ہے۔ فرانس کے کاروباری حلقوں کو بلاشبہ یہ معلوم ہونا چاہیے کہ ہم تمام دنیا کیلئے ایک کھلی منڈی ہیں اور ہم متمدن طور پر تعاون کو ترقی دینا چاہتے ہیں۔ تمام غیر ملکی سرمایہ کاری ریاست کے زیر کنٹرول ہوگی''۔

حیدر علی یو نے آذربائیجانی عوام کے لئے ترقی کے نئے افق وجود میں لانے کی کوشش کی۔ اس سلسلہ میں انہیں کسی حد تک ایک ایسی صورت حال سے دوچار ہونا پڑا جسے ۲۴ سال پہلے انہوں نے حل کرنا ضروری سمجھا تاہم اگرچہ یہ صورت حال کئی لحاظ سے پہلے سے بہت مختلف تھی۔ انہوں نے اپنے وسیع تجربے اور حقیقت پسندانہ اصولوں کی بدولت ان حالات میں صحیح رہنمائی کے عمل کو مہارت کے ساتھ بخوبی اپنایا اور کبھی جلد بازی سے کام نہ لیا۔

درحقیقت ان کے برسر اقتدار آنے کے ساتھ ساتھ ملک کی خارجہ پالیسی میں ایک لازمی تبدیلی کا عمل بھی شروع ہوگیا تھا۔ خارجہ پالیسی کے میدان میں ان کی لیڈرشپ یکتا ہے اور یہ معاملہ حکومتی حلقوں میں زیر بحث نہیں لایا جاتا۔ اگرچہ خارجہ امور سے متعلقہ بعض دستاویزت کا پارلیمنٹ جائزہ لیتی ہے۔ تاہم اہم ترین فیصلے حیدر علی یو بذات خود کرتے ہیں۔ ڈپلومیسی، قومی دفاع اور آرمینا، آذربائیجان کی چپقلش کے تصفیہ سے ملتے جلتے قومی پالیسی کے مسائل تمام تر صدر کے دائرہ کار میں ہیں۔ حیدر علی یو ان موضوعات پر پالیسی کی تشکیل نہیں کرتے تاہم وہ بنیادی رخ اور انکی تکمیل کے ادوار کا تعین کرنے کے ساتھ ساتھ اس کی شروعات کرتے ہیں۔ خارجہ پالیسی

جاری رہا۔ تصور یہ کیا جارہا تھا کہ معیشت کے فالج کی کیفیت سے نکلنے کے لئے ضروری ہے کہ اس میں تیزی پیدا کی جائے۔ نومبر کے اختتام اور دسمبر کے ابتدائی ہفتوں میں مختلف ممالک کے سفیروں کی سرکاری طور پر ملک میں آمد ہوئی۔ ان سفیروں میں برطانیہ عظمیٰ کا اعلیٰ اختیاراتی سفیر مرخس تھامس ینگ، جمہوریہ کوریا کا سوکو کیم، شاہ ناروے کا سوین ستیری، ہندوستان کا بجندر سنگھ، جموریہ جنوبی افریقہ کا کارنیلیس یعقوب، شاہ ہالینڈ کا آیاں حوراک اور کینڈا کا پیٹر جینکوپ شامل تھے جنہوں نے اپنے کاغذات نامزدگی صدر آذربائیجان کو پیش کئے۔

۱۲۔۱۱ دسمبر: حیدر علی یو نے محاذ جنگ کے علاقوں کا ایک خصوصی دورہ کرتے ہوئے ایمیشلی، فضولی، بک لگاں اور شمکیر کا دورہ کیا۔ اس دورہ کا مقصد صورت حال کے بارے میں معلومات کے علاوہ فوج اور پناہ گزینوں سے بھی ملاقاتیں تھیں۔ مخصوص خطائی ملاقاتیں گنجا اور اغاجابیدی میں کی گئیں جن کے دوران پناہگزینوں کے انتظامی امور پر غور وخوص کیا گیا۔

اس دوران آرمینا ہر طرح کے پروپیگنڈا کا سہارا لے کر اقوام عالم کو یہ تاثر دینے کے لئے کوشاں تھا جیسے کہ قراباغ کے آرمینی اپنی فوجی کاروائیوں کی بدولت آذربائیجان کے علاقوں پر قابض ہوئے ہیں۔ اس لحاظ سے حیدر علی یو کی جرمنی کی پارلیمنٹ کے ممبر اور کاکیشا سے متعلقہ کمیشن کے چیرمین ولی دیمر سے ملاقات کے دوران گفت وشنید بے حد اہمیت کی حامل تھی۔ حیدر علی یو نے اپنے فرانس کے دورہ سے پہلے فرانس کے اعلےٰ اختیاراتی سفیر مرخس برائے آذربائیجان جین پیرن سے ملاقات کی۔ اس دورہ کی ابتدا سے حیدر علی یو نے اپنی خارجہ پالیسی کے نظریہ کو بتدریج عملی جامہ پہنانا شروع کردیا۔



# قومی تعمیر نو

ہمیں انفرادی اور قومی سطح پر متوقع قربانیوں کے لئے تیار رہنا چاہیے۔ وہ لوگ جو امتیازات کو اصولوں پر ترجیح دیتے ہیں جلد ہی دونوں سے محروم ہو جاتے ہیں۔ ڈوائٹ۔ ڈی۔ آئزن آور۔ پہلی افتتاحی تقریر۔

حیدر علی یو نے بطور صدر آذربائیجان فرانس کا پہلا غیر ملکی دورہ کیا۔ ۱۹ دسمبر ۱۹۹۳ء کو انہوں نے اپنے سرکاری دورہ کی ابتدا کی۔ ۲۰ دسمبر کو ایلیسی قصر میں منعقد ہونے والی ایک تقریب میں علی یو نے دوستی، باہمی مفاہمت اور تعاون کے معاہدہ کی سرکاری دستاویز پر دستخط کئے۔ ملاقات کے دوران فرانس کے صدر میتراند نے اپنے خطاب میں یہ کہا کہ ''چونکہ ہماری ملاقاتیں شاذ ونادر ہی ہوتی ہیں۔ اس لئے ہمیں خوشی ہے کہ باہمی مسائل پر بات چیت کرنے کا موقعہ میسر آیا ہے۔ آج ہم یہاں دو دستاویزات پر دستخط کرنے کے لئے جمع ہوئے ہیں۔ ان میں سے ایک پیرس کا چارٹر ہے جبکہ دوسری دستاویز دوستی، باہمی مفاہمت اور تعاون کا معاہدہ ہے۔ پیرس کا چارٹر نئے یورپ کیلئے ایک اہم دستاویز ہے۔ چارٹر میں شمولیت اور اس دستاویز پر آپ نے دستخط کر کے سلامتی اور تعاون کیلئے اقوام متحدہ کے چارٹر کے اصولوں سے اپنی وابستگی کی توثیق کردی ہے۔ آپ ہمیشہ فرانس کو اپنے قریب پائیں گے۔ ہم سب کو امن درکار ہے اور فرانس اسے آپ کے علاقہ میں قائم کرنے میں مدد کیلئے حاضر ہے''۔

روایات کے اعتبار سے فرانس کو ہمیشہ ایک ایسا ملک سمجھا جاتا ہے جہاں پر کہ آرمینی تارکین الوطن کی بڑی تعداد پائی جاتی ہے۔ سویت دور کے سرکاری احکامات کے مطابق فرانس میں سفیر کے نائب ہمیشہ آرمینی ہوا کرتے تھے۔ سلواں کپوتی کیاں کہاں اپنی کتاب ''کارواں ابھی راستے پر ہیں'' میں پیرس میں آرمینی تارکین وطن کی جانب سے دی جانے والی خوش آمدید کا ذکر کرتی ہیں۔ اس ضمن میں خاص اہم بات یہ تھی کہ صدر فرانس نے آرمینا اور آذربائیجان کی

اپنی پیٹھ پر باندھ کر دریائے اراک کو عبور کرنے کے بعد اس کے دوسرے کنارے پر اپنے یخ بستہ بچے کو دوبارہ زندہ کرنے کے لئے کوشاں ہو۔

تاہم حیدر علی یو کی یہ تقریر ''اسکی عوام سے اپیل'' محض حقائق کو بیان کرنے پر مبنی نہ تھی۔ اس تقریر میں آذر بائیجان کی آزادی کے حدف اور مقاصد کے اعلان میں شامل ایک موثر فوج کی تشکیل کی ضرورت کے متعلق پہلی مرتبہ ایک سخت بیان دیا گیا تھا۔

بحر حال یہ ایک افسوس ناک بات ہے کہ جب کبھی سیاسی قوتیں ایک دوسرے کے خلاف صف آرا ہوتی ہیں تو ان کی پوری کوشش ہوتی ہے کہ ان کے مخالفین سیاسی میدان میں نہ آسکیں اور اس لحاظ سے انہیں دفاعی نظریہ کے نشو و نما سے کوئی دلچسپی نہیں ہوتی۔ فوج کی تقسیم کا عمل جاری تھا اور جس تنظیم کو ایک فوج کی حیثیت حاصل ہونی چاہیے تھی وہ زیادہ تر جداگانہ فوجی لیڈروں کے زیر کمان تھی۔ حیدر علی یو نے اپنے خطاب میں ایک مرتبہ پھر جون کے واقعات کا ذکر کرتے ہوئے اسے اقتدار کے بحران سے موسوم کیا جو کہ جمہوریہ کے لیڈران کی شدید سیاسی غلطیوں کی وجہ سے وجود میں آیا تھا۔ جون کے بحرانی دنوں میں بھی فوج نے تنظیم نو کی بنیادی ضرورت کو پوری سنجیدگی کے ساتھ محسوس نہیں کیا تھا اور نہ ہی لیڈر شپ اس بات کو پوری طرح سمجھ پائی تھی۔ حیدر علی یو نے افواج کی دل شکن شکست سے نہ صرف عسکری سبق سیکھنے بلکہ اخلاقی نتائج اخذ کرنے کی ضرورت کو بخوبی محسوس کیا۔ انہوں نے فوج کی تشکیل نو اور اسکی دفاعی صلاحیت کو بہتر بنانے کیلئے ایک ٹھوس پروگرام کا ذکر کیا۔ پناہ گزینوں کی بہت بڑی تعداد جو کہ کھلے آسمان کے نیچے بغیر چھت اور خوراک رہ رہی تھی انکو آباد کرنے کے مسئلہ پر خاص توجہ دی گئی۔ آخر میں انہوں نے جمہوریہ کی تمام سیاسی قوتوں اور سب لوگوں کو اپنی ترجیحات، ہمدردیاں، محبتوں اور نفرتوں کو بیچ میں لائے بغیر، جارحیت کا مقابلہ کرنے کے لئے متحد ہو جانے کو کہا۔ علی یو نے مقبوضہ علاقوں کے نمائندگان سے ملاقات کی خواہش کا اظہار کرتے ہوئے ان تمام لوگوں کو جو تاریخی لحاظ سے اس خطہ سے وابستہ تھے اس علاقہ کے پناہ گزینوں کی امداد کی انکی مہم کو آگے بڑھانے میں مدد کی درخواست کی۔ اپنے خطاب کے بعد مزید ملاقاتوں کے دوران ان مسائل پر بحث جاری رہی جن



کا ذکر انہوں نے اپنی تقریر میں کیا تھا۔

حیدر علی یو نے سپاہیوں اور بین الاقوامی شخصیتوں سے ملاقاتیں کیں، فوجی دستوں کا دورہ کیا، مختلف انسان دوست اور بین الاقوامی تنظیموں کے نمائندگان جو کہ اس مشکل صورت حال میں آذر بائیجان کی مدد کرنے کے قابل تھے، ان سے بات چیت کی۔

۷ انومبر: ایک خصوصی ملاقات کا اہتمام کیا گیا، ایک ایسی ملاقات جو کہ آذر بائیجان کی سیاسی زندگی میں خاص اہمیت کی حامل تھی۔ تمام پارٹیوں اور عوامی تحریکوں کے نمائندگان کو بحث و مباحثہ کے لئے ایک گول میز کانفرنس کی دعوت دی گئی جس کا واحد موضوع قراباغ کے سلسلہ میں مستقبل کے لائحہ عمل کا تعین تھا۔ سوال یہ تھا کہ کیا آذر بائیجان اپنی فوجی قوت میں مزید اضافہ کرتے ہوئے جارحیت کو پیچھے دھکیلنے کی کوشش کریگا۔ یا پھر ہم امن مذاکرات کے طویل اور مشکل راستہ کو اختیار کریں گے۔

تاہم اسی عرصہ کے دوران بھی تیل کے معاہدہ کیلئے ضروری تیاریوں کا محنت طلب کام جاری رہا۔ اس کا واضح ثبوت ریاستہائے متحدہ امریکہ کے نائب وزیر توانائی ولیم وہائٹ اور وفاق روس کے وزیر ایندھن اور بجلی یوری شفرانک سے مذاکرات کا بدستور جاری رہنا تھا۔

جنگ اور معاشی بحران میں مبتلا ایک ملک کے لئے اصولی طور پر سب سے بڑا مسئلہ خوراک کا ہوتا ہے۔ ایک طرف تو آزاد معیشت کو منتقلی کے عمل کا ایک بنیادی مقصد خوراک اور ایندھن کی قیمتوں کو بندشوں سے آزاد کرانا ہوتا ہے جبکہ دوسری جانب پناہ گزینوں کی بڑی تعداد میں موجودگی سے اور آبادی کے بیشتر حصے کا غربت کے خط سے نیچے زندگی گزارنے کی وجہ سے اس میدان میں عام طور پر کوئی ٹھوس اقدامات نہیں اٹھائے جاسکتے۔

اس سلسلے میں بھی حکومت، نا قابل مفاہمت مسائل پر بھی مفاہمت کی آرزو کرتے ہوئے، ضروری تدابیر پر عمل کر رہی تھی اور بحالت مجبوری ضرورت مند خاندانوں کو معاوضہ تقسیم کرنے کی عارضی پالیسی پر گامزن تھی۔ اس تناظر میں منعقدہ اجلاسوں میں جمہوریہ کی معیشت میں بغیر تکلیف کے آزاد منڈی کی معیشت میں منتقلی جو کہ آئندہ کا معمول ہونی تھی، پر بحث و مباحثہ

کئی فوری حل طلب مسائل بھی پیدا ہوئے جن کے لئے فوری فیصلے درکار تھے اور محاذ جنگ پر صورت حال پیچیدہ رہی۔ جدا جدا غیر مربوط اور کم تربیت یافتہ فوجی دستوں کو ایک باقاعدہ اور مضبوط فوج کی صورت میں لانے کا عمل کبھی بھی بہت آسان کام نہیں ہوتا اور اس کے لئے ہمیشہ وافر معاشی اور انسانی ذرائع کی ضرورت ہوتی ہے۔

۲ نومبر : حیدر علی یونے عوام سے خطاب کرتے ہوئے اپیل کی کہ ان دنوں ہم میں سے ہر ایک کو مادر وطن کا سپاہی بننا ہے۔ اپنے طویل خطاب میں انہوں نے قدیم تاریخی اور حالیہ دنوں کے واقعات کا سلسلہ وار تجزیہ کیا۔ درحقیقت یہ ان کا اپنے ہم وطنوں سے اس طرح کا پہلا براہ راست نشری خطاب تھا۔ خطاب کی ابتدا اس تشویشناک بیان سے ہوئی کہ جارحیت کرنے والوں نے ہماری جمہوریہ کی سرحدوں کی متواتر خلاف ورزی کرتے ہوئے کچھ حصوں میں داخل ہو کر فی الوقت ان پر قبضہ کرلیا ہے۔ ”گزشتہ ہفتوں کے دوران آذر بائیجان کے کچھ علاقوں میں جن میں کہ آرمینا سے متصل علاقے بھی شامل ہیں صورت حال تشویشناک ہوچکی ہے اور آرمینا کی مسلح افواج کے جارحانہ حملوں میں شدت آگئی ہے۔ اس کے نتیجہ میں فضولی کا جنوبی حصہ اور جبریل کی بستیاں اور گاؤں تباہ و برباد ہوچکی ہیں۔ بعد ازاں انہوں نے زنگلاں کے علاقہ پر حملہ کر کے اس پر بھی قبضہ کرلیا۔ ان حالات نے عوام کے امن اور آذر بائیجان کی ملکی سلیت کو گہرے طور پر متاثر کیا ہے۔ کئی لوگ جان سے ہاتھ دھو بیٹھے اور بہت سے زخمی ہوئے اور ہمارے ہزارہا ہم وطن گھر بار سے محروم کئے جانے کی وجہ سے پناہ گزینوں کی زندگی بسر کرنے پر مجبور ہو گئے ہیں۔ اس کے علاوہ ہمارے لوگوں کی ایک بڑی تعداد کوئی اور چارہ نہ پاتے ہوئے دریائے اراک کو عبور کر کے ایرانی علاقہ میں داخل ہو گئے اور صرف اس طرح وہاں سے گذر کر جمہوریہ آذر بائیجان کے دوسرے خطوں اور علاقوں میں منتقل ہونے میں کامیاب ہو پائے“۔

اس دردناک دور میں پناہ گزینوں کی تعداد دس لاکھ سے بھی تجاوز کر گئی۔ ان ہولناک دنوں کے دوران گرفتار کئے جانے والے یا لاپتہ افراد کی تعداد کا تخمینہ تا حال جاری ہے کیونکہ پُرامن آبادی کے لئے یہ انتہائی مشکل ہوتا ہے کہ وہ شدید فوجی پیش قدمی کے مقابلہ میں کوئی خاطر



خواہ مزاحمت کرسکیں یا اپنی جانیں بچاسکیں۔ سب سے افسوسناک حقیقت یہ تھی کہ آرمینی افواج کی پیش قدمی جنگ بند کرنے کے سمجھوتہ کے بعد پیش آئی جبکہ یہ سمجھوتہ ۵ نومبر ۱۹۹۳ء تک جاری رہنا تھا۔ جنگ بندی کے سمجھوتہ کی پہلی خلاف ورزی ۱۰ اکتوبر کو ہوئی جس روز کہ آذر بائیجان کے صدر نے اپنا عہدہ سنبھالا۔ خلاف ورزی کے دوسرے دور کی ابتدا اس روز ہوئی جبکہ صدر ایران ہاشمی رفسنجانی نے آذر بائیجان کا سرکاری دورہ شروع کیا۔ اس سلسلہ میں منعقدہ مذاکرات کا کوئی نتیجہ بر آمد نہ ہوا۔ شدید مزاحمت کے باوجود آذر بائیجانی افواج اور سول عوام کو اپنے اس علاقہ سے پیچھے ہٹ کر اسے ترک کرنے میں مجبور ہونا پڑا۔ اس علاقہ میں آرمینی افواج کی پیش قدمی اور خوجہ علی کے سانحہ کا ایک دلخراش واقعہ ثبوت کے طور سب کے سامنے ہے۔ اپنا آبائی وطن ترک کرنے والے موت سے ہرگز نہیں گھبراتے۔ ان میں سے کئی ایک آج یہ شکایت کرتے ہیں کہ وہ محض جسمانی طور پر زندہ ہیں اور یہ کہ اللہ تعالیٰ نے جتنے سانس ان کی قسمت میں لکھے ہیں وہ لینے پر مجبور ہیں۔ اخلاقی اور روحانی طور پر وہ اسی روز ختم ہو گئے تھے۔ جب جارحین نے ان کی زمین پر قدم رکھے، ان کے گھروں کو انکی آنکھوں کے سامنے تباہ کر دیا اور ان کے عزیز و اقارب اور اہل خانہ کو قتل کر دیا۔ موت برحق ہے اور ان میں سے ہر ایک عزت و وقار کے ساتھ اسکو گلے لگانے کے لئے تیار۔ وہ موت سے نہیں، بے حرمتی سے خوف زدہ تھے۔ بیسویں صدی میں پیش آنے والے خوجہ علی کے سانحہ نے تمام دنیا کے سامنے اس سے پہلے کبھی نہ دیکھے جانے والی بربریت کی وحشیانہ مثال پیش کی جس میں نوجواں لڑکیوں کی والدین اور بھائیوں کے سامنے بے حرمتی، لاشوں کو مسخ کرنے بچوں کو بدحواس ماؤں کی نظروں کے سامنے تیل ڈال کر جلائے جانے کے ہولناک واقعات شامل تھے۔ آج پناہ گزینوں کے ہر کیمپ میں ان دنوں سے متعلقہ سانحہ کے چھوٹے بڑے واقعات زبان زد عام ہیں۔ یہ کہنا مشکل ہے کہ متاثرہ لوگ کیونکر اپنی اہلیت اور قوت بیان کو بروئے کار لاتے ہوئے اپنی تحریروں میں ان ہولناک واقعات کی عکاسی کرسکیں گے یا ان کے تمام غم اور تکالیف کو ڈراموں اور فلموں میں پیش کیا جاسکے گا۔ کون ہے جو اپنی خشک مطبوعات کی زبان میں یا پھر جذبات سے بھرپور شعروں میں اس ماں کے احساسات کو قلمبند کرسکے جو کہ اپنے بچے کو

نے اس اجتماع کو ایک مخصوص جذباتی رنگ دیا۔ موسیقی کے پروگرام میں سیول علی یو کا اپنی والدہ ظریفہ خانم علی یوہ کی یاد میں تحریر کردہ نغمہ جسکا پیش لفظ ''محبوبہ'' تھا پیش کیا گیا۔

ایک روز بعد آذر بائیجان میں متعین غیر ملکی سفارت کاروں اور مختلف بین الاقوامی تنظیموں کے نمائندگان کو صدر جمہوریہ سے متعارف کرانے کے لئے ایک سرکاری تقریب کا انعقاد ہوا۔ علاوہ ازیں حیدر علی یو نے یورپی کونسل برائے سلامتی اور تعاون ECSC کے نمائندہ وفد، وفاق روس کے اول نائب وزیر خارجہ انا طولی آدمیشین اور آذر بائیجان میں کام کرنے والے کاروباری حلقوں کے نمائندگان سے ملاقات کی۔ درحقیقت صدر نے اپنے فرائض منصبی کی ادائیگی کے پہلے دن کے موقعہ پر ہی آئندہ کام کے بنیادی رخ کا تعین کر دیا تھا۔ انہوں نے پہلے ہی روز عملی طور پر بغیر کوئی وقفہ دیئے قراباغ کی چپقلش کو حل کرنے کے لئے ان تھک کوششیں شروع کر دیں۔ یہ کوششیں کئی سطحوں پر تھیں جن میں بعض مرتبہ بڑے بڑے وفود، وسیع اور محدود حلقوں اور کبھی کبھی ایک ایک سے ملاقاتیں اور مباحثے شامل تھے۔ ان سب کا واحد مقصد قراباغ کی چپقلش اور اسکے حل کے طریقوں کی تلاش تھی۔ انہوں نے اپنی ان تھک کوششوں میں سفارت کاروں سے ملک کے اندر اور غیر ملکی دوروں کے عرصہ میں ملک سے باہر روابط قائم کیئے اور خارجہ پالیسی کے نظریات کو ان سے ہم آہنگ کیا۔ اس کے ساتھ انہوں نے جمہوریہ کی معیشت کے مسائل میں دن رات گہری دلچسپی لی اور اسکے پیچیدہ مسائل کے حل کی نشاندہی کی تا کہ ملک اقتصادی ابتری سے خوشحالی کی جانب گامزن ہو سکے۔ یہ سب کچھ انہوں نے اپنی صدارت کے ابتدائی ایام میں ہی مرتب کر لیا تھا۔ ذہنی طور پر اگر ہم ان کی کاروائیوں کے صفحات پلٹیں تو ان کی صدارت کے ابتدائی ایک صد ایام کی مصروفیات کے جائزہ سے یہ پہلو بخوبی عیاں ہو جائیں گے۔

۱۲ اکتوبر: حیدر علی یو نے ''اموکو'' کے سربراہ رابرٹ بلنٹنا اور برطانیہ عظمٰی کے وزیر مملکت برائے دولت مشترکہ اور امور خارجہ ڈگلس ہوگ سے ملاقات کی اس روز سے آذر بائیجان کے لئے راہ ہموار ہو گئی کہ ''صدی کے سمجھوتے'' کے نام سے موسوم آزاد آذر بائیجان کی تاریخ میں پہلے تیل کے سمجھوتہ پر دستخط کئے جا سکیں۔



حیدر علی یو ملکی سیاست میں ایک مرتبہ پھر لوٹ آنے کے پہلے دن سے ہی امریکی کانفرنس کی ایک قرارداد کی رو سے آذر بائیجان کی امداد پر بندش سے نہایت فکرمند تھے۔ اس سلسلہ میں ۱۳ اکتوبر کو ان کی آزاد مملکتوں کے لئے امریکی امداد کے رابطہ کار تھامس سائمن سے ملاقات اہم تھی۔

۱۴ اکتوبر: حیدر علی نے دن کی ابتدا شہیدوں کی شاہراہ پر جا کر اس پر واقع ان کے مزاروں پر پھول چڑھانے سے کی۔

۱۸ اکتوبر: آذر بائیجانی عوام کی تاریخ میں ایک خاص دن تھا۔ اس روز آذر بائیجان جمہوریہ کے ایک آزاد مملکت ہونے کے اعلان کے ساتھ آئینی طور پر اس کے سوویت سوشلسٹ جمہوریتوں کی یونین کی حیت عمومی سے اخراج عمل پر آیا۔ عام تعطیل کے اس موقع پر حیدر علی یو نے آذر بائیجانی عوام کو مبارکباد دی۔ بعدازاں انہوں نے دنیا کے نامور معیشت دانوں اور داغستان جمہوریہ کی چیدہ ہستیوں کے نمائندگان سے ملاقاتیں کیں اور ان سے کاروباری بات چیت کی۔

۲۶ اکتوبر: سویڈن کے وزیر خارجہ اور یورپی کونسل برائے سلامتی اور تعاون ECSC کے اضافی چیئرمین مارگریٹ اگلاس کی باکو میں آمد پر قراباغ اور پناہ گزینوں کے مسائل پر ایک مرتبہ پھر بات چیت کی گئی تاہم اس کا کوئی خاطر خواہ نتیجہ برآمد نہ ہو سکا۔

۲۷ اکتوبر: اسلامی جمہوریہ ایران کے صدر علی اکبر ہاشمی رفسنجانی نے آذر بائیجان کا سرکاری دورہ کیا۔ اس معزز مہمان کے ہمراہ حیدر علی یو نے علوم کی اکادمی جا کر دانشوروں اور سائنسدانوں سے ملاقات کی۔ اکادمی نے اس موقعہ پر رفسنجانی کو جمہوریہ کے اعلیٰ ترین علمی ادارے کی جانب سے اعزازی ممبر کا خطاب عطا کیا۔ بعدازاں انہوں نے باکو کنڈیشنر فیکٹری اور ''آذری نفط آئیل'' کارخانہ کا معائنہ کیا۔ اسی روز مذاکرات کے اختتام پر دونوں راہنماؤں نے ایک مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کیا۔ انہی ایام میں صدر کو نئے سفیروں کے کاغذات تقرری پیش کرنے اور ان سے ملاقات کرنے کا عمل جاری رہا۔ علاوہ ازیں صدارتی انتظامیہ کے تقرر اور روزمرہ کے محنت طلب کام اور کاروباری ملاقاتیں جاری رہیں۔

بیان کرتے ہوئے کہا کہ گنجا کے عارضہ نے بین الاقوامی تعلقات کو غیر متوازن کرنے کے نتائج پیدا کئے ہیں۔ حیدر علی یو نے اپنی تقریر کے دوران خارجہ سیاسی سرگرمیوں کے عام پہلوؤں پر روشنی ڈالتے ہوئے ان کے آئندہ فروغ کے سلسلہ میں بنیادی رخ کا بھی تعین کیا۔ تقریر کے اختتام پر انہوں نے قومی یکجہتی اور اتفاق رائے کی درخواست کی۔

حالت کے بہاؤ کا رخ کچھ اس طرح جاری رہا کہ صورت حال پر بدستور قابو رکھنے میں ناکامی کا خدشہ پیدا ہو گیا۔ حیدر علی یو نے ۱۸ جون ۱۹۹۳ء کو اسمبلی کے ایک اور ہنگامی اجلاس میں نمائندگان کو بتایا کہ گزشتہ دو روز کے دوران اغدم کے علاقہ میں شدید جھڑپیں ہوئی ہیں اور صورت حال انتہائی سنگین ہے۔ آرمینا کی مسلح افواج آگے بڑھ رہیں ہیں اور ہماری جانب پر شدید نقصانات ہوئے ہیں۔ اس اجلاس کے دوران ہی ووٹ ڈالے گئے جس میں کہ حیدر علی یو کو قومی اسمبلی کے چیرمین کے عہدہ پر منتخب کیا گیا۔

گنجا اور اغدم میں پیش آنے والے واقعات ایک سانحہ سے کم نہ تھے لیکن قومی اسمبلی کا اجلاس منعقد کرنے کی اصل وجہ یہ حقیقت تھی کہ آذر بائیجان کا صدر ابوالفیض ایلچی بک ۱۷ جون کی رات کو کسی اطلاع یا کوئی اعلان کئے بغیر خفیہ طور پر باکو سے ناخچوان پرواز کر گئے۔ گزشتہ چند روز سے گنجا کے واقعات کے سلسلہ میں اہم گفت وشنید ہو رہی تھی اور صورتحال معمول پر آ رہی تھی تاہم صورت حسین اوف کی افواج کا باکو کی جانب پیش قدمی کا خطرہ ابھی تک صحیح معنوں میں موجود تھا۔ سرکاری فوجی یونٹوں اور صورت حسین اوف کے دستوں کے درمیان کئی ایک جھڑپیں ہوئی تھیں جن میں بدقسمتی سے کئی جانیں تلف ہو گئی تھیں۔ صورت حسین اوف وزیر دفاع، وزیر امور داخلہ اور قومی سلامتی کے وزراء کے مستعفی ہو جانے کے مطالبہ پر اصرار کر رہا تھا۔ تاہم صورت حسین اوف کی افواج کے باکو کی جانب فوج کشی کے امکانات کے متعلق اس وقت تک کچھ خبر نہ تھی۔ براہ راست مذاکرات کا سلسلہ ابوالفیض ایلچی بک کی وساطت سے ہو رہا تھا۔



# جنگ اور امن

**حیدر علی یو نے ۱۰ اکتوبر ۱۹۹۳ء کو ''ایوان صدارت'' میں جمہوریہ آذر بائیجان کے صدر کا عہدہ سنبھالنے پر ایک افتتاحی تقریر کی۔ اگرچہ یہ تقریر مختصر تھی تاہم اس میں سویت ریاستی دائرہ کار میں رہتے ہوئے آذر بائیجان کی ترقی کے جائزہ کی عکاسی کی گئی تھی۔ تقریر کے دوران قراباغ کی چپقلش سے منسلک مسائل، آذر بائیجان کے مختلف اداروں اور تنظیموں سے روشناسی کے امکانات کا جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ ملکی یک جہتی کے حصول کیلئے یقین دہانیوں اور مقبوضہ علاقوں کو آزاد کرانے کے عزم کا اظہار بھی شامل تھا۔ تقریر کے دوران حیدر علی یو نے تمام حاضرین مجلس سے ان تمام لوگوں کی یاد میں جنہوں نے آذر بائیجان کی آزادی اور اقتدار اعلیٰ کے حصول کی جدوجہد اور آذر بائیجان کی سرزمین کو جارحیت کرنے والوں سے محفوظ رکھنے کی لڑائی میں جانیں دیں ایک لمحہ کی خاموشی اختیار کرنے کو کہا۔ تقریر میں پروگرام کے اعلانات شامل تھے جس کے تحت آذر بائیجان میں ایک جمہوری قانونی ریاست کا قیام، معیشت کو آزاد معاشی انتظامی سرگرمیوں اور منڈی کی معیشت کے اصولوں پر از سر نو استوار کرنا تھا۔ علاوہ ازیں انہوں نے عوام کے ثقافتی ورثہ، قومی اور مذہبی روایات کی حفاظت اور ترقی کیلئے اپیل کی۔ اسکے ساتھ ہی ساتھ انہوں نے معیشت کی اصلاح اور ہنگامی صورت حال پر قابو پانے کے لئے بتدریج کئے جانے والے اقدامات کا بھی ذکر کیا۔ آذر بائیجان جمہوریہ کے ہر شہری کی آزادی اور انسانی حقوق کی حفاظت کے ضامن کے طور پر صدر نے تمام حاضرین بلکہ تمام آذر بائیجانی عوام کو اپنی قابل قدر خدمات اور آذر بائیجان میں تمام قانونی اور جمہوری ریاست کے تقاضوں کو پورا کرنے کا یقین دلایا۔ افتتاحی تقریر کے بعد آذر بائیجان کے فن موسیقی کے ماہرین نے پروگرام پیش کیا جس کا واحد مقصد آذر بائیجانی ثقافت کی قدیم تصورات انسانیت سے گہری وابستگی کو ثابت کرنا تھا۔ اس سنجیدہ تقریب میں شرکت کے لئے آذر بائیجان کے تمام حصوں سے آئے ہوئے طائفوں نے حصہ لیا۔ مسلم ماگومایف کے ترانوں**

بلکہ موجودہ ہنگامی صورت حال سے ملک کو نجات دلانا ہے۔ وہ بذات خود آذر بائیجانی عوام کی دانش مندی اور عظیم صلاحیتوں پر یقین رکھتے ہوئے صورت حال کے معقول اور بہتر طور پر حل کے امکانات پر پورا اعتماد رکھتے تھے۔ حیدر علی یو بعدازاں قومی اسمبلی کے چیرمین کے عہدہ کے لئے نامزد کئے گئے اور اسمبلی میں ووٹ کے ذریعہ منتخب قرار پائے۔ چیرمین منتخب ہونے پر سب سے پہلے انہوں نے ممبران کو ان پر اعتماد کرنے کے لئے شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ''میں اس موقعہ پر کوئی لمبی تقریر نہیں کرنا چاہتا لیکن چند الفاظ ضرور کہوں گا۔ سب سے پہلے تو یہ کہ قومی اسمبلی کے چیرمین ہونے کے ناطے ایک عظیم تاریخی کارنامہ کے طور پر وجود میں آنے والی آذر بائیجان جمہوریہ کی بقا اور آزادی کی نشو ونما اور تقویت دینے کو اپنا اولین فریضہ سمجھتا ہوں۔ آذر بائیجان جمہوریہ کی آزادی کا تحفظ ۱۹۱۸ء میں وجود میں آنے والی پہلی آذر بائیجان ڈیموکریٹک جمہوریہ کی روایات کو موجودہ حالات اور ضروریات کے تحت ترقی دے کر کیا جانا چاہیے۔ اس کے حصول کیلئے میں اپنی تمام تر کوششیں صرف کروں گا۔ اور کسی کو اس کا شک نہیں ہونا چاہیے کہ میں اپنی بقیہ زندگی کو صرف اور صرف جمہوریہ آذر بائیجان کو بطور ایک آزاد مملکت کے ترقی دینے کے لئے وقف کر دوں گا۔

''اس ضمن میں میں یہ کہنا چاہوں گا کہ یہ میرا ایماں ہے کہ چاہے کچھ بھی ہو جمہوریہ آذر بائیجان اپنی آزادی سے دستبردار نہیں ہوگی۔ نہ ہی کسی اور ریاست کا حصہ بنے گی اور نہ ہی اس کے اشاروں پر چلے گی۔ میں قطعی طور پر ایسے خیالات کی تردید کرتا ہوں کہ سابقہ سویت یونین بحال ہو جائے گی جس کے متعلق بعض حلقوں میں مختلف طور پر کہا جا رہا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ کسی ایسی غیر منطقی صورت میں آذر بائیجان کی اس میں شمولیت خام خیالی سے زیادہ کچھ نہیں ہوسکتی۔ میں آذر بائیجانی عوام سے یہ کہوں گا کہ اس قسم کے تمام خیالات کو رد کر دیں۔ جمہوریہ کو کئی مشکل اور سنگین مسائل درپیش ہیں۔ جمہوریہ آذر بائیجان اپنی حاکمیت اعلیٰ اور آزادی کو برقرار رکھنے کے لئے لازمی طور پر اپنے وہ علاقے دوبارہ حاصل کرے گی جن پر کہ آرمینا نے قبضہ کر رکھا ہے۔ جمہوریہ آذر بائیجان کی علاقائی سالمیت کو یقینی بنانا، جنگ کا خاتمہ اور امن کی بحالی ضروری ہیں۔

''آذر بائیجان کے شہریوں کا امن اور سلامتی میں زندگی بسر کرنا اور اپنے ملک کو اپنے تصورات



کے مطابق تعمیر کرنا ضروری ہے۔ یہ بنیادی مسائل میں سے ایک ہے۔ قومی اسمبلی کے لئے یہ ضروری ہے کہ ان تمام مسائل پر دائمی طور پر اپنی توجہ مرکوز کرے۔ میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ایسا ہی ہوگا۔

''ریاستہائے متحدہ امریکہ، روس اور ترک کی کوششوں سے جن مسودات پر دستخط کئے گئے ہیں، جیسا کہ کل اعلان کیا گیا ہے، جنگ کے حالات سے بتدریج نجات کی جانب ہمارا پہلا قدم ہے۔ غالباً اس سلسلہ میں جمہوریہ آذر بائیجان کو اپنے پورے علاقہ کے حصول اور اپنے عوام کو جنگ کے حالات سے نکالنے کے لئے زیادہ موثر اقدامات اٹھائے جانے کی ضرورت ہے۔ مسائل میں سے سب سے اہم جمہوریہ آذر بائیجان کی آزادی ہے۔ جیسا کہ کسی اور آزاد ریاست میں ہوتا ہے بالکل اسی طرح آذر بائیجان میں بھی جمہوریت کو فروغ حاصل ہونا چاہیے۔ آذر بائیجان میں وسیع پیمانے پر کثیر سیاسی پارٹیوں کا نظام رائج کرنا ضروری ہے۔

''جمہوریہ آذر بائیجان میں آئین اور قانون میں خلل کی کسی صورت میں اجازت نہیں دی سکتی ہے۔ سوسائٹی کی نشو ونما اور تعمیر کا ریاستی نظام خالصتاً جمہوری اصولوں کی بنیاد پر جاری رہنا چاہیے۔ میں یہ بات ایک مرتبہ پھر زور دے کر کہوں گا کہ سیاست اور معیشت کے میدان میں جیسا کہ ہماری جمہوریہ اور عوام نے پہلے ہی قرار دیا ہے، ضروری ہے کہ شخصی آزادی، مساوات اور خود مختاری ہو، انفرادی طور پر انسانی حقوق کا احترام اور آزاد منڈی کی معیشت کا طریقہ کار رائج ہو۔ یہ صحیح اور حقیقی راستہ ہے جس پر کہ ہماری جمہوریہ کو آگے بڑھنا ہے۔ آپ سب کو اس بات پر پورا اعتماد ہونا چاہیے کہ میں ہمیشہ اس لائحہ عمل پر پوری دلجمعی کے ساتھ کام کروں گا''۔

حیدر علی یو کی پروگرام پر مبنی یہ تقریر درحقیقت ان تمام ''سہل پسند سیاستدانوں'' کیلئے ایک قطعی توضیح تھی جن کا تعلق ایسے گروپوں سے تھا جو کہ کمیونزم کے بھوت سابقہ سویت نظام حکومت کی بحالی سے خوف زدہ تھے اور ان سب کو حیدر علی یو کی ذات سے منسوب کرتے تھے۔ فی الحقیقت انکی یہ تقریر مستقبل کے صدر کی افتتاحی تقریر کے ایک مخصوص نقطہ کی وضاحت کا پیش خیمہ تھی جس میں حیدر علی یو نے نہایت صاف اور واضح انداز میں ایک آزاد آذر بائیجان سے اپنی وابستگی پر پورا زور دیا تھا۔ علاوہ ازیں انہوں نے اپنی تقریر میں گنجا کی اس وقت کی صورت حال کو

اقارب کو جو کہ گنجا میں خون ریزی کے دوران مارے گئے تھے کو تعزیت پیش کرتا ہوں اور اس دل خراش اور افسوس ناک سانحہ کے نتیجے میں ہمارے جن بھائیوں اور بچوں کو جان سے ہاتھ دھونے پڑے ان کی یاد میں ایک لمحہ کی خاموشی تجویز کرتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ انہیں اپنے جوار رحمت میں رکھیں۔

"اگر قومی اسمبلی کے ممبران کو کوئی اعتراض نہ ہو تو میں ایک گھنٹہ کے عرصہ میں گنجا کے لئے روانہ ہو جاؤں۔ میں اب ان تمام نامہ نگاروں کو جو اس وقت یہاں موجود ہیں اور ٹیلی ویژن کے اور اخبارات کے سب نمائندگان سے جو میرے ساتھ چلنا چاہتے ہیں سے گزارش کرتا ہوں کہ ایک گھنٹے میں سپریم کونسل کی عمارت کے سامنے جمع ہو جائیں"۔ "مزید بحث و مباحثہ کی وجہ سے حیدر علی یو کو ایک مرتبہ پھر قومی اسمبلی کے اجلاس کو خطاب کرنا پڑا جس کے دوران انہوں نے یہ کہا کہ "میں عوامی نمائندگان کے گروپ کے گنجا جانے کے حق میں نہیں ہوں۔ اس عمل میں شمولیت کے لئے صرف مجھے اکیلے یہاں آنے کی دعوت دی گئی تھی۔ اور اس مسئلہ کے حل کے لئے میں وہاں اکیلا ہی جاؤں گا۔ اگر آپ نمائندگان کے ایک گروپ کو وہاں بھیجنا چاہتے تھے تو یہ کام پہلے ہونا چاہیے تھا۔ آپ اسے میرے دورہ کے بعد بھی کر سکتے ہیں۔ لیکن میں آپ سے یہ ضرور کہوں گا کہ حالات کو گڈ مڈ نہ کریں۔ میرا وہاں کا دورہ کسی لحاظ سے بھی سپریم کونسل کے چیرمین کے انتخاب کے مسئلہ سے منسلک نہیں ہے۔ میں آپ سے درخواست کروں گا کہ ان مسائل کو الجھانے سے گریز کریں۔ میں نے ابوالفیض ایلچی بک اور آپ سب کو گنجا جانے کا مقصد بیان کیا ہے۔ غالباً مجھے وہاں کل چلے جانا چاہیے تھا لیکن ایسا نہ ہو سکا۔ مجھے آج وہاں پہنچ جانا چاہیے۔ بلاشبہ اسی مسئلہ پر مزید بحث و مباحثہ کی کوئی گنجائش نہیں ہے"۔

اور یوں حیدر علی یو کی اسی تقریر کے ساتھ قومی اسمبلی کا اجلاس اختتام پذیر ہوا۔ اسمبلی کے اجلاس کی مدت میں توسیع کا مطالبہ ایجنڈا سے خارج کر دیا گیا اور آئندہ کے اجلاس کے لئے ۱۵ جون کی تاریخ مقرر کی گئی۔

۱۵ جون ۱۹۹۳ء کو اسمبلی کا اجلاس مختلف پارٹیوں کے درمیان گرما گرم بحث سے شروع ہوا۔ آخر کار جب حیدر علی یو کو خطاب کا موقعہ دیا گیا تو انہوں نے اپنی جذبات سے بھر پور تقریر میں



یہ کہتے ہوئے کئی ٹھوس سوالات اٹھائے کہ ۴ جون کے واقعات کے فوراً بعد عوامی نمائندگان اور حکومتی اراکین کے گنجا جانے میں کون سی چیز مانع تھی۔ اس واقعہ کو پیش آئے دس روز گزرنے کے باوجود سپریم کونسل کے چیرمین یا کسی اور گروپ، الغرض کسی نے بھی اس دوران گنجا کا دورہ نہیں کیا۔ لوگ مسلسل ہیجان اور خوف کی فضا میں رہ رہے ہیں۔ اس صورت حال میں میری ذاتی رائے یہ ہے کہ اس مسئلہ پر نہ ختم ہونے والی بحث و مباحثہ سے کچھ حاصل حصول نہیں ہوگا۔

بعد ازاں انہوں نے صورت حال کے تشویش ناک ہونے کا ان الفاظ میں اظہار کیا۔

"صورت حال نہایت سنگین ہے۔ رات کے وقت صورت کے فوجیوں کو نوائی روک رہا ہے۔ کل میں نے اس سے ٹیلیفون پر تین مرتبہ بات کی تھی۔ حالات بہت خراب ہیں۔ میں یہ سمجھنے سے قاصر ہوں کہ یہاں پر کس قسم کی بات چیت ہو سکتی ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ ٹھوس اقدامات اٹھائے جائیں۔ یہ اقدامات ووٹ کے ذریعہ سے یہاں پر نہیں لئے جا سکتے ہیں۔ ان کو عملی جامہ پہنانے کے لئے متعلقہ لوگوں کو بعض اختیارات کا دیا جانا ضروری ہے۔ تاہم اس موضوع پر بحث و مباحثہ کا انداز تعجب خیز ہے۔ یہ محسوس کیا جا رہا ہے اس صورت حال سے نجات کے راستے تلاش کرنے کی بجائے دوسرے مسائل کا حل مطلوب ہے"

اسمبلی کے اجلاس سے ابوالفیض ایلچی بک نے اپنے خطاب کے دوران موجودہ صورت حال کو بیان کرتے ہوئے یہ کہا کہ "ریاست مفلوج ہونے کے در پر ہے"۔

لیکن اصل صورت حال یہ تھی کہ ریاست پہلے سے ہی مفلوج ہو چکی تھی۔ آخر کار طویل بحث و مباحثہ کے بعد چیرمین کے انتخاب کے مسئلہ کو ایجنڈا میں شامل کر لیا گیا۔ حیدر علی یو سے پھر سوال و جواب کئے گئے۔ حیدر علی یو نے اپنے جوابات میں نمائندگان کو اس بات کی یاد دہانی کرائی کہ ۱۹۹۰-۹۱ء کے دوران انہوں نے موجودہ صورت حال کے تناظر میں اپنے سیاسی اصولوں کی وضاحت کرتے ہوئے مشکل دور میں عوام کی امداد کرنے کیلئے اس ہال میں ان سے یکجہتی کی خواہش کا اظہار کیا تھا۔ انہوں نے یہ بات زور دے کر کہی کہ آج بھی ان کے نظریات وہی ہیں جو پہلے تھے۔ انہوں نے خاص طور پر اصرار کے ساتھ کہا کہ ان کا مقصد سیاسی اقتدار کا حصول نہیں

# تلاش-دورِ ناکامی

١٣ جون ١٩٩٣ء کو قومی اسمبلی کا ایک ہنگامی اجلاس پارلیمنٹ سے براہ راست نشریات کی ضرورت پر بحث سے شروع ہوا۔ دیگر موضوعات باغی کرنل صورت حسین اوف سے گفت وشنید، اس کے پارلیمنٹ کے چیرمین کے مستعفی ہونے کے مطالبہ پر اصرار کے متعلق بحث و مباحثہ ہوا۔ پارلیمنٹ میں قومی نمائندگان کے ایک بڑے گروپ کے گنجا پہنچنے کا بھی اعلان کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی ساتھ قومی اسمبلی کے اجلاس میں توسیع کے لئے بھی مطالبہ کیا گیا۔

پارلیمانی ممبران میں سے کئی ایک نے گنجا میں عسکری چپقلش کی وجہ سے نہایت تشویش ناک سیاسی صورت حال پیدا ہونے کا ذکر کرتے ہوئے براہ راست نشریات کی تجویز کی مخالفت کی اور ایجنڈا پر براہ راست بحث کا مطالبہ کیا۔ تاہم کئی دوسرے قومی نمائندگان نے چیرمین کے فوری انتخاب کی کاروائی کا مطالبہ کیا کیونکہ اس وقت کی سیاسی صورت حال اس بات کی متقاضی تھی کہ فوری فیصلے کئے جائیں تا کہ کسی قسم کی تاخیر نہ ہو جس سے کہ چپقلش اور زیادہ بڑھ جائے۔ انہوں نے ساتھ ہی ساتھ اس رائے کا اظہار کیا کہ پارلیمانی اجلاس کی مدت میں توسیع غیر ضروری ہے کیونکہ مختلف سطح پر گفت وشنید جاری تھی اور ان کی نظر میں گنجا کے واقعات کی نوعیت عامیانہ تھی۔ اس وقت تک جمہوریہ کے لیڈروں میں سے کسی نے بھی گنجا کا دورہ نہیں کیا تھا۔ وہاں پر پیش آنے والے واقعات کے متعلق اطلاعات غیر مکمل تھیں۔ قومی نمائندے علی زادہ نے قومی اسمبلی کے ممبران کی توجہ اس حقیقت کی جانب مبذول کرائی کہ صورت حسین اوف کے بنیادی مطالبات میں سے ایک قومی اسمبلی کے اجلاس کا انعقاد ہے اور اس کو قبول کرنے کے بعد ہی گفت وشنید کے لئے اس کے پاس جایا جا سکتا ہے۔ قومی نمائندے صابر رستم خان علی نے اجلاس کے دوران کئی ایک سوالات اٹھائے جن میں صدر آذربائیجان کے اجلاس میں موجودگی کی ضرورت پر زور دیا گیا تھا۔ جاری کردہ بیانات میں گنجا کے سانحہ کی روشنی میں گنجا کے موضوع پر بحث جاری تھی کہ اس اجلاس کے وقفہ کا



اعلان کیا گیا۔ اجلاس کے دوبارہ شروع ہونے پر آذربائیجان کے اس وقت کے صدر ابوالفیض ایلچی بک نے کاروائی میں حصہ لیا۔

اجلاس کے دوران ناخچواں خود مختار جمہوریہ کی قومی اسمبلی کے چیرمین حیدر علی یوکو خطاب کرنے کا موقع دیا گیا۔ اپنی تقریر میں انہوں نے کہا کہ ''۴ جون کو گنجا شہر میں خون ریز واقعات پیش آئے جن میں کہ انسانی جانیں تلف ہوئیں۔ اور شہر میں وسیع پیمانے پر تباہی ہوئی۔ گنجا اور اسی کے ملحقہ علاقوں میں انتہائی کشیدگی کا مشاہدہ کیا گیا۔ جبکہ موجودہ حالات بھی خاصے پیچیدہ ہیں۔ ان حالات کے پیش نظر 'اپنے ضمیر کی آواز' پر اپنے فرض کے طور پر' مختلف سطح سے عوام کی خواہشوں کے احترام میں اور آذربائیجان جمہوریہ کے صدر ابوالفیض ایلچی بک کی درخواست پر میں نے باکو آ کر اس مشکل صورتِ حال پر قابو پانے کی مہم میں شرکت کی اور اس عمل کے دوران قومی مفاہمت اور اتحاد کو یقینی بنانے کے ذرائع کو تلاش کیا۔ میں پہلے بھی کہہ چکا ہوں اور ایک بار پھر کہنا چاہتا ہوں خون ریزی کی گئی، جرم کیا گیا اور ایک دل خراش سانحہ پیش آیا لیکن ہمیں اس صورت حال کو مزید بگڑنے کا موقع ہرگز نہیں دینا چاہیے۔ آذربائیجان کے تمام حقیقی محب وطن افراد کے لئے ضروری ہے کہ وہ متحد ہو کر اس صورت حال پر کامیابی سے قابو پانے کے لئے راہیں تلاش کریں۔ موجودہ صورت حال پر قابو پانے کے لئے گفت وشنید، آپس میں افہام وتفہیم اور امن و اتفاق کا ہونا ضروری ہے۔ ہمیں طاقت کے استعمال کی ہرگز اجازت نہیں دینی چاہیے نہ ہی ہتھیاروں کے ایک مرتبہ پھر استعمال کا موقع آنا چاہیے۔ یہ میرا بنیادی نقطہ نظر ہے اور ان اصولوں کی بنیاد پر میں اس صورت حال پر قابو پانے کی راہوں کو تلاش کرنے میں شامل ہوں۔

''میں نے حالیہ دنوں میں جمہوریہ آذربائیجان کے صدر ابوالفیض ایلچی بک سے ملاقات کی اور آذربائیجان کے معزز شہریوں سے صورت حال پر تبادلہ خیال کیا۔ تاہم اس معاملہ میں میری ذاتی شمولیت کس حد تک تعمیری ہو سکتی ہے سوال کا جواب صرف گنجا جانے پر ہی دیا جا سکتا ہے۔ اس وجہ سے آج جب مجھے قومی اسمبلی میں آنے کی دعوت دی گئی تو میں نے ابوالفیض ایلچی بک کو بتایا کہ میں گنجا کی صورت حال معلوم کرنے کے بعد ہی اپنی ٹھوس تجاویز پیش کر سکتا ہوں۔ اس وقت میں لوگوں کے عزیزو

شعبوں میں اہم فیصلوں کی اشد ضرورت ہے۔اس کے پیش نظر ان کا یقین کامل تھا کہ عوام نے انہیں اس مرتبہ پھر صوبہ سے بلاکر آذر بائیجان کی سربراہی کا موقع دیا ہے اس لئے ضروری ہے کہ وہ جمہوریہ کی علاقائی سالمیت کی بحالی کے ساتھ ساتھ تمام شعبوں میں بنیادی مقاصد تعین کرتے ہوئے معیشت کو بحال کریں اور خوشحالی اور روشن خیالی کو یقینی بنائیں جس کا کہ یہ ملک بجا طور پر حق رکھتا ہے۔ان کا یہ اعتقاد نہ صرف از سر نو تعمیر کے نظریہ کی مکمل طور پر عکاسی کرتا ہے بلکہ اس کے ساتھ ہی ساتھ ملک، آزادی اور عوام پر ہمہ گیر اعتماد کا مظہر ہے۔ان کے الفاظ ''میرے فرائض طے ہیں اور ہر دور کے لئے متعین جبکہ عوام میرا ساتھ دینے کے خواہاں ہیں''۔

فی الحقیقت یہ بات واضح تھی کہ حیدر علی یو کیلئے اولین لازمی جدوجہد فوج کے لئے تھی۔ تھوڑے عرصہ تک حیدر علی یو نے اپنے نہایت وفادار حامیوں کے ایک گروپ پر انحصار کیا جنہوں نے فوج کے بڑے حصے میں یہ احساس اجاگر کیا کہ حکومت کے احکامات پر عمل ان کا فرض ہے۔ اس نئی پالیسی کے خدوخال عیاں تھے اور اس کی بدولت عوامی مفادات کلی طور پر محفوظ ہو گئے۔آذر بائیجانی سوسائٹی کی نشوونما کے اس نازک مرحلہ پر جس کا پہلے کبھی مشاہدہ نہ کیا گیا تھا، ضرورت اس بات کی تھی کہ نظریات، خیالات، احساسات، جذبات اور علامات کا امتزاج کیا جائے جو کہ روشن مستقبل کے لئے بنیاد فراہم کر سکیں۔اس عرصہ میں حیدر علی یو لوگوں کی نظر میں ایک علامت سے کہیں زیادہ مستقبل کیلئے ایک حقیقی حدف بن گئے۔ایک ایسا قطبی ستارہ جو کہ لازمی طور پر آذر بائیجان کو گوناگوں مصائب سے نکالنے میں رہبری کرے۔

جمہوریہ میں اس وقت کئی ایسے لوگ، سیاسی رجحان پیدا کرنے والے حتیٰ کہ پارٹیاں موجود ہیں جو فخر کے ساتھ دعویٰ کرتی ہیں کہ حیدر علی یو کو وہ برسر اقتدار لائے تھے۔بلاشبہ وہ سب فرداً فرداً اور اجتماعی طور پر درست ہیں اور اس تناسب سے غلط بھی۔اس لئے کہ وہ سب عوام کا حصہ ہیں اور یقیناً یہ عوام ہی تھے جو حیدر علی یو کو برسر اقتدار لائے تھے۔تاریخ کے ان تھک بہاؤ میں یہ وقت کا ایک تقاضہ تھا اور پیدا شدہ اس نتیجہ سے کوئی مفر نہیں تھا اور نہ ہو سکتا تھا۔

بالآخر جون ۱۹۹۳ء آ گیا۔تمام جمہوریہ، گنجا میں پیش آنے والے تازہ ترین واقعات کا



بے صبری سے انتظار کر رہے تھے۔کئی لوگوں کی رائے میں گنجا میں قبل ازیں پیش آنے والے خونی واقعات کی طرح اس مرتبہ باکو میں بھی انہیں دہرایا جا سکتا تھا۔تاہم اس دفعہ حیدر علی یو نے صورت حال پر قابو پالیا۔ملک ایک برادر کش خانہ جنگی کی ہولناکیوں سے معجزانہ طور پر بچا لیا گیا۔یہ اس لئے پیش آیا کیونکہ عوام بلاقید و شرط اس پر یقین رکھتے تھے۔آذر بائیجان کی حکومت نے حیدر علی یو کو باکو آنے کی سرکاری طور پر دعوت دی اور انہوں نے اپنے اختیارات 'قائل کرنے کی خداداد صلاحیت اور ڈپلومیسی کے فن کو بروئے کار لاتے ہوئے' خانہ جنگی کے خطرہ کو دور کر دیا۔تاہم مشکلات ایک ایک کی شکل میں نہیں آتیں اور یوں لگتا تھا کہ اس کا دوسرا حصہ ایک اور نئے خطرہ کی صورت میں پیش پیش تھا اور وہ تھا علیحدگی کا خطرہ۔آذر بائیجان کی تقسیم کا خطرہ، پوری قوم کا شیرازہ بکھرنے کا خدشہ۔پورے آذر بائیجان نے قومی مجلس کے اجلاس کی براہ راست نشریات کے دوران حیدر علی یو کے کس طرح نہایت ماہرانہ طور پر اس نازک صورت حال پر بھی قابو پانے کا بخوبی مشاہدہ کیا۔

۱۵ جون ۱۹۹۳ء کو حیدر علی یو کو آذر بائیجان جمہوریہ کی سپریم کونسل کے چیرمین کے طور پر منتخب کیا گیا اور ۲۴ جون کو انہوں نے قومی مجلس کے فیصلہ کے مطابق جمہوریہ آذر بائیجان کے صدر کے طور پر فرائض منصبی کی ادائیگی شروع کر دی۔

کہ وہ ہمیشہ سے ہی تمام آذر بائیجان کے لیڈر تھے۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ وہ فی الحقیقت وقوع پذیر ہونے والے تمام حالات پر مسلسل نگاہ رکھے ہوئے تھے تاہم اس کے ساتھ ہی یہ کہنا بھی بجا ہو گا کے جس طرح سویت یونین کی ریاست آذر بائیجان کی آزاد جمہوریہ سے مختلف ہے اسی طرح ۱۹۹۳ء کا حیدر علی یو ۱۹۶۹ء کے حیدر علی یو سے بالکل مختلف تھا۔ اس غیر معمولی تبدیلی کا تقاضہ تھا کہ مجموعی زندگی میں بنیادی تبدیلیاں لائی جائیں۔ دو عوامل یعنی وقت اور واقعات اس عمل میں حائل ہو سکتے تھے لیکن حیدر علی یو کی موجودگی کے پیش نظر یہ سب کچھ بے معنی تھا۔ ان عوامل میں سے ایک یہ تھا کہ وہ ۷۰ سال کی عمر میں ملک کے سربراہ ہوئے۔ بلاشبہ علی عمر رسیدہ ہو چکے تھے تاہم وہ اپنے ملک کے عوام کی خدمت کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے پوری توانائی، ہوشمندی اور جلد فیصلہ کرنے کی صلاحیت کے مالک تھے۔ گزشتہ سالوں نے ان کے چہرے پر شکنوں میں اضافہ کی بجائے عظمت پیدا کر دی تھی۔

قومی اسمبلی کی سربراہی کی بدولت انہیں اس بات کا احساس تھا کہ صورت حال کو معمول پر لانے کے لئے انہیں دیئے جانے والے وقت سے پورا فائدہ اٹھانا ضروری ہے۔ ان دنوں ان کی یہ واحد مصروفیت سب کی نظر میں تھی حتیٰ کہ تنقید کرنے والے سیاسی عمائدین حکومت بھی اس سے بخوبی واقف تھے۔ ان دنوں ان پر تنقید کرنے والوں کے ذہن شک و شبہات سے بھرپور تھے اور انہیں تعجب نہ ہوتا اگر حیدر علی یو بھی اس قسم کے خلفشار میں مبتلا ہو جاتا۔ تاہم انکی سوچ و فکر بے جا تھی۔ تمام حالات اس بات کی جانب اشارہ کرر ہے تھے کہ حیدر علی یو صفر سے ابتدا کر رہے ہیں۔

عوامل میں سے دوسرا، سیاسی حالات اور واقعات کے منفی تناظر میں پنہاں تھا۔ متغیر حالات کے ایسے نقشہ میں بعض غیر پختہ ذہن افراد کے ملوث ہونے کا امکان ایک فطری امر تھا جو کہ بعض مرتبہ صاحب اقتدار افراد کو خوش کرنے کے لئے علی یو کے متعلق اچھی رائے کا اظہار نہیں کرتے تھے۔ اس کی وجہ سے ایک اور افسانہ وجود میں آیا اور وہ یہ تھا کہ عمر اور واقعات علی یو پر حاوی نہیں ہو سکتے۔

حیدر علی یو کا طریقہ کار کچھ اس طرح کا تھا کہ اس کے نوجوان مددگار بھی اکثر اس کے



متحمل نہیں ہو سکتے تھے۔ اس طرح سے انہوں نے اپنی عمر رسیدگی کے پہلو پر قابو پا لیا۔ روسی اخبارات کے ایڈیٹروں میں سے ایک نے حیدر علی یو کے ساتھ ایک انٹرویو کے دوران جاننے کی کوشش بھی کی کہ اس عمر میں ہونے کے باوجود وہ کیونکر اتنا کام کرنے کی صلاحیت برقرار رکھے ہوئے ہیں۔ اس ایڈیٹر نے اپنے سوال کی ابتدا کچھ اس انداز میں کی کہ "آپ جوان آدمی نہیں ہیں" حیدر علی یو نے فوری جواباً کہا کہ "کس نے آپ کو بتایا ہے کہ میں ایک جوان آدمی نہیں ہوں"۔ بلاشبہ یہ ان کے طرز کلام کا طریقہ تھا۔

ان سب باتوں کے باوجود کئی مرتبہ یہ محسوس کیا گیا کہ حیدر علی یو اچھی یاداشت رکھتے ہوئے بھی معلومات کو حذف کرنے کی ایک مخصوص صلاحیت کے مالک تھے۔ جس کی بدولت وہ بعض سیاست دانوں کی دھوکہ دہی اور بدخواہی کو نظر انداز کر دیتے تھے۔ اپنے اور عوامی مفادات میں ہم آہنگی کی صورت میں وہ اپنی ذات سے مخالفت کی کبھی پرواہ نہیں کرتے تھے۔ ان کے اس رویہ کی وجہ سے وہ لوگ جنہوں نے برسر عام ان کی مخالفت کا اعلان کیا ہوا تھا ان سے ملنے کے خواہش مند رہتے تھے اور ان کے قریبی حلقوں کے ساتھ نفسیاتی طور پر تعاون کے لئے تیار تھے اگرچہ وہ حیدر علی یو کے درگذر کے رویہ کو غیر منطقی اور کبھی کبھار ایک معمہ سمجھتے تھے۔ انہیں اس بات پر حیرت ہوئی تھی کہ ایک مدبر اور منتظم تحریک کا ماہر جس نے انتظامی علوم کے تمام استعارے باقاعدہ طور پر سکول سے سیکھے تھے کیونکر اعلیٰ حاکمیت ایسے لوگوں کو دوبارہ منتقل کرنے کے لئے تیار تھے جو کل تک برسر عام ان کے مخالف تھے۔ علی یو کے پاس اس کا عام سا مختصر جواب تھا۔

"مجھے دوسرے لوگ کہاں سے ملیں گے"۔ اور یوں ان کے انتظامی ادارہ میں ابوالفیض ایلچی بک سے لے کر ایاز مطالب اوف جیسے افراد موجود تھے جن کے فرائض منصبی کی ادائیگی کا ایک واضح دائرہ تھا۔ حیدر علی یو نے بارہا اس خیال کا اظہار کیا کہ ان کی موجودگی اس بات کی علامت ہے کہ ذاتی وفاداری کی بجائے پیشہ ورانہ صلاحیت ہر چیز سے زیادہ اہم ہے۔

اس سارے عرصہ میں حیدر علی یو اس بات پر یقین رکھتے تھے آرمینا کی جارحیت کی وجہ سے پیش آنے والے کئی ایک فوری مسائل کے حل کے ساتھ ساتھ معیشت اور خارجہ پالیسی کے

گنجاہ کے شہر میں فوج باغی کرنل صورت حسین اوف کی قیادت میں سیاسی میدان میں اتر آئی۔ گنجاہ کے واقعات سے یوں لگتا تھا جیسے کہ ایک بم پھٹنے والا ہو۔

ریاست اور حکومت کا زوال بدستور جاری رہا۔ فی الحقیقت ملک میں اس وقت تک تین مرکز اور قوتیں وجود میں آ چکی تھیں۔ باکو میں قومی محاذ کی حکومت تھی۔ گنجا میں باغی فوجی لیڈر صورت حسین اوف پوری طرح برسر اقتدار تھا۔ اور نا خچیو ان میں حیدر علی یو کی زیر قیادت مجلس اعلےٰ حکومتی اختیارات سنبھالے ہوئے تھی۔ باکو کے مقتدر حلقے خاموش تماشائی بنے ہوئے تھے۔ اور گنجا میں باغیوں کو ختم کرنے کی تمام تدابیر حکومتی نا اہلی کی جیتی جاگتی تصویر تھی۔ ان واقعات کے متعلق تمام حقائق عوام سے پوشیدہ رکھے گئے تھے۔

ان حالات میں جب صورت حسین اوف کے فوجی دستے باکو کی جانب حرکت کی تیاریاں کر رہے تھے تو ملک کی قانونی حکومت اور باغیوں کے درمیان ثالثی کے فرائض حیدر علی یو کے شانوں پر آ پڑے۔ یوں لگتا تھا کہ خانہ جنگی ناگزیر ہے۔

قومی اسمبلی کے اجلاس میں حیدر علی یو کی پہلی بار آمد کی نوعیت ایک الٹی میٹم سے کم نہ تھی۔ اس بات کو حتمی انداز میں بیان کیا گیا کہ کوئی صاحبِ فراست سیاستدان جو کہ کسی نہایت ہی پیچیدہ سیاسی صورت حال کی تعمیری طور پر ذمہ داری لینے کے لئے تیار ہو، اسے قومی اسمبلی کی جانب سے وسیع اختیارات تفویض کئے جانے چاہیں۔ ایسا کوئی شخص جسے وسیع اختیارات حاصل نہ ہوں موجودہ ہنگامی صورت حال کو مزید خراب کرنے کا باعث بن سکتا ہے۔ ان کے اس دور کی تصاویر، مکالمات اور پریس کانفرنسیں قانون اور حق شناسی کے احترام سے بھرپور تھیں جن میں کہ حیدر علی یو نے متحارب گروپوں کے درمیان فوری مذاکرات شروع کرنے پر زور دیا تھا۔ ان دنوں انہوں نے اپنی جان کی پرواہ کئے بغیر جائز حکومت کے خلاف حملوں کو روکنے کے لئے مسلسل کوششیں کیں اور باغی کرنل کی حکومت قائم کرنے کی کوششوں کی مخالفت کی۔ درحقیقت حیدر علی یو کے اس زمانہ کے بیانات سے یہ بات سامنے آئی کہ اگرچہ ان کے پاس سرکاری طور پر کوئی مخصوص اختیارات نہ تھے تاہم وہ حقیقی طاقت کے مالک تھے جس کی بدولت تمام اداروں نے غیر مشروط طور پر ان کے



سامنے سر جھکا دیا۔ بعض سیاسی لیڈران جنہوں نے کہ اس عرصہ میں حیدر علی یو کی اعانت کی تھی محض وردی کی عزت بچانے کے خواہاں تھے۔ ہر روز قومی اسمبلی کے اجلاس میں حیدر علی یو اور دیگر رجال حکومت کے درمیان سیاسی محاذ آرائی نشر ہوتی جس میں کہ اول الذکر اپنی ٹھوس منطق کی بدولت فطری طور پر کامیاب رہتا تھا۔ غیر جانبدار مشاہدین کے تجزیہ کے مطابق یہ بات واضح تھی کہ قومی محاذ کی حکومت اپنی سیاسی کمزوری اور جمہوریت کی تذلیل جس کی وجہ سے پارلیمانی نظام سے بد اعتمادی اور آمریت کو تقویت حاصل ہوئی کی بنا پر ختم ہو گئی تھی۔ علاقائی کئی ایک اچھے ''نپولین'' اقتدار سے لطف اندوز ہو رہے تھے اور ان میں ہر ایک کی آرزو شہنشاہیت کے حصول سے کم نہ تھی۔

حیدر علی یو کا ایک بار پھر برسر اقتدار آنا بلاشبہ آفاقی وجوہ کی بنا پر تھا۔ تاہم اس کے ساتھ ساتھ ان کی غیر معمولی شخصیت کا پہلو، اس وقت کی صورت حال کے پیش نظر ان کے سیاسی گھٹ جوڑ اور اسکی نوعیت کو تمام تر سمجھتے ہوئے اسے بروئے کار لانے کی صلاحیت کا بھی دخل تھا۔ طویل اور مسلسل جدوجہد کے دوران حیدر علی یو نے صورت حال کا حقیقت پسندانہ تجزیہ کرنے، شدید مخالفین تک کو غلطیوں سے باز رکھنے اور اپنے نقطہ نظر کو قبول کروانے اور ضروری فیصلوں پر آمادہ کرنے میں قابل ستائش مہارت کا مظاہرہ کیا۔ اس عرصہ میں حیدر علی یو کے خصوصی مشن کے متعلق کئی باتیں منظر عام پر آئیں۔ اخبار نویسوں نے بارہا ان کے ایک اعلےٰ لیڈر کی حیثیت سے عوام کی خدمت کے بھرپور فرائض کی انجام دہی کے لئے قدرت الٰہی کے آلہ کار ہونے کا ذکر کیا۔ حیدر علی یو کی شخصیت میں ایک پراسرار مخصوص مقناطیسی کشش تھی جس کی بدولت ان پر قاتلانہ حملے ناکام ہوئے اور اس کے علاوہ انہیں اعلےٰ درجہ کی سیاسی مہارت عطا ہوئی جس کی بدولت یہ اعتقاد برسر عام ہوا کہ مشکلات دوسرں کے لئے کتنی ہی ناقابل حل کیوں نہ ہوں حیدر علی یو کی موجودگی سے یکسر غائب ہو جاتی ہیں۔ کئی ایک اخبار نویسوں کے ہمدردانہ رویہ نے انکی کاروائیوں کے لئے سازگار نفسیاتی ماحول پیدا کرنے میں کسی حد تک ایک رول ادا کیا اور اس دور میں تمام سیاسی عمائدگان حکومت اور پارٹیوں کی رہنمائی کرنے والوں نے حیدر علی یو کی مدد کی۔

حیدر علی یو نے ایک مرتبہ پھر برسر اقتدار آنے پر اپنے آپ کو کچھ اس طرح پیش کیا جیسے

نے آذر بائیجان کے صدارتی انتخابات کو نانچواں جمہوریہ کے علاقہ میں نہ کرائے جانے کا بھی فیصلہ کیا۔ اس فیصلہ کی بنیادی وجہ یہ تھی کہ یہ انتخابات کسی مد مقابل امیدوار کی عدم موجودگی کو پیش نظر رکھ کر کروائے جانے مقصود تھے۔

حیدر علی یو کے نانچواں کے تناظر میں ظہور پذیر ہونے سے نانچواں اور آرمینا کی سرحد پر کشیدگی میں ایک نیا اضافہ ہوا۔ درحقیقت نانچواں جنوبی سرحد پر ایران اور ترک سے ضروری مواصلاتی رابطوں کے فقدان کی وجہ سے آرمینا میں مکمل طور پر گھرا ہوا تھا اور اپنے حیاتی مسائل کو حل کرنے کے لئے کوشاں تھا۔ نانچواں کی حدود پر آرمینی مسلح گروپوں کی جانب سے پر امن شہریوں پر حملے اور انکو زبردستی پکڑ کر رہن رکھنے کے واقعات میں اضافہ ہو گیا تھا۔

نانچواں میں سیاسی اور سول نافرمانی کا ایک اور دور اس وقت پیش آیا جب باکو میں سویت یونین کی بقا کے متعلق استصواب رائے لی گئی۔ ۲۵ دسمبر ۱۹۹۱ء کو صدر میخائل گورباچوف کے مستعفی ہونے پر جمہوریوں کے مابین علیحدگی کا ایک پیچیدہ عمل شروع ہونے پر بعد از سویت یونین دور کی ابتدا ہوئی۔

۲۰ جنوری ۱۹۹۲ء کو جمہوریہ ترک کے وزیر اعظم سلیمان دیمرل کی جانب سے بھیجا جانے والا ایک نمائندہ وفد نانچواں کی سرحد پر ایک کسٹم کا دفتر کھولنے کے مسئلہ پر بات چیت کرنے کی غرض سے نانچواں پہنچا۔

۲۵ جنوری ۱۹۹۲ء کو دورہ پر آئے ہوئے ایک ایرانی وفد نے نانچواں اور تبریز میں کونسل خانہ کھولے جانے کے موضوع پر گفت و شنید کی۔

سرکاری وفود کے ساتھ ساتھ مختلف عوامی تنظیموں کے نمائندوں کی جانب سے نانچواں کے دوروں میں بتدریج اضافہ ہوا۔

آرمینی انتہاپسندوں نے نانچواں کے خلاف شدید حملے شروع کر دیئے اگرچہ یہ علاقہ ناگورنو قراباغ سے بہت دور واقع تھا۔ ان حالات میں جبکہ قراباغ محض ایک بہانہ تھا ان کی ان حرکات کا پوشیدہ مقصد درحقیقت دوسرں کے علاقہ کا آرمینا سے الحاق تھا۔ تاہم گردش حالات



دیکھیئے کہ حیدر علی یو ابتدا میں نانچواں سے گئے تھے اور پھر وہیں واپس لوٹ آئے۔ اس مرتبہ وہ تخریب شدہ پتھروں کو یکجا کرنے آئے تھے۔ اور یوں ایک دفعہ پھر انہوں نے حیدر علی یو کی ناقابل فہم شخصیت کے متعلق ہماری سوچ کو بخوبی اجاگر کیا۔ اگر قبل ازیں ہم یہ سمجھتے تھے کہ ان کی قابلیت ایک بڑی ریاستی مشین کو ہم آہنگی کے ساتھ چلانے کے لئے ذاتی مفاہمت میں پنہاں تھی تو نانچواں میں انہوں نے اپنی قوت کا مظاہرہ یکجوئی اور انفرادیت سے کیا۔

ایک ایسے علاقہ میں جہاں کہ خوراک، روشنی اور گرمائش کی فراہمی ناقابل حل مسائل تھے زندگی کے ان لوازمات کے حصول میں حیدر علی یو نے منفرد کامیابی حاصل کی۔ انہوں نے ایک روبل کی بھی مالی اعانت کے بغیر، باکو سے کوئی مدد حاصل کئے بغیر، اعلٰی اختیارات کے نہ ہوتے ہوئے بھی محض نانچوانی عوام کی تفویض کردہ محبت کے بل بوتے پر بظاہر ناقابل حل مسائل کو حل کر دیا۔ نانچواں نے آرمینی یلغار کا کامیابی سے مقابلہ کیا اور نہ تو جارحین کے سامنے ہتھیار ڈالے اور نہ ہی محاصروں پر سر تسلیم خم کیا۔ اس طرح پہلے سے اقتدار اور عوام کے درمیان پیدا شدہ اجنبیت ختم ہوئی۔ اور حیدر علی یو کا قومی ورثہ اور کردار کھل کر سامنے آیا۔

نانچواں کے دریچوں کو جس طرح حیدر علی یو نے روشنی سے منور کیا اسی طرح وہاں کے نوجوانوں نے رضا کارانہ طور پر اس کے در پر پہرے دیئے اور زندگی کی عطا کردہ فہم و فراست کی بدولت اس کی حفاظت کی۔ اس غیر معمولی تناظر میں حیدر علی یو کے تحت شعور میں اس خواہش کو سمجھنا چنداں مشکل نہیں کہ اگر انہوں نے اقتدار سنبھالنا ہے تو اس کے لئے ایسے موقع پر کوئی لمبی چوڑی سیاسی مہم درکار نہیں اور نہ ہی معاشرہ میں کسی قسم کی تفریق قابل قبول ہو سکتی ہے۔

اس صورت حال میں پنہاں کشیدگی کے بڑھنے اور قوم کے بچاؤ کا مسئلہ کھڑا ہونے پر مدد کیلئے حیدر علی یو کی جانب رجوع کرنے کا خیال زور پکڑ گیا۔ حیدر علی یو کے ہم نوا کئی ایک گروہوں اور پارٹیوں نے آذر بائیجان کی حکومت کو مخاطب کرتے ہوئے ان کے اقتدار کی واپسی کا مطالبہ کیا۔ تاہم حکومت اسکے متعلق تذبذب میں تھی۔

وقت گذرتا گیا اور اس کے ساتھ ساتھ حکومتی بحران میں اضافہ اور شدت پیدا ہوگئی۔

داری کی نوعیت کو بخوبی سمجھتا ہوں''۔

حیدرعلی یو نے یہ اعلان ماسکو میں سویت سوشلسٹ جمہوریتوں کی یونین کی کابینہ کی اولین پارٹی تنظیم میں کیا تھا۔ اس اعلان کے بعد حیدرعلی یو پر حملوں نے شدت اختیار کر لی۔ ماسکو کی پریس میں ان کے ہدف ملامت بنائے جانے کے سلسلہ کی عکاسی آذر بائیجان کے اخبارات میں بھی جاری رہی۔ آذر بائیجان کی کمیونسٹ پارٹی کی مرکزی کمیٹی کے کنٹرول اور نظر ثانی کمیشن کی صدارت کی جانب سے حیدرعلی یو کے پارٹی سے اخراج کے سلسلہ میں خیالات کا اظہار اخبارات میں شائع کیا گیا۔ اس بیان میں خصوصی طور پر یہ کہا گیا کہ اگر چہ وہ (حیدرعلی یو) پارٹی کو ترک کرنا چاہتے ہیں تاہم وہ یقینی سزا سے نہیں بچ سکتے۔

باکو واپس آنے پر حیدرعلی یو نے اقتدار کے سوال پر عدم مفاہمت کا رویہ برقرار رکھتے ہوئے ۲۹ اگست ۱۹۹۱ء کو جمہوریہ کی سپریم کونسل کے اجلاس میں یہ بیان دیا:

''عوام میں اتحاد پیدا کرنے کے لئے ضروری ہے کہ آذر بائیجان کی کمیونسٹ پارٹی فوری طور پر اقتدار سے دست بردار ہو جائے۔ یہ سویت یونین کی کمیونسٹ پارٹی کا جز ولاینفک ہے۔ چونکہ سویت یونین کی کمیونسٹ پارٹی کا اقتدار ختم ہو گیا ہے اسلئے آذر بائیجان کی کمیونسٹ پارٹی کی یہ سوچ کہ اس مسئلہ کا حل کانگرس کے اجتماع میں کیا جائے محض ان کی خواہشات کا مظہر ہونے کے ساتھ ساتھ کمیونسٹ پارٹی کے فراہم کردہ امکانات سے مستفیض ہونے کے مقصد سے کیا جارہا ہے۔ جس سے کہ ہم کبھی بھی اتفاق نہیں کر سکتے۔ آذر بائیجان کی کمیونسٹ پارٹی کے تمام شعبوں کا ختم کیا جانا ضروری ہے''۔

حیدرعلی یو کے کمیونسٹ ماضی کا تجزیہ کرتے وقت درج ذیل تفصیلات کو پیش نظر رکھنا ضروری ہوگا جس کا کہ انہوں نے خود بھی ذکر کیا ہے۔

''یہ کہنا ضروری ہوگا کہ کئی ایک عوامل کی وجہ سے ماضی میں ہمارے لئے یونین کی خدمت کرنے کا جواز موجود تھا۔ اس عرصہ میں تخلیق کردہ مضبوط سماجی، اقتصادی اور فہم وفراست کی کیفیت ہمارے عوام کی قومی دولت تھی جس نے کہ آذر بائیجان کی آزادی کے لئے اچھی بنیاد فراہم کی''۔



حیدرعلی یو کے لئے یہ بات مسلسل دکھ کا باعث ہوتی ہے جب لوگ آذر بائیجان میں سماجی تعمیر و ترقی کے دور کو محض دکھاوے سے موسوم کرتے ہوئے اسے زیر بحث لاتے ہیں۔ وہ ہمیشہ ان کی توجہ اس بات کی جانب مبذول کراتے ہیں کہ ان سب سالوں میں عوام تخلیقی اور تعمیری کاموں میں مصروف تھے۔ قومی معیشت زرعی شعبہ، ثقافت، تصادق اور سماجی زندگی کے ڈھانچہ میں غیر معروف طور پر پیش آنے والے عظیم تغیر تبدل، حیدرعلی یو شامل، تمام آذر بائیجانی عوام کی کوششوں کے مرہون منت تھے۔ ترقی کے اس عمل اور کوشش میں حیدرعلی یو کبھی بھی عوام سے علیحدہ نہیں ہوئے تھے۔ اگر وہ اپنے کارہائے نمایاں کو اجاگر کرنا بھی چاہتے تو بھی ایسا نہیں کر سکتے تھے۔ اس دور کے متعلق کوئی شکایت، دشنام طرازی کے الفاظ اس کے چہرے پر شکنیں پیدا کر دیتے تھے۔ یہ سب کچھ قطع نظر لیبل لگائے جانے کے ان کی سوانح حیات میں موجود ہے۔ آج بھی وہ اس میں درج کوئی ایک عمل، کوئی ایک سطر، کوئی ایک لفظ کو کاٹنا نہیں چاہتے اور نہ وہ اس سے دست برادر ہونے کے لئے تیار ہیں۔

وہ سویت یونین کی کمیونسٹ پارٹی میں شمولیت اور اخراج، سیاسی بیورو میں کام کرنے اور بعد میں اس سے مستعفی ہونے پر فخر محسوس کرتے ہیں۔ یہ سب کچھ ان کے رگ وپے میں شامل اور شخصیت کا حصہ ہے جسے نہ تو فراموش کیا جا سکتا ہے اور نہ ہی انکار۔ حیدرعلی یو کا سویت آذر بائیجان کے متعلق بنیادی نقطہ نظر یہ ہے کہ ان کے سویت یونین کے ڈھانچہ میں موجودگی کے سالوں میں آذر بائیجان کی آزادی کے لئے لازمی شرائط وجود میں لائیں گی۔

۴ ستمبر ۱۹۹۱ء کو حیدرعلی یو کو نا خچواں کی خود مختار جمہوریہ کی مجلس اعلیٰ کے چیرمین کے انتخاب کے نتیجہ میں اس عہدہ پر ترقی دی گئی۔ اس کا خاص طور پر ذکر کرنا اس لئے ضروری ہے کہ اس سے یہ بات بخوبی منظر عام پر آتی ہے کہ مجلس اعلیٰ کے نمائندگان کی خواہش پر ہی انہوں نے جمہوریہ کی اس کلیدی مقنّنہ کی سربراہی قبول کی تھی تاہم انتخاب کے بعد انہوں نے کام شروع کرتے ہوئے پارٹی کے مختلف گروپوں اور اداروں کی مضر کارروائیوں کو روکنے اور پارٹی کی املاک کو قومی تحویل میں لینے کے لئے فوری طور پر سخت اقدامات کئے۔ اس کے ساتھ ہی ساتھ حیدرعلی یو

ملک کام کرتے رہے تھے۔ ۱۹۹۰ء کے دوران علی یوشینا کے نقطہ نظر کی پریس میں بارہا عکاسی کی گئی۔ ۱۳ اگست ۱۹۹۰ء کو انہوں نے گوبستان نامی ایک رسالہ کو انٹرویو دیا اور یوں گردوپیش کے حوالہ سے ان کا سکوت ختم ہوگیا۔ اخبار نویسوں نے حیدر علی یو میں دلچسپی لینی شروع کردی جو کہ بلاشبہ کمیونسٹ لیڈر کے روایتی بستر میں پورے آنے سے قاصر تھے۔ اسی سال کے ماہ ستمبر میں سویت جار حیا اخبار میں فرضی سرخی ''حیدر علی یو: کیا سیاسی بیورو قائم ودائم ہے؟'' کے تحت ان کا ایک انٹرویو شائع ہوا۔

۱۹۹۰ء کے دوران علی یوشینا کے نقطہ نظر کی پریس میں بارہا عکاسی ہوئی تاہم اس میں ایک نیا رخ اس وقت منظر عام پر آیا جب ۳۰ ستمبر ۱۹۹۰ء کو حیدر علی یو آذربائیجان جمہوریہ کے عوامی نمائندگان کی نامزدگی کیلئے بطور امیدوار سامنے آئے۔ اگرچہ حیدر علی یو کا نام کئی جگہوں سے تجویز کیا گیا تاہم وہ بطور نمائندہ بابک کے علاقہ کے ۳۴۰ انتخابی حلقہ میں رجسٹر ہوئے۔ انتخابات کے نتیجے میں حیدر علی یو کو پہلے ہی انتخابی دور میں آذربائیجان سویت سوشلسٹ جمہوریہ کے قومی نمائندہ اور ساتھ ہی ساتھ ناخچواں خودمختار جمہوریہ کے قومی نمائندہ کے طور پر منتخب کرلیا گیا۔

خون آشام جنوری کی پہلی برسی کے موقعہ پر ناخچواں کی سپریم کونسل نے زیادہ تر حیدر علی یو کے کہنے پر آذربائیجان میں پہلی مرتبہ جنوری ۱۹۹۰ء کے خونی واقعات کے متعلق تخمینے جاری کیئے۔ آذربائیجان کی جمہوریہ کی سپریم کونسل کے پہلے اجلاس میں علی یو نے جو تقریر کی وہ درحقیقت بعد میں ان کا پروگرام بن گیا۔

۱۹۹۱ء کا سال حیدر علی یو کی زندگی میں ملکی سیاست کی واپسی کے لحاظ سے ایک اہم نکتہ تصور کیا جاسکتا ہے۔ اس سے تمام شکوک وشبہات دور ہو گئے اور یہ بات کسی نہ کسی طور پر باکو یا ناخچواں میں فیصلہ کن طور پر سامنے آ گئی کہ انہیں یقینی طور پر کھل کر کہنا اور اس پر عمل کرنا چاہیے کیونکہ خاموشی کسی لحاظ سے انہیں زیب نہیں دیتی۔ وہ آذربائیجان سے خیانت ہونے پر کسی صورت میں بھی خاموش تماشائی نہیں رہ سکتے تھے۔ ان کا رویہ مشکلات کے باوجود منفرد تھا۔ بڑے بڑے اجتماعات اور عوامی جلسوں میں ارباب اقتدار نے ان کو بددل کرنے کی کوشش کی اور کئی مرتبہ کرایہ کے غنڈوں نے انہیں خاموشی پر مجبور رہنے کے دباؤ ڈالا۔ انہیں خاموش رکھنے کے لئے ہر



طرح کے حربے ''جن میں کہ خوف اور دہشت پیدا کرنا شامل تھا'' آزمائے گئے۔ لیکن خوش قسمتی سے وہ خاموش نہیں رہے۔ ''میں موردالزام ٹھہراتا ہوں'' ناہی اپنے معروف بیان میں حیدر علی یو نے جب کبھی جہاں کہیں بھی ممکن ہوا، الزامات عائد کئے۔ جمہوریہ کی سپریم کونسل کے ۷ مارچ کے اجلاس میں انہوں نے اعلان کیا کہ

''میں مرکز کی جانب سے حاوی کردہ نئے یونین کے معائدہ کے خلاف تھا اور ہوں۔ کسی مقتدراعلیٰ ریاست کے اندر کئی اور اقتدار اعلیٰ رکھنے والی ریاستوں کا پوری آزادی، اقتدار و اختیار کے ساتھ قائم رہنا ممکن نہیں۔ یہ ضروری ہے کہ قومی ریاست کی بحالی کے لئے یونین میں شامل تمام جمہوریتوں کو حقیقی سیاسی اور معاشی آزادی اور خودمختاری دی جائے۔ یہ کسی لحاظ سے بھی معاشی یگانگت اور جمہوریتوں کے درمیان روایتی ثقافتی رشتوں میں رکاوٹ نہیں بن سکتی بالعکس یہ بات ان کے مابین دوطرفہ اور کئی طرفہ تعلقات کو جامع شکل دینے میں مددومعاون ثابت ہوگی۔

تاریخ کا سفر بدستور جاری رہا۔ ۱۹ جولائی ۱۹۹۱ء حیدر علی یو کی زندگی میں ایک یادگار دن تھا جب کہ انہوں نے کمیونسٹ پارٹی کی صفوں سے علیحدگی اختیار کر لی۔ اس موقعہ پر اپنے اعلان میں انہوں نے یہ کہا:۔

''میں نے خلوص دلی کے ساتھ کمیونسٹ پارٹی کے نظریات پر اعتماد کیا اور اس کے منصوبوں کو عملی جامہ پہنانے کے لئے بھرپور شرکت کی۔ اب یہ اعتماد تہس نہس ہو چکا ہے۔ عوام کو محض ایک اور دھوکہ دینے کے لئے ایک نئے سرے سے منظم پارٹی، جمہوریتوں کی ازسرنو تشکیل کے متعلق لامتناہی اعلانات کئے گئے۔ ہر ایک کو واضح اور فیصلہ کن طور پر یہ بتانا ضروری ہے کہ ہمارے ملک میں کمیونسٹ تجربہ اور سوشلسٹ ترجیحات نے اپنا کوئی جواز پیدا نہیں کیا۔ جمہوریتوں کی یونین نے اپنے آپ کو طاقت کے بل بوتے پر قائم اور برقرار رکھا جس کے ماخذ اب ختم ہو چکے ہیں۔

''اس اعلان کے بعد مجھے ان مشکلات کا احساس ہے جو کہ پیش آئیں گی۔ مجھ پر ہونے والے ہر ممکنہ حملوں اور اخلاقی لعن طعن کا نشانہ بنائے جانے کو بھی میں پیشگی دیکھ رہا ہوں۔ میں نے جو صورت حال بیان کی ہے وہ ایک سنجیدہ تجزیہ کے بعد اخذ کی ہے اور یہ کہ میں اپنی ذمہ

میں ڈرامہ دکھائے جانے کے ضروری آلات نصب تھے کے علاوہ ایک ثقافتی مرکز، سکول، پولی کلینک، اور دانش کدہ تعمیر کئے گئے۔ علاوہ ازیں شومیاں نامی ایک بالشویک جو کہ آذر بائیجان میں سویت اقتدار کے اولین بانیوں میں سے تھا جس نے ناگورنو قراباغ میں اپنی زندگی کے ابتدائی سال بسر کئے اور منفرد طور پر آرمینی ثقافت کی نمائندگی کی، اس کی یاد میں عمارتیں تعمیر کی گئیں۔ تعمیراتی اور یادگار قدیم عمارتوں کو بحال کیا گیا۔ اس کے ساتھ ساتھ معلوماتی اور موسیقی کے طائفوں کا آرمینا کے ساتھ تبادلہ عمل میں لایا گیا۔ الغرض کہ حیدر علی یو نے اپنے اس انٹرویو میں اس عرصہ کے دوران ناگورنو قراباغ میں سماجی اور اقتصادی حالات کے متعلق جاری کردہ غلط بیانات کی تردید کرتے ہوئے حاصل کردہ بھرپور ترقی کا ذکر کیا۔ بلاشبہ سویت یونین کی حکومت کی جانب سے مختص کردہ ۵۰ کروڑ روبل کی رقم علی یو کی رائے میں صورت حال کو معمول پر لانے کے لئے ناکافی تھی لیکن اصل صورت حال کچھ اور تھی ایک خصوصی انتظامی کمیٹی کے قیام سے یہ علاقہ درحقیقت آذر بائیجان کے قبضہ واختیار سے خارج کر دیا گیا تھا۔

علی یو نے تاریخ کے حوالہ سے اس بات کی جانب اشارہ کیا کہ ۱۹۸۲ء میں جارجیا کے شیرورد نادیذہ اور آرمینا کے دیمیر چیاں سے مارواۓ کا کیشا کی جمہوریتوں کے مابین تعلقات پر یارے واں میں بات چیت کرنے کے بعد انہوں نے عوامی یک جہتی کے بارے میں ایک تقریر کی جبکہ عبدالرحمٰن وزیراوف نے اپنے ایک اعلان میں یہ کہا کہ آذر بائیجان اور آرمینا کے لیڈران کے درمیان گزشتہ ۱۵ سال سے ملاقات نہیں ہوئی۔ اس سے عوام میں خاص طور پر ایک غلط تاثر پیدا ہوا۔ حیدر علی یو نے انٹرویو کے دوران دیگر کئی ایک حقائق کا بھی ذکر کیا تاہم ان کے بیاں سے یہ بات پوری طرح واضح ہوگئی کہ ان کے آذر بائیجان کی چودہ سالہ لیڈر شپ کے دوران عام دنیا نے اس بات کا بخوبی مشاہدہ کیا کہ آذر بائیجانی اداکاروں کو آرمینی سویت سوشلسٹ جمہوریہ کے عوامی اداکاروں کے شانہ بشانہ تمغوں سے نوازا گیا۔ یارے واں کے سٹیڈیم میں آذر بائیجان اور آرمینا کی سویت سوشلسٹ جمہوریتوں کی جانب سے پیش کردہ موسیقی کے پروگرام سے ہزاروں شائقین لطف اندوز ہوئے اور دنیا بھر نے دیکھا کہ آرمینا کا آذر بائیجان سے بڑھ کر کوئی برادر ملک نہیں



ہے۔ انٹرویو کا اختتام ایک گہرے دلی تاثر سے ہوا جب حیدر علی یو سے یہ پوچھا گیا کہ کیا انکے خیال میں ناگورنو قراباغ میں پیش آنے والے واقعات اس صورت میں بھی پیش آ سکتے تھے اگر وہ اس وقت آذر بائیجان کے لیڈر ہوتے تو انہوں نے جواب دیا کہ جو کچھ بھی پیش آ رہا ہے۔ وہ ان کے نزدیک ایک بہت افسوسناک ذاتی ٹریجڈی ہے۔

دوسرے ہی سال، دسمبر ۱۹۸۹ء میں آرمینا کی سپریم کونسل نے ایک غیر آئینی فیصلہ کیا جس کی رو سے ناگورنو قراباغ کا آرمینا سے الحاق کر دیا گیا اور ۹ جنوری ۱۹۹۰ء کو ناگورنو قراباغ کے اعداد و شمار کو اپنے سماجی و معاشی ترقی کے گوشوارے میں شامل کر لیا۔ ان دنوں پر اگر نظر دوڑائی جائے تو یہ بات سامنے آتی ہے کہ ۱۹۸۹ء کا سال آرمینا میں آذر بائیجانی آبادی کی مکمل نسل کشی کا سال تھا۔ حاصل شدہ اعداد و شمار کے مطابق آرمینا نے ۲۱۶ آذر بائیجانیوں کو جن میں کہ ۵۷ عورتیں اور ۲۳ بچے بھی شامل تھے قتل کر دیا جبکہ دو لاکھ پچاس ہزار آذر بائیجانی اپنے گھروں سے نکال دئے گئے۔

آذر بائیجان میں عام لوگوں کو جنوری میں پیش آنے والے خون آشام واقعات کا علم پہلی مرتبہ حیدر علی یو کے بیانات سے ہوا۔ تاہم ان لوگوں کی تعداد ماسکو میں رہنے والے آذر بائیجانیوں تک محدود تھی جو کہ سویت فوجیوں کی آذر بائیجان میں مداخلت اور باکو اور دیگر علاقوں میں قتل عام کی معلومات کے سلسلہ میں وہاں پر مقیم مستقل نمائندہ سے رابطہ کئے ہوئے تھے۔ فی الحقیقت حیدر علی یو کے اس اعلان کو ارباب اختیار نے آذر بائیجان کے عوام سے پوشیدہ رکھا ہوا تھا۔ پراودہ اخبار کی ۱۳ اپریل ۱۹۹۰ء کی اشاعت میں قارئین کے خطوط کے حصہ میں ''علی یوشینا'' عنوان کے تحت ایک ہجو تحریر تھی۔ حیدر علی یو نے ۹ فروری ۱۹۹۰ء کو دیئے جانے والے ایک انٹرویو کے دوران بین الاقوامی تعلقات کی پیچیدگیوں کا ذکر کرتے ہوئے گورباچوف اور اس کے ساتھیوں کی جانب سے ہر بات کے لئے سٹالن کے دور کو مورد الزام ٹھہراتے ہوئے اپنی شخصی پالیسیوں کی کوتاہیوں کو نظر انداز کرنے کی شکایت کی۔ مثال کے طور پر ماسکو کی نظر میں کولبن کا قازقستان میں بطور اول سیکرٹری تعین کرنا معمول کے مطابق تھا اور اسی طرح عبدالرحمٰن وزیراوف کا آذر بائیجان میں اول سیکرٹری کے عہدہ پر انتخاب، حالانکہ موخر الذکر اس سے پہلے ۱۲ سال تک بیرون

اگرچہ ان کے درمیان چپقلش عیاں تھی) حیدر علی یو کے مستعفی ہونے کے پورے پندرہ روز بعد ایک اور تعجب خیز بات سامنے آئی۔ آغاں بیجاں نامی ایک عالم (ACADEMICIAN) نے پیرس میں ترتیب کردہ پریس کانفرنس کے دوران ناگورنوقراباغ کے مسئلہ کا ذکر کرتے ہوئے اس یقین کا اظہار کیا کہ اس خودمختار علاقہ کو آرمینی جمہوریہ کو منتقل کرنا حق بجانب ہوگا اگرچہ اس کے ساتھ آرمینا کی کوئی مشترک سرحد نہیں ہے۔ اس طرح سے ایک فرد کے مستعفی ہونے سے ایک قوم کا مستقبل بری طرح متاثر ہوا اور اسے کم وبیش دس سالہ خون ریز خارجی جارحیت کا سامنا کرنا پڑا جس کے دوران عوام کی زندگی اجیرن ہوگئی اور وہ اپنے ہی ملک میں پناہ گزیں ہونے پر مجبور ہو گئے۔ بلاشبہ تاریخ میں شخصیت کے رول کے متعلق مارکسسٹ، لینن نسٹ مفکورے میں وجہ اور نتیجہ کے باہمی تعلق کی مکمل نفی ہوتی ہے تاہم حقائق سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ ہم با آواز بلند جس قدر بھی اعلان کریں کہ اگر حقائق ہمارے نظریہ سے مطابقت نہیں رکھتے تو اس میں حقائق کا قصور ہے لیکن فی الحقیقت اگر آپ انہیں دروازے سے باہر پھینک دیں تو بھی وہ کھڑکی سے بضد واپس آ جائیں گے۔

یوں لگتا تھا کہ حیدر علی یو کا خاموشی کے ساتھ مستعفی ہونے کا واقعہ بغیر کسی خاص توجہ کا باعث بنے گزر جائے گا۔ تاہم ایسا نہ ہوا۔ علی یو اور ''علی یوشیا'' سے موسوم ذات کے خلاف دو سطح پر مہم شروع کی گئی۔ ان میں سے ایک مختلف مقامات سے نام نہاد اشاروں کی تشکیل اور تنظیم تھی جبکہ دوسری سطح پر عام پریس میں ان کے خلاف تلقین کرنے والی تحریروں کی اشاعت تھی۔ ایسے قابل افسوس محرریں بغیر کسی احساس شرمندگی کے علی یو کے خاندان اور اس کے قریبی رشتہ داروں کے متعلق ہر طرح کی معلومات حاصل کر کے انکو بلیک میل کرنے کے لئے استعمال کرتے۔ تحریر کا انداز جانا پہچانا تھا اور اسے انہی خطوط پر پیش کیا جاتا تھا جیسا کہ ''رشیدوف شینا'' اور ''کنایوشینا'' کے خلاف جدوجہد کی مہمات۔ ناگورنوقراباغ کے متعلق مختلف فیصلے چونکہ سویت سوشلسٹ جمہوریتوں کی یونین کی سطح پر کئے جاتے تھے اس لئے واقعات کے تسلسل میں کئی اہم باتیں وقوع پذیر ہوئیں۔ ۲۴ اپریل ۱۹۸۹ء کو سویت یونین کی کمیونسٹ پارٹی کی مرکزی کمیٹی کی ہیت اجتماعی کے اجلاس میں یہ تجویز پیش کی گئی کہ جو کوئی بھی پنشن حاصل کرنے کی عمر تک پہنچ چکا ہے



مرکزی کمیٹی سے الگ ہو جائے۔ اس پر بیک وقت عمل کیا گیا۔ واشنگٹن پوسٹ اخبار کے مخابر ڈیوڈ ریمنک نے جب حیدر علی یو سے یہ دریافت کیا کہ کیا سب نمائندگان نے فی الحقیقت یک زبان ہو کر اس سے اتفاق کرتے ہوئے پارٹی کے اعلیٰ ترین ادارہ سے سبکدوشی اختیار کر لی تھی تو حیدر علی یو نے جواباً یہ کہا کہ مختلف بیانات یقیناً دیئے گئے تھے۔ تاہم ہیت اجتماعی کے ان ممبران نے جو کہ پنشن کی عمر کو پہنچ چکے تھے ان پر لعن تعن کی اور کہا کہ ایسے سب افراد کو سبکدوش نہیں ہونا چاہیے۔

ایسا لگتا تھا کہ کچھ لوگ کہیں نہ کہیں حیدر علی یو کے مستقبل میں دلچسپی رکھتے تھے اگرچہ ان کے آبائی وطن آذربائیجان میں ایسا نہیں تھا۔ اکتوبر ۱۹۸۷ء سے لے کر مارچ ۱۹۹۰ء تک علی یو کا کوئی لفظ یا خیال عوامی پریس میں نشر نہیں ہوا تھا۔ تاہم کارالو نے ''تھیٹر کی زندگی'' نامی رسالہ کے ۱۹۹۰ء کے چوتھے شمارہ میں ۲۹ نومبر ۱۹۸۹ء کو علی یو کے ساتھ ایک انٹرویو شائع کیا جس میں کہ حیدر علی یو نے ہنگامی حالات میں اضافہ کی سنگینی پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے فوری اقدامات کی ضرورت پر زور دیا۔ انٹرویو کے دورن کارالو نے خاص طور پر دریافت کیا کہ کیا ۱۹۷۰ء کے عشرہ میں ناگورنوقراباغ میں رہنے والے آرمینوں کے حقوق کو پامال کیا گیا تھا۔ اس کا جواب دیتے ہوئے حیدر علی یو نے ناگورنوقراباغ میں سماجی اور معاشی ترقی کے متعلق ٹھوس حقائق پیش کر کے یہ ثابت کیا کہ ۱۹۷۰ء اور ۱۹۸۰ء کے دو عشروں کے اعداد و شمار سے یہ واضح ہوتا ہے کہ آذربائیجان اور آرمینا کے مقابلہ میں ناگورنوقراباغ میں معاشی ترقی کہیں زیادہ تھی۔

اس خطہ میں پندرہ سال کے عرصہ میں صنعتی پیداوار میں تین گنا اضافہ ہوا۔ چیدہ چیدہ کاروباری شعبوں میں جوتے، بجلی و میکنائی آلات، کنڈنسر، زرعی مشینیں وغیرہ بنانے والے کارخانے شامل تھے۔ انگور کی پیداوار ۱۹۷۰ء کے عشرہ میں حاصل کردہ ۶۰۔۵۰ ہزار ٹن کے مقابلہ میں ۱۹۸۰ء تک ۱۳۰۔۱۲۰ ہزار ٹن تک پہنچ گئی۔ ایک لاکھ ستر ہزار کی آبادی والے ایک خودمختار علاقہ کے لئے یہ اعداد و شمار غیر معمولی طور پر زیادہ تھے۔ سٹپنا کرت میں ایک لسانی علوم کا ادارہ قائم کیا گیا۔ کئی لوگوں کا کہنا تھا کہ ایسے چھوٹے سے علاقہ میں اس کی کوئی ضرورت نہ تھی تاہم مقامی آبادی کی خواہشوں کے پیش نظر اس کا قیام عمل میں لایا گیا تھا۔ سٹپنا کرت میں ایک نیا تھیٹر جس

کھلے بندوں ۲۰ جنوری کے سانحہ کو غیر ذمہ دار انتظامی ڈھانچے جو یکے بعد دیگرے ایک دوسرے کی جگہ لیتے رہے کے سر تھوپنے لگے جنہوں نے عوام کو خاموش رہنے پر مجبور کیا۔ اور ان سے سیاہ جنوری کے صحیح حقائق کو پوشیدہ رکھا۔

تاہم عوام کا حافظہ مضبوط ہے اور ان کے صبر کی کوئی انتہا نہیں۔ ۱۹۸۲ء کے بعد انہوں نے مسلسل تبدیلی اقتدار کا مشاہدہ کیا۔ بیگی روف، وزیراوف، مطالب اوف اور پھر ایلچی بیگ حکومت کے سربراہ ہوئے۔ اگر ان سے ایک کا طریقہ کار بالکل جداگانہ تھا تو یہ کہنا بھی مناسب ہو گا کہ ہر چار کا طریقہ کار ایک دوسرے سے بہت مختلف ہونے کے باوجود ایک لحاظ سے مشابہت رکھتا تھا۔ اور وہ یہ کہ ان میں سے ہر ایک لاچار دکھائی دیتا تھا جو کہ جمہوریہ کی قیادت کیلئے نااہل تھا اور نہ ہی عوام کو بحران سے نکالنے کی صلاحیت کا مالک۔ ان چاروں کا حلیہ مختلف، مقاصد مختلف، زندگی اور انداز تک بھی مختلف تھا۔ تاہم قطع نظر اس کے کہ وہ کمیونسٹ نوجوانوں کی تنظیم ''کومسومول'' کے سربراہ یا ماضی میں مخالفت ان کا طرہ امتیاز تھا ان میں ایک ایسی خصوصیت تھی جو انہیں یکجا رکھے ہوئے تھی۔ وہ اقتدار کے شدید بحران پر قابو پانے، غیر ذمہ دار اداروں کی موجودگی اور عوام سے ان کی اجنبیت کی وجہ سے لیڈر شپ کی اہلیت نہیں رکھتے تھے۔

علی یو کے بعد برسر اقتدار آنے کے ناطے وہ اس کے پیش رو لگتے تھے لیکن اگر ہو یا نہ ہو کے اصول کی بنیاد پر تقسیم کا ایک خط کھینچا جا سکتا تو حیدر علی یو اس کے نقش قدم پر چلنے والے دوسری جانب دکھائی دیں گے۔ اس قسم کے موازنہ سے یہ بات یقینی طور پر سامنے آ جائے گی کہ پیش رو افراد کا مقام ایسے لوگوں کی صف میں تھا جو اقتدار حاصل کرنے کی خواہش رکھتے تھے اور اس بنا پر خاص رویہ کے محتاج تھے۔ تاہم حیدر علی یو ہمیشہ بقا کا خواہاں تھا اور وہ جو بھی تھا ہمیشہ اپنی خودی کے شعور کے ساتھ وابستہ تھا۔



# خاموش سیاست

۲۱ اکتوبر ۱۹۸۷ء کو حیدر علی یو کی درخواست پر سویت یونین کی کمیونسٹ پارٹی کی پوری مرکزی کمیٹی نے سیاسی بیورو کے ممبران کی ریٹائرمنٹ پر انکو فرائض سے سبکدوش کئے جانے کے متعلق ایک قرارداد منظور کی۔ درحقیقت اس روز سے جنوری ۱۹۹۰ء تک وقوع پذیر ہونے والے واقعات کے متعلق حیدر علی یو کا ایک بھی تجزیہ پریس میں شائع نہیں ہوا تھا۔

اخبار نویس آندری کارالوف نے کچھ عرصہ بعد حیدر علی یو کے مستعفی ہونے کی وجوہات پر جب ایک براہ راست سوال کیا تو اسے ایک سطحی سا جواب ملا۔ سویت یونین کی کمیونسٹ پارٹی کی مرکزی کمیٹی کے سیکرٹری جنرل میخائل گورباچوف کے ساتھ بات چیت کے دوران موخر الذکر نے اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے اس بات کی جانب اشارہ کیا کہ حیدر علی یو کو رخصت ہو جانا چاہیئے۔ حیدر علی یو نے اس پر نہایت ہی مختصر جواب دیتے ہوئے کہا کہ ''اگر سیکرٹری جنرل میرے ساتھ کام کرنے کے خواہاں نہیں ہیں تو میں چلا جاؤں گا''۔ یہ بات عیاں تھی کہ حیدر علی یو کے کابینہ کے چیرمین کے اول نائب کے عہدہ سے سبکدوش کئے جانے کا فیصلہ ہو چکا تھا۔ درحقیقت حیدر علی یو کو میخائل گورباچوف کی تجویز پر کوئی خاص تعجب نہیں ہوا تھا۔ کریملن ہسپتال میں قیام کے دوران رزکوف کے سوا کسی نے بھی ان کی عیادت نہیں کی تھی۔

(اس ضمن میں یہ کہنا بھی چنداں غلط نہ ہو گا کہ ہسپتال میں ان کا قیام بھی کریملن میں تیار کئے جانے والے منصوبہ کا ایک لازمی جزو تھا جس کے کئی اسرار انگیز پہلو تھے۔ اگر اس کے ساتھ ساتھ پیش آنے والے واقعات کے تناظر میں اس کا جائزہ لیا جائے تو اہم توضیحات ممکن ہوں گی۔ خیال کیا جاتا ہے کہ کبھی نہ کبھی حیدر علی یو اپنی یادداشتیں لکھتے ہوئے (اپنے ہٹائے جانے کی حقیقی وجوہات پوری سچائی سے تحریر کریں گے۔ یہ بات یاد رکھنے کے قابل ہے کہ جوان اور پر اعتماد میخائل گورباچوف حیدر علی یو کی مدد کیساتھ ہی سیکرٹری جنرل کے عہدہ پر فائز ہوئے تھے۔

منسوب تھا۔ اس لاقانونیت کی بدولت ایک ایسا شخص برسر اقتدار آیا جس کا نام مطالب اوف تھا۔

مطالب اوف کے اقتدار کی ابتدا جنوری ۱۹۹۰ء کے خون آشام واقعات اور فروری ۱۹۹۲ء میں خوجہ علی کے ہولناک سانحہ سے ہوئی۔ جنوری ۱۹۹۰ء کے خونی واقعات نے اس خام خیالی کو دور کر دیا کہ سویت ٹینک غیر مسلح پُر امن شہریوں کو سولی پر لٹکانے، عورتوں کی جبری بے حرمتی کرنے اور مسخ شدہ جسدوں کو روندنے کے خون آشام گھناؤنے کام نہیں کر سکتے۔ اسی طرح خوجہ علی کے باسیوں نے دنیا کے سامنے آرمینی مسلح افراد کی جانب سے مدافعتی قوت سے محروم بیچارے انسانوں کے خلاف شدت کی کاروائیوں کا خاکہ کھینچ کر لوگوں میں انسانیت کی امید کی کرن تک کو ختم کر دیا ہے۔ سوال یہ ہے کہ ان لوگوں کی حفاظت کس کے ذمہ تھی، ''عوام کے باپ'' کہلانے والے سابقہ لیڈر کہاں تھے؟ وہ کیا سوچ رہے تھے اور کیا کر رہے تھے جس وقت لوگوں کا خون بہایا جا رہا تھا؟

آج وزیر اوف اور مطالب اوف اور آذربائیجان کا قومی محاذ ایک بات پر یکجا ہیں اور وہ ہے جنوری ۱۹۹۰ء کے واقعات اور اس وقت معدوم ایک ریاست یعنی سابقہ سویت سوشلسٹ جمہوریتوں کی یونین کی غلطی پر اصرار۔ جہاں تک کہ ان کا اپنا تعلق ہے ان سب کو یکجا طور پر اعداد و شمار پر انحصار کرنا ہوگا۔ سوال کیا جا سکتا ہے کہ کیا یہ صحیح ہے؟ ان کے آپس کے سمجھوتے کے مطابق یہ بات واضح تھی کہ سیاہ جنوری سے منسلک تمام واقعات اور اپنے ہی عوام کے خلاف اس جرم کے تمام شواہد اور نشانات کو معدوم کر دیا جائے۔ لیکن کیا کیجئے کہ اور بھی ماخذ ہیں اور ان کے حافظے انہیں محفوظ کئے ہوئے ہیں۔ اور ویڈیو کونجوں کی طرح یہ ماخذ بے گناہوں کے خون بہائے جانے کے شاہد ہیں۔ چنانچہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ اقتدار کی قیمت چکانی پڑتی ہے۔ مطالب اوف کی آمد اور رخصتی ہر دو اسی خونی ہنگامہ کے زیر سایہ وقوع پذیر ہوئی۔ اس کا ذکر کرتے وقت ہر کوئی تین مرتبہ یہ الفاظ دہراتا ہے۔

''۔۔۔۔۔ اس میں کوئی شک وشبہ نہیں کہ جو کوئی بھی جب کبھی بھی دنیا کے اس وقت کے آزاد بندھن سے نجات حاصل کرے گا، یوم حساب سے نجات حاصل نہیں کر سکے گا جہاں پر کہ کبھی نہ سنے جانے والی سزا اسکی منتظر ہے۔ خوجہ علی رات کی کراہیں ایک لمحہ کے لئے بھی اس کا پیچھا



نہیں چھوڑیں گی۔ اور اس کی ابدی تکلیف کی چیخوں کو اپنے میں دبا دیں گی۔ آمین۔

ابتدا میں اس سانحہ کو پیش آنے والی صبح کے وقت اس کا شکار ہونے والے افراد کو حکومت نے دھوکا دیا اور اس کے لئے مجرموں کے ایک چھوٹے گروہ کو مورد الزام ٹھہرایا۔ موت کا سامنا کرتے وقت بھی انہوں نے حقیقت کو بیان کرنا ضروری نہیں سمجھا تھا۔

۲۰ جنوری ۱۹۹۰ء کی ٹریجڈی کو حیدر علی یو نے شدت سے محسوس کیا۔ آذربائیجانی عوام کے قاتلوں کے خلاف قومی سطح پر غم وغصہ اور نفرت کے اظہار میں شمولیت پر انہیں ۲۱ جنوری کو آذربائیجان جمہوریہ کے ماسکو میں مستقل نمائندہ مقرر کیا گیا۔ اس مستقل نمائندگی کی تقرری کے موقع پر حیدر علی یو نے ایک اعلان جاری کیا جس میں انہوں نے آذربائیجانی عوام سے تعزیت کرنے کے ساتھ ان قاتلانہ کاروائیوں کی مذمت کی۔ نمائندگی کے اس عرصہ میں جنوری کے ماتمی دنوں کے دوران انہیں پہلی مرتبہ کمیونسٹ پارٹی ترک کرنے کا خیال آیا۔

حیدر علی یو کے غم میں اضافہ کی وجہ ان دنوں اس لئے بھی تھی کہ انہیں باکو جا کر ۲۰ جنوری کے سانحہ کا شکار ہونے والوں کی ماتمی رسومات میں شرکت کا موقعہ تک بھی نہیں دیا گیا تھا۔ اس سے زیادہ یہ کہ جمہوریہ کی لیڈرشپ نے باکو میں موجود ہونے کے باوجود ان لوگوں کے ماتم میں شرکت تک نہ کی تھی۔

اس طرح سے تماماً ترک کیئے جانے والے عوام سیاہ ماتمی لباس میں ملبوس روایتی سرخ پھولوں کو سجا کر شہر میں جمع ہوئے اور اپنے بچوں کو انہوں نے سپرد خاک کیا۔ انہوں نے مزار میں دفن کی کاروائی اکیلے سرانجام دی۔ بعد ازاں وہ اس انتظار میں رہے کہ اس سانحہ کے ذمہ دار اصل افراد کے نام انہیں بتائے جائیں۔

چار سال کے طویل عرصہ تک وہ اس دہشت گردی کو شروع کرنے والوں کی حقیقت جاننے کے انتظار میں رہے۔

قراردادیں منظور کی گئیں، اجلاس منعقد کیئے گئے اور مرنے والوں کی برسیاں منائی گئیں۔ مگر یہ قتل برپا کرنے والوں کا نہ تو کبھی نام لیا گیا اور نہ ہی کبھی ان کا ذکر تک کیا گیا۔ لوگ

متعلق معلومات فراہم کرتے رہتے تھے۔ تاہم ان دنوں میں ٹیلیفون پر بات کرنا بھی خطرے سے خالی نہ تھا اور بعض دفعہ اس کے نتائج سنگین ہوتے تھے۔ ان حقائق کی تصدیق با آسانی ہوسکتی ہے۔

آذر بائیجانی عوام کی زندگی میں حیدر علی یو کے بعد کے اس دور میں کئی ایک واقعات پیش آئے۔ یہ بات کیا کم تھی کہ تجرید کردہ حیدر علی کو اپنے ہی عوام سے جسمانی طور پر دور کر دیا گیا تھا اور اس وقت ان کے ساتھ نہ تھے۔ عوام کئی ایک مشکلات سے دوچار نہ ہوتے اگر وہ وہاں ہوتے۔ تاہم یہ سب مفروضے "اگر" سے وابستہ ہیں۔

اگر آج کے آذر بائیجانی عوام سوسائٹی کے اتحاد کی اس روح اور مزاج کو از سر نو اپنا سکیں جس کی بدولت وہ بھاری تعداد میں ۱۹۸۸ء میں چوک میں جمع ہوئے تھے اور جبکہ انہوں نے اس بات کا مظاہرہ کیا تھا کہ طاقت اور اقتدار کا نہ ختم ہونے والا سرچشمہ اتحاد ہی ہے۔ یہاں اس کا ذکر کرنا مناسب ہوگا کہ اس وقت بھی بعض لوگ ایسے تھے جو کہ سیاست کو اپنے مفاد کے لئے استعمال کر رہے تھے۔ اور اگر چہ وہ لوگ عوام سے لاتعلق تھے تاہم ان کے جوش وخروش سے فائدہ اٹھا رہے تھے۔ یہ ایسے ہی لوگوں کی جانب سے واقعات کو کچھ اس طرح مرتب کرنا جس سے کہ آذر بائیجان ایک ایسا ملک بن جاتا جو کہ مزید ترقی سے عاری پہلے سے متعین "فلاکت" کے نظریہ کے قوانین کی لپیٹ میں آجاتا۔ علی یو نے ۱۹۹۰ء میں اس میں مانع ہونے کی ناکام کوشش بھی کی۔

اس سلسلہ میں تاریخ کسی شق کی محتاج نہیں اور بعض مرتبہ محض اپنی بے رحمی کو ہی عیاں کرتی ہے۔ تحریک کا مقصد نظریہ فلاکت کے قفس میں محبوس ایک ایسی کیفیت کو وجود میں لانا تھا جس کے تحت عوام ایک ہی ساتھ قرا باغ میں آرمینوں کی جانب سے طاقت کے بل بوتے نکالے جانے والے تین لاکھ آذر بائیجانیوں کی آبادکاری، "توپ خانہ" میں جنگلات کا صفایا اور وجود میں آنے والی قومی تحریک آزادی کی قوت کو کچلنا شامل تھا۔ آج اس حقیقت کو بیان کرتے ہوئے حیرت ہوتی ہے کہ آذر بائیجان کے ان پُر آشوب شب و روز کے واقعات کو تا حال قلمبند نہیں کیا گیا۔ وہ ایک ایسا وقت تھا جبکہ قرا باغ کا دکھ درد ہر ایک کے دل میں جاگزیں تھا جس نے سب کو ٹھوس کارروائی کرنے کے لئے آمادہ کر دیا جو کہ یک جہتی اور احتجاج کے مظاہروں کی صورت میں



ظہور پذیر ہوا جس میں کوئی تنظیم، محاذ، پارٹی یا تحریک کے طور پر شامل نہ تھی۔ چوک میں جلسوں کا سماں تھا، لوگ ان جلسوں کی خبروں اور افواہوں پر زندہ تھے۔ اس زمانہ کی جمہوریہ کی لیڈر شپ کا نیم بد دلی اور نیم حقارت کا رویہ بھی اس اجلاس کی فضا کی تشکیل میں نمایاں تھا۔ جمہوریہ کی لیڈر شپ کی اس سلسلہ میں ثابت قدمی کے متعلق شکوک وشبہات پیدا ہونے شروع ہوگئے تھے اور لوگوں میں اس بات کا پختہ یقین ہوگیا کہ انہیں دھوکہ دیا گیا ہے اور لیڈر شپ نے ان کے پس پشت مرکز اور آرمینا سے سمجھوتہ کرلیا ہے۔ "قرا باغ ہمارا ہے" کے نعرے بالاخر لیڈر شپ کے مستعفی ہونے کے مطالبہ میں بدل گئے۔

۱۹۸۹ء کے اواخر تک دو حکومتی قوتیں وزیر اوف، مطالب اوف اور قومی محاذ ایک دوسرے کے حریف بن گئے۔ حکومت نے اپنی قوت کا مظاہرہ ۲۰۔۱۹ جنوری ۱۹۹۰ء کی ہولناک رات کو کیا جب فوجی جوان اور ٹینک باکو میں داخل ہوئے اور اپنی بے رحمانہ کارروائی کے دوران پُر امن شہریوں کا قتل عام کیا۔ قومی محاذ نے اپنی طاقت کا مظاہرہ کرتے ہوئے لیڈروں کی جانب سے فوجیوں کا مقابلہ کرنے کے لئے نوجوانوں کو دعوت دینا اور اس بات پر اصرار کرنا تھا کہ طفلس کے واقعہ کے بعد فوجی ان پر گولیاں چلانے کی جسارت نہیں کرسکیں گے وغیرہ وغیرہ۔ بلا شبہ واقعات ایسے تناظر میں پیش آئے جن کا تعین پہلے سے ہی کیا جاچکا تھا اور اس کے تحت حکومت اور قومی محاذ کے علیحدہ علیحدہ رول کو پیش نظر رکھا گیا تھا۔

اس طرح سے سیاسی کوتاہ نظری، عدم معاونت کی مایوسی اور فیصلے کرنے میں نا اہلی، غرضیکہ ہر چیز عیاں تھی ان سب کا شکار بدقسمت عوام تھے۔ گولیوں سے چھلنی سینکڑوں مسخ شدہ جسد اور مدد کے لئے تیزی سے دوڑتی ہوئی ایمبولینس گاڑیاں جاری لاقانونیت کے ہولناک احساس کو جنم دے رہی تھیں۔

اگر روایتی خود ارادی کی مخالفت اور ارادوں کے فقدان کے ساتھ ساتھ لاقانونیت کے پہلو کا اضافہ کر دیا جائے تو غداروں کی ایک نئی نسل منظر عام پر آنے کے ساتھ ساتھ لاقانونیت کا ایک ٹھوس نمونہ دکھائی دے گا۔ آذر بائیجان میں اس نئے سیاسی دور کا آغاز ہر طرح کی لاقانونیت سے

حالیہ سالوں میں آرمینی شدت پسندوں نے کامیابی کے ساتھ ۱۳۰ ترک سفارت کاروں کو قتل کیا۔۔۔اور تم بھی ہو علی یو۔۔۔''

اس نفرت اور بدنیتی سے بھرپور خط اور حیدر علی یو کے مستعفی ہونے اور سیاسی بیورو سے علیحدگی کے ساتھ ساتھ آغاں بلیجان نے بظاہر قراباغ کی آرمینا کو منتقلی کی اجازت دیئے جانے کے بارے میں اعلانیہ میں بہت ہی تھوڑا وقفہ تھا۔ اس طرح یہ حرکت کا دائرہ پایہ تکمیل تک پہنچا۔ حیدر علی یو کے مستعفی ہونے سے آرمینا کے پژمردہ قوم پرست حلقوں میں انتہائی غرض کارانہ خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ ان کی آرزوں کے راستے میں حائل سب سے بڑی رکاوٹ حیدر علی یو کے ہٹ جانے سے ہر ایک نے براہ راست اپنی کامیابی کے لئے کاوشیں شروع کر دیں۔ یہ محض علی یو کے موضوع پر ایک ایسا رویہ تھا جسکو سابقہ سویت سوشلسٹ جمہوریتوں کی یونین کی لیڈر شپ میں موجود آرمینی حمائیتی حلقوں کی چیدہ چیدہ حکومتی شخصیات کی جانب سے مختلف آوازوں کے ساتھ فروغ اور عملی جامہ پہنایا گیا تھا۔

ان حالات کے تحت آذر بائیجان کی کیمونسٹ پارٹی کی مرکزی کمیٹی کے اول سیکرٹری کامراں بیگی روف جو حیدر علی یو کی جگہ اس عہدہ پر فائز ہوئے تھے، جیسے قانون کا احترام کرنے والے ایک شہری بھی مرکزی اداروں اور آرمینی لابی کی منشاء کے مطابق نہیں تھے۔ ان کی جگہ کسی اور کا تعین ضروری سمجھا گیا اور نہایت عجلت کے ساتھ اسے تلاش کر لیا گیا۔ ان کی جگہ جس آدمی کا نام منظر عام پر لایا گیا وہ پاکستان میں سویت سوشلسٹ جمہوریتوں کی یونین کے سفیر عبدالرحمٰن وزیراوف تھے۔

عبدالرحمٰن وزیراوف کے رجحان کا تجزیہ تا حال تحقیق کاروں کی توجہ کا منتظر ہے۔ وزیراوف جو آذر بائیجان کی زبان، روایات اور عوامی روائج سے شناسا نہ تھے بہت جلد پوری آذر بائیجانی سوسائٹی کی تقسیم کا باعث بن گئے۔ یہ توڑ پھوڑ کئی سطح پر تھی۔ ان میں سے ایک علی یو کو مورد الزام ٹھہرانا تھا۔ اس کا ایک اور پہلو وزیراوف کیلئے عوامی مخالفت تھی۔ عوام کے ذہن میں وہ ہمیشہ کیمونسٹ نوجوانوں کی تنظیم ''کوسومول'' کا ایک فعال کارکن، مرکزی پالیسیوں کا ایک بے حس آلہ کار تھا جس



نے اپنے ہاتھ عوام کے خون سے رنگے اگرچہ آخر تک اسے کبھی اس کا احساس نہ ہوا۔

حیدر علی یو کے سیاسی بیورو سے حیرت انگیز طور پر مستعفی ہونا ماسکو میں اس کے گرد و پیش پائے جانے والی عجیب و غریب فضا کے جاری رہنے کا منطقی نتیجہ تھا۔ اس فضا کی اولین خصوصیت ان کو الگ تھلگ کیا جانا تھا۔

بعض محکموں کی جانب سے انہیں دی جانے والی محکم توجہ کے پیش نظر حیدر علی یو کی ماسکو میں تجرید درحقیقت گھر میں نظر بندی کے مترادف تھی۔

حیدر علی یو کو الگ تھلگ رکھنے کے پس پشت دوررس مقاصد تھے۔ ان میں سے سب سے نمایاں ان کی آذر بائیجان واپسی کو خارج از امکان کرنا تھا۔ ماسکو میں ان دنوں سرکاری حلقوں کا خیال تھا کہ ان کی آذر بائیجان واپسی نامناسب ہی نہیں بلکہ خطرناک ہو سکتی ہے۔ یہ اس لئے خطرناک تھی کیونکہ سب سے پہلے تو یہ کہ مرکز قراباغ کے الحاق کے منصوبے بنا رہا تھا جس میں کہ قراباغ گزرگاہ کی ضرورت کے بہانہ سے آذر بائیجان کی آبائی اراضی پر قبضہ کرنا بھی شامل تھا۔ اس منصوبہ کی تیاری میں سارا انحصار آذر بائیجان میں ایک کٹھ پتلی حکومت کے جاری رہنے پر تھا۔ اگرچہ مقصد واضح تھا تاہم اسکو عملی جامہ پہنانے کے لئے طریق کار کی ضرورت تھی۔ چنانچہ بغیر کسی ہچکچاہٹ کے حیدر علی یو کو نظروں سے گرانے کے واحد مقصد کے ساتھ ذرائع ابلاغ میں ایک مہم شروع کر دی گئی۔ جمہوریہ میں پائے جانے والے حقائق میں کوئی بھی جو اس مقصد میں کارآمد ہو سکے کو توڑ پھوڑ کر استعمال میں لایا گیا۔ غرضیکہ ہر طرح کے ذرائع کو بروئے کار لایا گیا حتیٰ کہ علی یو کے خاندان کے افراد پر حملے کئے گئے۔

ان حالات میں حیدر علی یو کیلئے اپنے مادر وطن آذر بائیجان واپسی ناممکن ہو گئی تھی۔ جمہوریہ کے متعلق اطلاعات پر پابندی ان کی تجرید کے ماحول کا ایک اور خاصہ بن گیا۔ ان حالات میں غلط اطلاعات کے پروپیگنڈا کی بدولت آذر بائیجان کے حقیقی حالات کے بارے میں معلومات بھلا ماسکو کیونکر پہنچ سکتی تھیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ اس عرصہ میں کئی ایک لوگ علی یو سے رابطہ برقرار رکھنے کی کوشش کرتے ہوئے ان سے بات کرنے اور آذر بائیجان کی صحیح صورت حال کے

بھی کی گئی تھیں مگر آذر بائیجان نے اس عرصہ میں ایک مربع میٹر سے بھی دست بردار ہونے سے انکار کر دیا تھا۔ نہ صرف یہ بلکہ علی یو نے آرمینا کی روایتی جنگجویانہ آذر بائیجان دشمنی کے مفکورہ کو تہس نہس کرنے کی استعداد کا بھی مظاہرہ کیا۔ یہ کہا جا سکتا ہے کہ آرمینی مفکورہ کے حامی بعد ازاں کئی سالوں تک اپنے عوام کے شعور کو تبدیل کرنے کے لئے کوشاں رہے اس کے لئے ضروری تھا کہ وہ اشتعال انگیزی اختیار کرتے چنانچہ انہوں نے نہایت مہارت کے ساتھ جمہوریہ آذر بائیجان کے شہر سمگت میں قتل عام برپا کیا۔ وہاں پر ایک جارح ٹولہ نے جس کی قیادت عمدہ آذری زبان بولنے والا ایک آرمینی کر رہا تھا آرمینی مکانوں کو تہہ و بالا کر دیا۔

ابتدا میں آرمینی عوام تک اپنے انتہا پسندوں کے ساتھ نہ تھے۔ چنانچہ یہ ضروری تھا کہ خون بہایا جائے چاہے یہ خون اپنے ہی لوگوں کا کیوں نہ ہو۔ بعد ازاں انہوں نے بدلہ لینے کا نعرہ بلند کیا۔ سمگت میں بہایا جانے والا خون یارے واں کے ان لیڈروں کے سر ہے جو کہ عوام کے درمیان نفرت اور موت کا بیج بو رہے ہیں۔

اس کا ایک ہلکا سا خاکہ نام نہاد قراباغ کمیٹی کے ممبران میں سے ایک ایگور مرادیاں نامی شخص کے تحریر کردہ ایک خط جو کہ ۱۹۸۷ء میں حیدر علی یو کو ماسکو میں موصول ہوا کے ایک حصہ کی درج ذیل عبارت سے منظر عام پر آتا ہے۔ یہ خط کچھ یوں شروع ہوتا ہے۔

''علی یو میں تمہیں ناخچیو ان، ناگورنو قراباغ اور آذر بائیجان سویت سوشلسٹ جمہوریہ میں آرمینی آبادی کی نسل کشی میں شمولیت کا ملزم گردانتا ہوں۔ جمہوریہ کی کمیونسٹ پارٹی کی مرکزی کمیٹی میں اول سیکرٹری کے عہدہ پر تمہارے فائز رہنے کے دوران شنید نہ ہونے والی آرمینی نسل کشی کی پالیسی پر پہلے مساوات پارٹی کی حکومت اور بعد ازاں ۱۹۲۰ء سے ۱۹۸۷ء تک آذر بائیجان سویت سوشلسٹ جمہوریہ کی حکومتی پارٹی لیڈر شپ کی جانب سے کامیابی کے مختلف مدراج کے ساتھ عمل کیا گیا''۔ خط کا اختتام غیر معمولی طور پر ان الفاظ سے ہوتا ہے۔

آرمینی عوام کی نسل کشی کا انتقام لینے کے لئے آرمینی بدلہ لینے والوں نے درج ذیل ترکی اور مساواتی آذر بائیجانی اہم حکومتی شخصیتوں کو قتل کر دیا ہے۔



۱۔ ۱۹۲۰ء میں انہوں نے مساوات آذر بائیجان کے صدر خاں خویسکی جنہوں نے ستمبر ۱۹۱۸ء میں باکو میں آرمینی نسل کشی کو منظم کیا تھا، قتل کر دیا۔

۲۔ ۱۵ مارچ ۱۹۲۱ء کو سوگومن طیلیرن نے برلن میں ۱۹۱۵ء میں آرمینی نسل کشی منظم کرنے والوں میں سے ترکی کے وزیر امور داخلہ طلعت پاشا کو قتل کر دیا۔

۳۔ ۱۹ جولائی ۱۹۲۱ء کو میثاق طرسمقیاں نے قسطنطنیہ میں مساوات، آذر بائیجان کے وزیر امور داخلہ بیوت خان جوان شیروف جو کہ ستمبر ۱۹۱۸ء میں باکو میں آرمینی قتل عام کا مجرم تھا قتل کر دیا۔

۴۔ ۶ دسمبر ۱۹۲۱ء کو ارشاویر شرا کیاں نے ترکی کے اعلیٰ عہدے دار جیا سعید علیم کو جو کہ ۱۹۱۵ء میں آرمینی قتل عام کا مجرم تھا روم میں قتل کر دیا۔

۵۔ ۱۷ اپریل ۱۹۲۲ء کو آرم ارکانیاں اور ارشیور شرا کیاں نے حکومت ترکی کے ایک عہدہ دار بہاالدین شاکر جس نے کئی ہزار آرمینی بچوں کو بحر اسود میں ڈبوئے جانے کے احکامات جاری کئے تھے برلن میں قتل کر دیا۔

۶۔ ۲۵ جولائی ۱۹۲۲ء بعد دوپہر ۵ بجے پطرس طر پوگوسیاں اور زارہ ملک شاہ نظریاں نے ترکی کے وزیر بحریہ جمال پاشا جو کہ ۱۹۱۵ء میں ارمینوں کی نسل کشی منظم کرنے والوں میں سے ایک تھا طفلس میں قتل کر دیا۔ قتل کا انتظام ارطاشَس جیور کیاں نے کیا تھا۔

۷۔ ۱۵ اگست ۱۹۲۲ء بخارا کی امارت میں ترکی کے وزیر فوج جو کہ ۱۹۱۵ء میں آرمینی نسل کشی کو منظم کرنے والوں میں سے ایک تھا اور بعد میں بخارا کے امیر کی افواج کا کمانڈر مقرر ہوا، اُس وقت قتل کیا گیا جب وہ مسجد سے نکل رہا تھا۔ انور پاشا کا خاتمہ آقوب یعقوبلی ایوچ ملکو میں کے زیر کمانڈ سرخ فوج کے ایک سکواڈرن نے کیا۔ یہ شخص جو بعد میں کمانڈر کے عہدہ پر ترقی پا گیا ناگورنو قراباغ کے طاگاورت نامی گاؤں سے تھا۔ انور کو براہ راست سروخانیاں نے قتل کیا جو کہ ناگورنو قراباغ کا رہنے والا تھا۔ اس موقع پر سویت آرمینیا کی حکومت کے سربراہ الیکسنڈر رفیڈ روچ میاس نیکیاں نے اس کاروائی سے آرمینیوں کی نسل کشی کو منظم کرنے والوں میں سے آخری فرد کا خاتمہ ہونا بیان کیا۔ الیکسنڈر رفیڈ روچ کی واحد غلط بیانی یہ تھی کہ انور اس سلسلہ کا آخری نہ تھا۔۔۔

حیدرعلی یو کے سیاسی بیورو سے ہٹائے جانے کے پس پشت تمام پیچیدہ عوامل کا افشا کرنا یا ذکر چند ایک سطور میں بیان کرنا ناممکن ہے اگرچہ ایک بات واضح ہے اور وہ یہ کہ سویت افواج کی آذربائیجانی عوام کے خلاف قراباغ میں جنوری ۱۹۹۰ء میں خونی جارحیت اور قومی آزادی کی تحریک کو کچلنے اور سامراجیت کو برقرار رکھنے کی کوششیں تھیں۔ یہ سب واقعات ایک ہی منصوبہ اور زنجیر کی کڑی تھیں جس کا نقطہ آغاز حیدرعلی یو کو سیاسی منظر سے ہٹانا تھا۔

حیدرعلی یو کے ماسکو میں قیام کے پورے عرصہ میں ان کے آذربائیجان سے منسلک اقتدار کی سکیم میں بدستور موجود رہنے کے پیش نظر آرمینی لابی کے نزدیک وہ اور قراباغ ایک دوسرے سے ناقابل جدا تھے۔ اب یہ بات بغیر کسی شک وشبہ کے واضح ہو چکی ہے کہ حیدرعلی یو جیسی ایک سیاسی شخصیت کے آذربائیجان اور ماسکو کے حلقہ اقتدار میں موجودگی کے دوران ہی قرا باغ پرامن رہ پایا تھا۔ ''عظیم آرمینا'' مفکورہ کے حامی اس بات سے بخوبی واقف ہیں کہ ۱۹۶۸ء میں جب حیدرعلی یو کے جی بی کے چیئرمین تھے اور عام طور پر آذربائیجان اور آرمینا کی دوستی کی تعریف کی جارہی تھی اس وقت صرف انہوں نے اختلاف رائے کا اظہار کیا تھا آذربائیجان کی کمیونسٹ پارٹی کی مرکزی کمیٹی کے اجلاس کاملہ سے ۲۸ اگست ۱۹۶۸ء کو خطاب کرتے ہوئے حیدرعلی یو نے تشویش کیساتھ ان الفاظ میں خبردار کیا تھا:

''۶۸۔۱۹۶۷ء'' کے عرصہ میں ہم نے غیرملکی آرمینی قومی تنظیموں، خاص طور پر ''دشناک ستون'' کا ہماری جمہوریہ کے حوالہ سے ازسرنو کاروائیوں میں غیرمعمولی اضافہ کا مشاہدہ کیا ہے۔ سرمایہ دار دنیا کے کئی ایک ممالک سے قومی نوعیت کے مقالات جن میں کہ مختلف مطالبات اور اپیلیں درج تھیں سویت اداروں، جمہوریہ کے رسالہ، پریس اور اخبارات کے صحافتی بورڈوں کو ارسال کئے گئے۔ غیرممالک میں ''دشناک'' حلقوں نے جمہوریہ میں زندگی کو یکطرفہ اور مسخ انداز میں پیش کیا''۔

حیدرعلی یو نے جولائی ۱۹۶۹ء میں جمہوریہ کی لیڈرشپ سنبھالنے کے بعد تھوڑے ہی عرصہ میں آذربائیجان، آرمینا کے مسئلہ کی توضیح کا رخ موڑتے ہوئے اسے مکمل طور پر ایک مختلف



سطح پر لے آئے۔ اس دوران ایک جانب تو ہمسایہ جمہوریتوں کے سائنسی اور ثقافتی نمائندوں کے ساتھ قریبی روابط قائم ہوئے جبکہ دوسری جانب ناگورنو قراباغ کے تمام معاشی مسائل کی طرف ضروری توجہ دی گئی اور سماجی، ثقافتی میدان میں تیزی کے ساتھ ترقی ہوئی۔ شوشا شہر کی ترقی کی ایک خصوصی قرارداد منظور کی گئی۔ ناگورنو قراباغ میں کئی ایک صنعتی ادارے قائم کئے گئے۔ وہاں پر لسانیت کا انسٹیٹیوٹ قائم کیا گیا جہاں پر تین زبانوں: آذربائیجانی، آرمینی اور روسی میں تربیت دی جاتی تھی جس سے علاقہ کی تربیت یافتہ افرادی ضروریات پوری ہونے لگیں۔

اس طویل المدت واضح پالیسی اور منصوبہ بندی کا ہر ایک شعبہ میں ٹھوس عملی مشاہدہ کیا جاسکتا تھا۔ اس عرصہ میں فن موسیقی کے آذربائیجانی استادوں نے سٹیڈیموں میں اپنے فن کا مظاہرہ کیا جس سے ہزاروں تماشائی لطف اندوز ہوئے۔ یارے واں کے ریڈیو اسٹیشن سے آذربائیجانی موسیقی کو بخوبی سنا جاسکتا تھا۔ یہ سب باتیں آرمینی پروپیگنڈہ کو نفی کرنے کیلئے ایک نہایت عمدہ دستاویز کے طور پر کام آسکتی تھیں۔

یہ سب غیرمعمولی نتائج تھے۔ حیدرعلی یو کی لیڈرشپ کے دوران آرمینا کی کوئی بھی سیاسی قوت نہ تو قراباغ کے کارڈ کو استعمال کرنے اور نہ ہی آذربائیجان کے مزید کسی حصہ پر قبضہ کرنے کے مقصد میں کامیاب ہوسکی۔ آذربائیجان کے علاقوں پر قبضہ کی آرمینی پالیسی کا رخ اس وقت واضح طور پر سامنے آتا ہے جب ہم ۱۹۱۸ء کی آذربائیجانی ڈیموکریٹک جمہوریہ کے نقشہ کا بعد ازاں کی آذربائیجان سویت سوشلسٹ جمہوریہ سے موازنہ کریں۔ سویت آذربائیجان کے آذربائیجان ڈیموکریٹک جمہوریہ کے رقبہ اراضی کی نسبت کمی کی براہ راست وجہ ان علاقوں پر آرمینا کے مفاد کے پیش نظر قبضہ تھا۔ سویت آذربائیجان کے علاقہ پر مسلسل قبضہ آرمینا کو فائدہ پہنچانے کے لئے کیا گیا۔ یہ سب علی یو سے پہلے پیش آیا اور اس کے بعد بھی اسکی کوشش کی جائے گی۔ اس قبضہ کی وجہ سے آذربائیجان کا رقبہ ایک لاکھ چودہ ہزار مربع کلومیٹر سے کم ہوکر چھیاسی ہزار مربع کیلومیٹر رہ گیا۔ نہ صرف یہ کہ آذربائیجان کو اس کے اس زمینی حصہ سے محروم کردیا گیا بلکہ حقیقت میں اس کے قومی عزت و وقار کو بھی مجروح کیا گیا۔ اس قسم کی کوششیں حیدرعلی یو کی لیڈرشپ کے دوران میں

فیصلہ یا بغیر سوچے قدم اٹھانے سے گریز کرتے ہیں جس کے نتیجہ میں سماجی ہلچل پیدا ہو یا معاشی دھچکہ لگے۔

آج کے زاویہ نگاہ سے یہاں یہ کہنا بھی مشکل ہوگا کہ کونسا طریقہ کار زیادہ بہتر تھا۔ یعنی یہ کہ پارٹی کی پالیسی اور معیشت کی بتدریج اصلاح اور منصوبہ بندی کی تدبیر یا پھر قطعی فیصلوں سے تقویت پانے والی تاریخ کی حرکت کے تحت حصول ترقی کیلئے مختلف طریقوں سے منتقلی کا عمل۔

حیدر علی یونے بذات خود ملکی زندگی کے اس دور کے متعلق کچھ ان الفاظ میں رائے زنی کی ہے۔

''یہ بات قطعی طور پر کہی جا سکتی ہے کہ ہمارے ملک میں ۱۹۸۵ء میں جن تبدیلیوں کا آغاز ہوا ان کا کوئی سائنسی، سیاسی یا معاشی جواز نہ تھا اور نہ ہی یہ کسی طویل المدت سٹرٹیجی پر مبنی تھیں۔ ان تبدیلیوں کو غیر ضروری عجلت سے عملی جامہ پہنایا گیا اور کئی مرتبہ یہ ایک دوسرے کو نفی کرتی تھیں جس کی وجہ سے فطری طور پر اچھے نتائج برآمد نہ ہو سکے۔۔۔۔''

قومی پالیسی میں سنگین غلطیوں کی اجازت دینے سے کئی جمہوریتوں میں افسوسناک صورتِ حال پیدا ہوئی۔ الماتی، طفلس، باکو، تواداں اوش اور بحرہ بالٹک کی جمہوریتوں میں پیش آنے والے واقعات مرکزی حکومت کی سامراجانہ پالیسی اور جمہوریتوں کے اقتدار اعلیٰ کے حقوق کی نفی کا براہ راست نتیجہ تھا۔

اگرچہ ملک میں گزشتہ کئی سالوں سے جمہوریت کو اپنانے کا اعلان سرکاری طور پر کیا گیا تھا تاہم نشریات اور سیاست میں کثیر الفکر کے اصولوں پر بندش عائد کر کے ملک میں آمریت کو تقویت دی گئی۔ اس سب باتوں کی وجہ سے ہمارا معاشرہ قومی تباہی کے دہانے پر آ گیا۔

سویت ریاست کی خارجہ پالیسی کئی غلط مفروضوں پر مبنی تھی۔ اس کی ابتدا بڑی حد تک کمیونسٹ پارٹی کے زیر اثر مرکزی کمیٹی کی جانب سے کی گئی۔

علمی نقطہ نگاہ سے سویت یونین کا اب کوئی وجود نہیں رہا۔ یہ ریاست تاریخ کا ایک حصہ بن چکی ہے۔ ایک ایسی تاریخ جس میں ہم سب رہ رہے تھے۔ وہی تاریخ ان حالات و واقعات کا



از خود تجزیہ کرے گی جن کی وجہ سے یونین کا خاتمہ عمل میں آیا۔ اگرچہ ہمارا مقصد نہایت متوازی ہے۔ تاہم عالمی مسائل کے پہلوؤں کو مدِ نظر رکھے بغیر مقصد کا حصول بہت مشکل ہوگا۔ مثال کے طور پر ان میں سے صرف ایک کا ذکر مناسب ہوگا۔

کئی تاریخ دانوں کی رائے میں سویت یونین کا شیرازہ بکھرنے میں قراباغ مسئلہ کے نام سے موسوم مسئلہ نے موثر کردار ادا کیا۔ اس مسئلہ کی حقیقت کیا تھی۔ ناگورنو قراباغ خودمختار علاقہ جمہوریہ آذر بائیجان کے عین وسط میں واقع ہے۔ اس کا رقبہ ۴۳۹۲ مربع کیلومیٹر ہے۔ اس علاقہ میں چپقلش شروع ہونے کے وقت وہاں پر چالیس سے زیادہ قومیتوں کے لوگ آباد تھے جن میں سے ۱،۲۳،۰۰۰ آرمینی اور ۳۲،۰۰۰ آذر بائیجانی تھے۔

آذر بائیجان کے ناگورنو قراباغ خودمختار علاقہ کی آرمینا میں شمولیت کے مسئلہ پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ اس علاقہ اور آرمینا کے درمیان کوئی مشترک سرحد نہ ہونے کی حقیقت کے پیش نظر یہ دراصل قبضہ کے مترادف تھا۔ علاوہ ازیں قراباغ کے علاوہ آذر بائیجان کا ایک اور اہم حصہ جسے کہ لاچن گذرگاہ کہا جاتا ہے پر بھی غور کرنا ضروری ہے۔ ماورائے کاکیشیا سویت حاکمیت کے قیام کے دوران آرمینوں نے آذر بائیجانی علاقہ کے ایک بڑے حصہ پر قبضہ کر لیا تاکہ آذر بائیجانیوں کے آبائی علاقوں کو آرمینا میں مدغم کر کے آذر بائیجان کی نانچیواں خودمختار جمہوریہ کو حیلہ سازی سے الگ تھلگ کر سکیں۔ اس کا ذکر کرنا ضروری ہے کہ آذر بائیجانی عوام نے اس توسیع پسندی کی بھی مخالفت کی تھی۔ مگر آذر بائیجانی عوام کی رائے کو کون خاطر میں لاتا جبکہ آرمینی لابی ناگورنو قراباغ کو غلط پروپیگنڈا کر کے عالمی رائے عامہ کے سامنے آرمینا کی سرحد سے براہ راست منسلک آبائی آرمینی علاقہ کے طور پر پیش کر رہے تھے۔ آرمینی جذبات کے بھرپور اظہار جو کہ قومی ہسٹریا کی بیماری کی پوری پوری علامت تھی ماسکو میں آرمینی لابی کی جانب سے نہایت مہارت سے تائید کی گئی جس کی بدولت ناگورنو قراباغ مسئلہ کو تعمیر نو کے دور کا اہم ترین مسئلہ شمار کیا جانے لگا۔ اس مسئلے کو سلجھانے کے لئے اگر حقائق کا جائزہ لیا جاتا تو یہی کافی ہوتا اور یہ بات منظر عام پر آ جاتی کہ ایک آذر بائیجانی کے مقابلہ میں ایک آرمینی قراباغ میں کس قدر بہتر زندگی بسر کر رہا ہے۔

سائبریا کو مشرق بعید سے ملاتے ہوئے سویت سوشلسٹ جمہوریتوں کی یونین کے ریلوے نظام کو بحراوقیانوس تک رسائی فراہم کرنے کا باعث بنی کے تعمیراتی کمیشن کے چیئر مین مامور ہوئے۔ یہ ایک مشکل دور تھا۔ انہوں نے قبل ازیں چودہ سال آذر بائیجان کی لیڈر شپ کی تھی اور اب ایک بڑے ملک کی اعلیٰ ترین لیڈر شپ کی صف میں پانچ سال تک کام کیا تھا۔ اس کے ساتھ ساتھ ان کے ضمن میں اس بات کا تصور تک مشکل ہے کہ زندگی کے ایسے بہاؤ میں کس قدر مستعدی اور کتنے جسمانی اور روحانی ذرائع درکار تھے۔

بیس سال تک حیدر علی یو سویت یونین جیسی ایک سپر پاور کی پارلیمنٹ کا ممبر رہے اور فعال طور پر اس کے کام میں شریک ہوئے۔ انہوں نے حکومت کی جانب سے کئی ایک موضوعات پر پارلیمنٹ کو خطاب کیا ۔ ان کے خطاب کردہ موضوعات میں خاص طور پر ہائی سکول کی اصلاحات، مزدوروں کے اشتراکی اداروں اور ان میں جمہوری اقدار کے فروغ کے قوانین کی منظوری، مزدوروں کے اشتراکی اداروں کے ملکی زندگی کے رول میں اضافہ اور دیگر مسائل شامل تھے۔ تاہم یہ کہنا مشکل ہے کہ فلموں کی پیداوار سے لے کر فنون تک اور تھیٹر کی کارکردگی سے لے کر قدیمی مسودوں کی دیکھ بھال یا پھر تعلیم یا عوامی صحت کی خدمات کے شعبہ کے مختلف پروگراموں سے لے کر ریلوے نظام کی کارکردگی جیسے موضوعات پر ان کی تجاویز یا فعال شمولیت کی بنا پر یونین کی حکومتی سطح پر کتنی قراردادیں منظور ہوئیں۔

حیدر علی جب آذر بائیجان کے لیڈر تھے تو انہوں نے سویت یونین کے لئے بین الاقوامی رابطوں کو ترقی دینے کے لئے بھرپور کوششیں کیں۔ اور اس ضمن میں بارہا حکومتی گروپوں کی سربراہی بھی کی۔ سویت یونین کا ایک لیڈر بننے کے بعد انہوں نے کئی بار یورپ، ایشیا، افریقہ اور لاطینی امریکہ جانے والے سویت سوشلسٹ جمہوریتوں کی یونین کے وفود کی قیادت کی، سویت یونین اور غیر ممالک کے درمیان ہونے والی گفت وشنید میں شرکت کی۔ اور سویت خارجہ پالیسی اور بین الاقوامی مسائل سے منسلک موضوعات پر گہری توجہ دی۔

آج کے روز جب ہم تاریخ میں گم گشتہ ایک ریاست کے ان سالوں پر نظر دوڑاتے



ہیں تو یہ بات واضح طور پر سامنے آتی ہے کہ سابقہ سویت یونین کی حکومت اور پارٹی لیڈروں کے درمیان حیدر علی یو کو ایک نمایاں مقام حاصل تھا۔ ان کی یہ منفرد حیثیت محض اس حقیقت کی بنا پر نہیں تھی کہ وہ سابقہ سیاسی بیورو کے چند ایک ممبران میں شامل تھے جو کہ تعمیر نو کے بعد کے دور کے بیچ ڈرامائی چپقلش میں تھے بلکہ اس لئے بھی کہ ان کی انفرادیت کی بڑی وجہ حیدر علی یو کی اپنی شخصیت میں پنہاں تھی۔

حیدر علی یو کی سویت سوشلسٹ جمہوریتوں کی یونین کی کابینہ میں چیرمین کے اول نائب یا پھر سیاسی بیورو میں کارکردگی کا کبھی بھی جائزہ یا مطالعہ نہیں کیا گیا۔ ان کی سوانح حیات کے اس پہلو کا عکس محض ان کے کارہائے نمایاں میں تھا جن کا تجزیہ الفاظ یا پھر کسی سنجیدہ تحریر میں نہیں کیا گیا۔ شاید اس کا اس طرح سے تجزیہ ممکن نہ تھا کیونکہ ابتدائی طور پر ایک تضاد ان کی شخصیت میں مضمر تھا۔

اگر چہ حیدر علی یو کی ذات کے کئی ایک پہلوؤں کو روایتی انداز سے مرتب نہیں کیا جا سکتا تاہم وہ سویت سیاست میں ایک رجحان کی نمائندگی کرتے تھے۔ یہ ایک رجحان تھا جس کو کہ ہر کوئی مثبت انداز سے سمجھ نہیں پایا۔ اس کے نتیجہ میں وہ مستعفی ہو گئے اور عام سیاست سے کنارہ کشی اختیار کر لی۔ کئی لوگوں نے ان کی اس کنارہ کشی کو مستقل سمجھا۔

آج یہ بات عیاں ہے کہ حیدر علی یو اُن چند ایک لیڈروں میں سے ہیں جو اپنے دور اقتدار میں نعروں یا جوش وخروش سے مرعوب ہوئے بغیر تخلیقی پروگراموں اور تعمیراتی اقدامات کی ضرورت پر یقین رکھتے ہوئے مسلسل افہام تفہیم کو اپنائیں اور سوشلزم کو از سر نو مرتب کرنے میں واضح حقائق کا تجزیہ اور ترویج ضروری سمجھیں۔

وہ لوگ جنہوں نے حیدر علی یو کے ساتھ باکو یا ماسکو میں کام کیا اور کسی اتحاد یا تعصب کا شکار نہ تھے اس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ وہ ایک سنجیدہ سیاست دان ہیں۔ سب سے زیادہ یہ کہ انہوں نے ہمیشہ اپنے عوام کے مفادات کو پیش نظر رکھا اور آج بھی وہ اس پر کاربند ہیں۔ ان مفادات کا جزو لاینفک ہر فرد واحد کے مستقبل کی ذمہ داری کا احساس ہے جسکی وجہ سے وہ کسی سطحی

اوزار تیار کرنے اور غذائی اشیا کی تیاری کی صنعتوں کی مختلف شاخیں قائم کی گئیں۔ سب سے زیادہ ترقی برقی انجیرنگ جیسے امید افزا شعبہ میں حاصل کی گئی۔ اس ضمن میں باکو میں گھریلو ائر کنڈیشنر بنانے والی فیکٹریوں کے قیام سے پیداواری حجم میں ڈیڑھ گنا اضافہ حاصل کرنے میں کامیابی ہوئی۔

آذر بائیجان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ تیل صاف کرنے کی صنعت کے شعبہ میں باکو تیل صاف کرنے کے اداروں کی از سر نو تعمیر ہوئی اور ضمنی تیل صاف کرنے کے آلات کا استعمال شروع کیا گیا۔ نہایت مہارت یافتہ عملہ کی تربیت پر بھی پوری توجہ دی گئی۔ جمہوریہ میں اعلیٰ تعلیمی اداروں کے جال کی توسیع کی گئی اور تیزی سے ترقی پذیر معیشت کے تقاضوں کو پورا کرنے کے لئے ان کے ڈھانچوں کو جدید بنایا گیا۔

اس دور کے کارہائے نمایاں کا شمار کرنا مشکل ہے۔ قبل ازیں باکو اور سمگت کے شہروں میں مرکوز صنعتوں کو دیگر جغرافیائی خطوں میں بھی ترقی دی گئی۔ نئے برقی طاقت کے زمین دوز مراکز، ریلوے لائنز اور شاہراہیں، ریلوے سٹیشن، پل اور گہرے پانی کے مراکز سے لے کر استعمال شدہ اشیاء کی از سر نو پیداواری فیکٹریوں جیسے کئی ایک دیگر منصوبہ جات کی تکمیل شامل تھی۔

یہ سارے حیران کن اعداد و شمار حیدر علی یو کے آذر بائیجان پر حکومت کے سالوں میں سامنے آئے۔ اس سے زیادہ متاثر کن بات عوام کے نزدیک ان کے نئے پن کا احساس تھا۔ حیدر علی یو نے اپنی تنظیمی اور خداداد ڈپلومیسی کی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے آذر بائیجان کو ایسی بلندیوں تک پہنچا دیا جسکی کوئی مثال نہیں۔ انکی کامیابی ہمہ گیر تھی۔ یونین کے بجٹ کی رقوم کی تقسیم میں مرکزیت کا اصول سب کو بخوبی معلوم تھا۔ ان سالوں کے دوران یونین کے اداروں کی جانب سے آذر بائیجان کی نمایاں رفتار سے ترقی کی توثیق نے جمہوریہ کیلئے بظاہر حل نہ ہونے والے مسائل کو بھی طے کرنے میں مدد دی۔ رقم کے حصول، ان کو مختص کرنا، ترقی کی راہ میں حائل مسائل کو حل کرنا، غرضیکہ ان تمام باتوں کو شمار کرنا ناممکن ہونے کے باوجود یہ کہا جا سکتا ہے کہ حالات کا بہاؤ جمہوریہ کی ترقی کے مقاصد میں تمام تر معاون تھا۔

۱۹۸۲ء میں ماسکو، لینن گراڈ اور سوویت سوشلسٹ جمہوریتوں کی یونین کے دوسرے



شہروں میں تین ہزار پانچ سو سے زائد آذر بائیجانی نوجوان مرد اور عورتوں نے تربیت حاصل کی۔ آذر بائیجان سے باہر ہر سال آٹھ سو سے زائد افراد کو برائے تعلیم بھیجنے کی ایک روایت سی بن گئی تھی۔ اس ضمن میں نوجوانوں کے اعلیٰ عسکری اور تعلیمی اداروں میں بھیجنے کی جانب خاص توجہ دی گئی تھی۔

۱۹۷۶ء میں حیدر علی یو کی سیاسی بیورو کی ممبر شپ کے لئے بطور امیدوار نامزدگی در حقیقت ان کے ملکی لیڈر شپ کے اعلیٰ ترین صف میں شمولیت کے مترادف تھی۔ یہ آذر بائیجان کی معاشی اور ثقافتی ترقی کے نئے افق کی شروعات کی ابتدا تھی۔

حیدر علی یو کی سیاسی بیورو کی ممبر شپ اور سوویت سوشلسٹ جمہوریتوں کی یونین کی کابینہ میں اول نائب چیرمین کے عہدہ پر تقرری کے سلسلہ میں دسمبر ۱۹۸۲ء میں آذر بائیجان سے ماسکو کو روانگی ان کی زندگی کے ایک دور کا اختتام ثابت ہوا۔ تاہم اس کے باوجود تمام آذر بائیجان بدستور ان کی سوچ کا محور، قریبی توجہ کا مرکز اور موثر امداد حاصل کرتا رہا۔ اس لحاظ سے وہ نہ صرف ۱۵ جمہوریتوں میں سے ایک بلکہ سوویت سوشلسٹ جمہوریتوں کی یونین جیسی ایک بڑی اور پائیدار ریاست کے لیڈر بن گئے۔ ان کے کام کی نوعیت میں تبدیلی کے ساتھ ساتھ اسکی اہمیت میں بھی اضافہ ہو گیا۔

سوویت یونین کی کیمونسٹ پارٹی کی مرکزی کمیٹی کے سیاسی بیورو میں منتخب ہونے والے پہلے آذر بائیجانی کے ناطے حیدر علی یو آذر بائیجانی عوام اور ان کی پوری تاریخ میں ایک کلیدی حیثیت کے حامل ہو گئے جو کہ ایک غیر معمولی بات تھی۔

حیدر علی یو سوویت یونین کی حکومت اور سیاسی لیڈر شپ کے ایک ممبر ہونے کی بدولت ۱۵ یونینوں کی وزارتوں اور سماجی، معاشی اداروں کی اہم شاخوں کی براہ راست نگرانی کرتے تھے۔ ان کا دائرہ اختیار عوامی صحت کی خدمات اور تعلیم سے ذرائع نقل و حمل اور ثقافتی امور سے عوامی اشیائے صرف تک پھیلا ہوا تھا۔

وہ دنیا کی طویل ترین ریلوے میں سے ایک، بائیکل آمور ریلوے لائن جو کہ مشرقی

مخالف سرگرمیاں کرنے کی ذمہ داری سونپی گئی اور اس بنا پر اسے نظر بند کر دیا گیا۔ ضیافت کے اختتام پر ملکی حفاظتی کمیٹی کے جی بی کی جانب سے اس سرخ چقندر کے شوربہ کو محض ایک ہی دفعہ دیئے جانے کا اظہار رائے کیا گیا اور اس کے ساتھ ہی ساتھ اسے ان سرگرمیوں کو ہمیشہ کے لئے ترک کرنے کا مشورہ دیا گیا۔

۱۹۶۴ء میں حیدر علی یو کو آذربائیجان کی حفاظتی کمیٹی کا نائب چیئرمین اور بعد ازاں ۱۹۶۷ء میں اس کا چیئرمین نامزد کیا گیا۔ تمام آذربائیجانی عوام کے لئے یہ واقعہ تاریخی اہمیت کا حامل تھا کیونکہ آذربائیجان کی تاریخ میں اس ادارہ کا سربراہ کبھی بھی آذربائیجانی نہیں ہوا تھا۔ بلکہ یونہی جیسے کہ حیدر علی یو کے میجر جنرل کے رتبہ پر تقرر سے پہلے اس کمیٹی کے کسی بھی آذربائیجانی کو اس اعلیٰ عہدہ سے نہیں نوازا گیا تھا۔

جولائی ۱۹۶۹ء میں حیدر علی یو کو آذربائیجان کی کمیونسٹ پارٹی کی مرکزی کمیٹی کے اول سیکرٹری کے طور پر منتخب کیا گیا۔ سویت دور کے رائج الوقت طریقہ کے مطابق اس وقت سے ہی وہ درحقیقت جمہوریہ کے لیڈر بن گئے۔ حیدر علی یو اس عہدہ پر قریب قریب چودہ سال تک کام کرتے رہے۔ اس وقت یہ کہنا مشکل ہے کہ اس عہدہ پر انتخاب کے وقت سے ہی انہیں جمہوریہ کی ترقی کا خیال تھا جس سے کہ آذربائیجان کی مجموعی شکل کلی طور پر بدل گئی یا پھر محض اپنی فہم فراست سے کام لیتے ہوئے انہوں نے بہت سے مسائل کو یکے بعد دیگرے حل کرنے کا منصوبہ بنایا جس سے کہ وقت کے ساتھ جمہوریہ میں مربوط تغیر وتبدل کے پروگرام وجود میں آئے۔

۱۹۶۹ء میں آذربائیجان کی معیشت کی حالت اچھی نہ تھی۔ تمام شعبوں میں کام میں شدید تاخیر منظر عام پر تھی۔ صنعتوں اور زراعت کا ڈھانچہ وقت کے تقاضوں کو پورا نہیں کر رہا تھا۔ اور سب سے بدتر یہ کہ جمہوریہ آذربائیجان، سویت سوشلسٹ جمہوریتوں کی یونین کی معیشت سے منسلک ایک اضافی رول ادا کرتے ہوئے خام مواد فراہم کرنے کا ایک ذریعہ بن گیا تھا۔

دسمبر ۱۹۸۲ء میں جب حیدر علی یو سویت یونین کی کمیونسٹ پارٹی کی مرکزی کمیٹی کے سیاسی بیورو کے ممبر کے طور پر منتخب ہو کر باکو سے ماسکو رخصت ہوئے تو اس وقت تک جمہوریہ



آذربائیجان میں صورت حال یکسر بدل چکی تھی۔ اس عرصہ میں فی کس قومی آمدنی دگنی ہوگئی تھی۔ جبکہ غیر صافی قومی آمدنی میں اڑھائی گنا اضافہ ہو چکا تھا۔ جمہوریہ میں صنعتی پیداوار میں تقریباً تین گنا اضافہ ہوگیا تھا اور مزدور کی پیداواری صلاحیت دگنی ہوگئی تھی جبکہ عام اشیاء کی پیداوار میں تین گنا اضافہ ہو چکا تھا۔ چودہ سال کے اس عرصہ میں صنعتی پیداوار کا حجم گزشتہ پچاس سال کے برابر تھا جبکہ زرعی شعبہ میں غیر صافی پیداوار ۲.۷ گنا بڑھ گئی اور مزدوری کی زرعی شعبہ میں پیداواری صلاحیت اور زرعی پیداوار کم وبیش دگنی ہوگئی۔

قومی معیشت کی ترقی کے اس دور میں ۲۱ ارب ۳۰ کروڑ روبل کی سرمایہ کاری کی گئی جو کہ گزشتہ پچاس سال کے مقابلہ میں تقریباً ڈیڑھ گنا زیادہ تھی۔ مجموعی طور پر ۲۵۰ بڑے کارخانے، فیکٹریاں اور پیداوری مراکز قائم کئے گئے اور بیس لاکھ سے زائد افراد کے لئے رہائشی سہولتوں میں بہتری کی گئی۔ فی الحقیقت باکو کو اس عرصہ میں رہائشی تعمیرات اور دیگر لوازمات کی بدولت ایک شہر کا درجہ ملا۔ تاہم یہ عددی اعداد وشمار جس قدر بھی متاثر کرنے والے کیوں نہ ہوں جمہوریہ کے معاشی ڈھانچہ میں ہونے والے اعلیٰ اوصافی تغیر وتبدل کو بیان کرنے سے قاصر ہیں۔ آذربائیجان کی قومی معیشت میں قریب قریب بالکل نئے کئی ایک شعبے قائم کئے گئے۔

جمہوریہ پٹرولیم، تیل نکالنے کی مشینری، فولادی پائپ، غیر لوہے کی معدنیات، مصنوعی ربڑ، بجلی کے انجن، تعمیراتی مواد، گھریلو ائرکنڈیشنر، گاڑیوں کے ٹائر، معدنیاتی کھاد، چینی کی مصنوعات، قالین اور اس سے منسلک پیداوار کے لحاظ سے ملک میں ایک ممتاز مقام کا حامل تھا۔ آذربائیجان کی ۳۵۰ مختلف مصنوعات دنیا کے ۶۵ ممالک کو برآمد کی جاتی تھیں۔ آذربائیجان میں تیار کی جانے والی یومیہ مصنوعات میں سے ۴۱ ہزار ٹن پٹرولیم، ۳ کروڑ ۷۰ لاکھ مربع میٹر گیس، ۲۲ سو ٹن فولاد، ۶۹ ہزار میٹر پائپ، ۴۹ سو گاڑیوں کے ٹائر ۲۷ سو ٹن معدنیاتی کھاد، ۹۶۸ رہائشی ائرکنڈیشنر، ۳۴۷ ریفریجریٹر اور ۱۵ لاکھ ۲۶ ہزار میٹر کپڑے کی لسٹ کا ذکر بذات خود متحیر کرنے کے لئے کافی ہوگا۔

جمہوریہ میں نئے اور جدید مشینی آلات، برقی اور ریڈیو کی صنعت، ہلکی صنعتوں کے لئے

علمی مشاغل کا ذکر نہ کریں اور اس قسم کے معاملات پر سائنسدانوں اور پیشہ ور افراد کو رائے زنی کا موقعہ دیں۔ تاہم یہاں پر اس ایک بات کا ذکر کرنا مناسب ہو گا کہ ان کے والد ماجد ملیریا اور امراض چشم کے خلاف جہد و جہد میں اپنے آپ کو وقف کر چکے تھے۔ اور اس جد و جہد میں انہوں نے اپنی کاوش ظریفہ خانم کو منتقل کر دی۔ ان کے اولین مقالہ جات کا موضوع علامتی طور پر امراض چشم ہی تھا تاہم صنعت و حرفت کی ترقی اور قومی معیشت کے ساتھ ساتھ طبی اخلاقیات ایسے نئے مسائل تھے جن سے کہ سائنس دوچار تھی اور وہ ان معاملات سے عدم دلچسپی نہیں رکھ سکتی تھیں۔

عزیز علی یو کی اس بیٹی میں سماج کو صحت مند بنانے کی بہت سی فطری خوبیاں موجود تھیں اور ان کی عوامی اور سیاسی زندگی اور مشاغل محض میدان صحت کی کاروائیوں تک محدود نہیں رہ سکتے تھے۔ یہ ان کی تقدیر میں تھا جو کہ پہلے سے متعین تھی کہ زندگی میں ان کی ملاقات ایک ایسے شخص سے ہو جو ان کی ہر چیز کو یکسر بدل دے۔ ظریفہ خانم کی یہ دلی آرزو تھی کہ وہ زندگی کے بہاؤ میں بہنے کے بجائے ایک ایسی زندگی بسر کریں جو کہ مستقبل سے منسلک ہو اور ان کی زندگی کو از سر نو تخلیق کر سکے۔ قسمت کی یاوری دیکھئے کہ وہ ایک ایسی شخصیت سے ملیں جس سے کہ یہ سب کچھ حقیقت میں بدل گیا۔

اپنے آبائی وطن اور عوام کے لئے تمام تر محبت اور ان سے تعلق پر فخر ظریفہ خانم کی ان تھک کوشش اور دلی آرزو تھی۔ اس سلسلہ میں وہ مکمل طور پر کامیاب رہیں۔ اس میں دو پہلو عیاں تھے ایک تو یہ حقیقت تھی کہ انہوں نے اپنے آپ کو اپنے دوسرے جز و لاینفک حیدر علی یو سے کبھی جدا نہیں سمجھا اور دوسرا یہ کہ حیدر علی یو جو بھی کر رہے تھے وہ اپنی بیگم کی دلی کوشش اور کاوش کا حصہ تھا۔ زندگی بھر انہوں نے حیدر علی یو کو ان کی شخصیت کی روشنی میں ہی پرکھا اور ان کی ذات میں اپنے ہر سوال کا جواب پایا۔

ظریفہ خانم نے اپنے والد عزیز علی یو کی زندگی کے مختلف ادوار کا مشاہدہ کیا تھا۔ اس میں ان کی شان و شوکت کے معراج اور تنزل کے دور بھی تھے موخرالذکر عرصہ کے دوران اللہ تعالےٰ نے ظریفہ خانم کو ہر قسم کے شر سے محفوظ رکھا۔ ۱۹۸۵ء میں انہوں نے اپنے میاں پر بھرپور



اعتماد کرتے ہوئے انہیں ایک وسیع ملک کے سربراہ کے طور پر کریملن میں متعین پایا۔

ظریفہ خانم کے کئی پوتے پوتیاں ہیں۔ آج جب ہم ان کی پوتی لیلےٰ کے شعر سنتے ہیں تو ہمیں احساس ہوتا ہے کہ عزیز یو نے آذربائیجان میں ادب اور ثقافت کی ترقی کے لئے کس قدر کاوش کی تھی۔ غالباً سب سے اعلےٰ ارفع قانون وہ ہے جو ہر طرح کی اچھائی کا محافظ ہو۔ بلاشبہ ظریفہ خانم بچوں سے خاص سلوک روا رکھتی تھیں تاہم اس کی مثالیں دینا مشکل ہے۔

وہ انہیں قدرت کا ایک عطیہ سمجھتی تھیں۔ ایک فداکار ماں ہونے کے ناطے وہ اس کی ہر بات کو سمجھتے ہوئے قدر کی نگاہ سے دیکھتیں اور ان سے بلا کسی ذاتی مفاد کے پیار کرتیں۔ ظریفہ خانم کے لئے بچے، دریچہ میں روشنی، آنے والے کل کے لئے مشعل راہ اور انکی خودی کا دوام، جن کے بغیر وہ زندگی کا تصور نہیں کر سکتی تھیں۔ وہ انکو اپنی آنکھوں اور دل سے اپنے آپ میں پاتی تھیں۔

ظریفہ خانم زندگی بھر اپنے آپ سے مطمئن رہیں۔ انہیں دکھلاوے یا پھر اپنی کمزوریوں کو چھپانے کی ضرورت نہ تھی۔ یہ بات خاص طور پر بچوں کی جانب ان کے رویہ اور ممتا سے عیاں تھی۔ مائیں اپنے بچوں سے فطری محبت میں بعض مرتبہ ایسی خوبیوں کو ظاہر کرتی ہیں جن سے کہ ہر کوئی حیران و ششدر رہ جاتا ہے۔ ظریفہ خانم اپنے آپ کو بچوں سے دوری کے احساس کے باوجود جب کبھی کام کے سلسلہ میں کسی دوسرے شہر کو جاتیں تو بچوں سے پوچھتیں کہ ''تم میرے بغیر کیونکر وہاں گزر اوقات کر رہے ہو'' ان کی زندگی میں ظریفہ خانم کا بڑا حصہ تھا اور جب ہم ان کی بیٹی کی غزل ''میری محبت آ'' میں پنہاں اپیل کو سنتے ہیں تو ہمیں تحریر نہ کئے جانے والے اس قانون کی بخوبی تصدیق ہو جاتی ہے جو کہ محبتوں کے تحفظ کی ضمانت دیتا ہے۔

حیدر علی یو ملکی حفاظتی کمیٹی میں کام کے دوران نہ صرف جمہوریہ میں حالات زندگی سے مکمل آگاہی رکھتے تھے بلکہ سماج کو متاثر کرنے والے ان دیکھی قوتوں پر بھی حاکم تھے جن کے متعلق کئی قصے گردش عام ہوئے۔ کبھی کبھار حقائق کی وضاحت کے لئے ایسے قصوں کو تخلیق کیا جاتا ہے۔ اور بعض دفعہ ان کا ایک دلچسپ پہلو ہوتا تھا جیسا کہ سرخ چقندر کے شوربہ کا مشہور قصہ۔ بظاہر یوں تھا کہ حیدر علی یو نے ایک بھوک سے پریشان حال طالبعلم کو سرخ چقندر کا شوربہ دیا جسے

رویہ روا رکھا۔ یہ لوگ محنت کش طبقہ یا دیہات سے اپنی زندگی کی ابتدا کرنے کے باعث بیشتر سائنسی معلومات سے ناواقف ہونے کے ساتھ ساتھ سیاسی اور ثقافتی وسعتِ نظر سے بھی عاری تھے۔ جو کہ عزیز علی یو میں فطری طور پر موجود تھیں۔ ان خوبیوں کی وجہ سے عزیز علی یو آذر بائیجان کے علمی اور تخلیقی دانشوروں کی توجہ کا مرکز بن گیا تھا۔

ظریفہ خانم کی نشو و نما ایک ایسے ماحول میں ہوئی تھی جس کی عزیر حاجی بیگ اوز مسلم ماگومایو، ابوالفیض، گارائیف، میر اسعد اللہ میرا قاسم او، بلبل، حمد ورگن اور آذر بائیجان کے دیگر کئی ایک عظیم ثقافتی رجال کے ان کے قریبی خاندانی اور روحانی رشتے تھے۔

اس کی ایک مثال ظریفہ خانم کی جانب سے ایک لڑکی کی پارٹی کو نہایت مہارت سے مرتب کرنا تھا جس کا ذکر ان کی سہیلیوں زارہ گلی یووا اور فریدہ نصر اللہ یووا نہایت گرمجوشی سے کیا کرتی تھیں۔ خواتین کے اجتماع کے لئے گھر کے انتخاب کے لئے قرعہ اندازی کی جاتی تھی۔ تاہم ایسے اجتماعات میں اگر کسی وجہ سے ظریفہ خانم شرکت نہ کر پاتی تو محفل سونی سونی سی لگتی کیونکہ وہ لڑکیوں کے گانے بجانے اور ناچنے کی روحِ رواں تھیں اور ہنسی مزاح کا زبردست ماخذ۔ کون سے ایسے شعر اور گانے ہو سکتے تھے جن کو وہ نہ جانتی ہوں؟ روسی، یوکرانی، تاتار، ازبک، لیزگاں سب زبانوں کو وہ بخوبی سمجھتی تھیں۔ اپنے والد کے زیر اثر اور جائے رہائش کی بارہا تبدیلیوں کی بدولت ان کی شخصیت میں کئی ایک ثقافتی پہلو موجود تھے۔ ان کی شخصیت پر آذر بائیجانی ثقافت اور موسیقی کے فطری طور پر حاوی ہونے کے ساتھ ساتھ وہ دیگر ثقافتوں سے بھی وابستگی رکھتی تھیں۔ بلاشبہ اس میں ان کے والد کے ساتھ ساتھ والدہ لیلیٰ خانم کا بھی دخل تھا۔ جیسا کہ رواج تھا اور عزیز علی یو کے کاروبارِ حیات کا تقاضہ، بچوں کی تعلیم و تربیت کی ذمہ داری لیلیٰ خانم کے حصہ میں آئی۔ لباس اور آرائش میں سادگی، اپنی ذات اور ضروریات کا سختی سے تجزیہ، اپنے ماں باپ اور آبائی گھر سے ان کو ورثہ میں ملا تھا۔ اس پس منظر کی روشنی میں ان کی شخصیت میں منفرد ذاتی اقدار، ترقی، تخلیق خودی اور آزادی کے فطری رجحانات کا بھی اضافہ ہوا۔

یہ کہنا کہ ظریفہ خانم ہنرمند اور قابل تھی شاید نا کافی ہوگا۔ ایسا لگتا ہے کہ وہ تقریباً ہر کام



کرنے کی اہلیت رکھتی تھیں۔ وہ کھانا پکانے میں اول درجہ کی ماہر، کسی ایک موضوعاتی مقالہ جات کی ایک عمدہ محرر، پُر وقار خاموش انسان یا پھر ایک سریلی آواز میں گانے والی مغنیہ اور مسکراہٹیں بکھیرنے والی خاتون، الغرض کہ اپنے عوام کی ایک حقیقی دختر کی طرح سادہ مگر ظرافت سے بھرپور تھیں۔ یہ سب خصوصیات اپنے خاندان کے اوائلسے ہی اپنے ماں باپ کے زیر اثر رہنے کی بدولت تھی۔

حیران کن بات یہ ہے کہ ایسی غیر معمولی شخصیت جو کہ اس قدر وسیع پیمانے پر بھرپور زندگی بسر کر رہی ہو۔ زندگی کی عام خوشیوں سے کیونکر اتنی آسانی کے ساتھ مستفیض ہو پاتی تھیں۔ ان میں خوشیوں سے لطف اندوز ہونے کی صلاحیت موجود تھی اور بارہا وہ شعوری طور پر زندگی کو مکمل سمجھتے ہوئے زندگی کی عام خوشیوں سے ذوق حاصل کرتی تھیں۔ سائنس کے مختلف شعبوں میں کام کرنے والے، عالم انسانی اعضا میں از خود تکامل کو متحرک کرنے کے لئے مخصوص طاقت کی جانب اشارہ کرتے ہیں۔ ایسا ہی خود سے تکمیل کا رجحان ظریفہ خانم میں بھی بدرجہ اتم موجود تھا۔ اس سلسلہ میں ماہر حیاتیات سے معذرت کے ساتھ یہ کہا جا سکتا ہے کہ یہ خصوصیات یقینی طور پر ان کے نسب میں پہلے سے ہی موجود تھیں۔

ظریفہ خانم ۱۹۲۳ء میں نانچواں خود مختار جمہوریہ کی شاہ تختی نامی آبادی میں پیدا ہوئیں۔ ۱۹۴۷ء میں انہوں نے، نیراماں اوف کے نام سے منسوب آذر بائیجان کے میڈیکل انسٹیٹیوٹ سے ڈگری حاصل کی اور بعد ازاں ماسکو کے معالجوں کی تعلیم کے اعلیٰ ادارہ میں اپنی تربیت جاری رکھی۔ ۱۹۴۹ء میں انہوں نے آذر بائیجان کے شعبہ چشم کے سائنس ریسرچ انسٹیٹیوٹ میں ایک سائنس ریسرچر کے طور پر کام جاری رکھا جہاں پر وہ تادمِ حیات شعبہ چشم سے منسلک رہیں۔ یہ بات بہت حد تک محض علامتی نوعیت کی تھی۔ ان کے پیشے کا انتخاب خاندان والوں نے بہت پہلے سے کیا ہوا تھا۔ اور اس میں انکی اس بصیرت کا دخل تھا جس نے ہمیشہ ظریفہ خانم کی رہنمائی کی۔

ظریفہ علی یوہ ایک حقیقی سائنسدان تھیں۔ بہتر ہوگا کہ ہم اب ان صفحات میں ان کے

سے شادی کے بعد اپنا خاندانی نام تک بدلنے کی ضرورت محسوس نہیں کی کیونکہ ان کا خاندانی نام بھی علی یو ہی تھا۔ کبھی کبھار اس قسم کے تصادف کے پس پشت ایسے رموز ہوتے ہیں جیسا کہ ''میں اور تم ایک ہی خوں سے ہیں''۔

حیدر علی یو کی زندگی میں دوسری عظیم خاتون ان کی والدہ عزت خانم تھیں جو کہ ان کی غیر معمولی صلاحیتوں سے بخوبی واقف تھیں اور اپنے اس سپوت کو محافظ فرشتہ کی تحویل میں دے کر خاموشی سے اس دنیا فانی سے کوچ کر گئیں۔ ان کی والدہ کی حیات کے دوران حیدر علی یو پیشہ ورانہ طور پر نہایت متحرک تھا لیکن کسی تغیر وتبدل کی جانب کوئی اشارہ موجود نہ تھا تاہم انہیں یہ یقین تھا کہ تبدیلی کا آنا لازم ہے اور انہوں نے اس یقین محکم کے ساتھ زندگی بسر کی اور اسی کے ساتھ اس عالم فانی سے رخصت ہوئیں۔

حیدر علی یو نے اپنی بیگم ظریفہ خانم کی ہستی میں نہ صرف محبت کی روح پائی بلکہ اس کے ساتھ ساتھ روحانی طور پر اپنی ذات سے قریب پایا۔ کئی مسائل یا لوگوں میں حیدر علی یو کی دلچسپی کی بڑی وجہ ان کی بیگم کے نمایاں اثر کی بدولت تھا۔ مجموعی طور ان کی ازدواجی زندگی کو نہایت کامیاب تصور کیا جاتا تھا اور اس خاندان کی سب سے بڑی خوشیاں معاشرہ کی روحانی زندگی سے پوری طرح منسلک تھیں۔

ظریفہ خانم کی شخصیت کے نمایاں پہلو اعلےٰ اخلاق اور خلوص تھے۔ جو کوئی بھی اس خاتون کا اپنے گردوپیش کے انسانوں پر واضح اثر کو بیان کرنے کی کوشش کرتا ہے دراصل ان کی منفرد خوبیوں کی عکاسی کرتا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ ایک عورت کی شخصیت جتنی مضبوط ہوتی ہے اس کی اپنے آپ میں توجہ کا مرکز اتنا ہی کم ہوتا ہے۔ اور وہ دوسرے لوگوں اور ان کے مسائل میں زیادہ دلچسپی لیتی ہے۔ ظریفہ خانم کی شخصیت کی خاصیت دوسرے لوگوں کے معاملات میں ان کی بھرپور دلچسپی تھی۔ اس خاتون کی مقناطیسی کشش کا یہ عالم تھا کہ ان کے بچوں کے ساتھ اور معروف ملکی ہستیاں ملاقات کے بعد ان سے مستفیض ہونے کا ذکر کرتیں۔

اس بات کی اگرچہ کوئی قطعی وضاحت پیش نہیں کی گئی تاہم کئی سال گزر جانے کے بعد



آج بھی جب ظریفہ خانم کا ذکر آتا ہے تو ان کے چہرے پر چمک آجاتی ہے۔

ان کے لئے زندگی کا مفہوم ان کے سائنسی مشاغل اور اپنے خاندان سے وابستگی تھی اور ان کی شخصیت میں اس کی چمک اور نکھار تھا۔ فلسفی اور عام آدمی مسلسل ایسے طور طریقے کے متلاشی ہوتے ہیں جن سے انسان وسائل سے پوری طرح مستفیض ہوتے ہوئے شخصیت کو بہتر بنا سکے۔ اس سوال کا جواب، مختلف رائے کے باوجود ہمیشہ اس ماحول سے منسلک ہوتا ہے، جس میں کہ شخصیت کی تشکیل ہوئی ہو۔ ظریفہ خانم ایک مثالی خاندان میں پیدا اور بڑی ہوئی تھیں جو کہ عزیز علی یو کا خاندان تھا۔

ایک ادبی شخصیت مصطفےٰ توپچی باش یو نے اپنی سوانح حیات میں عزیز علی یو کو غیر معمولی وضاحت کے ساتھ یوں بیان کیا ہے۔

عزیز علی یو کو محض ایک ڈاکٹر یا پروفیسر کے نام سے یاد کرنا غلط ہوگا۔ یہ صحیح ہے کہ انہوں نے یونیورسٹی کے شعبہ طب سے ڈگری حاصل کی ہے، بطور ایک ڈاکٹر کام کیا ہے اور اپنے ڈاکٹری کے مقالہ کا دفاع بھی کیا ہے۔ تاہم میرے خیال میں یہ زیادہ صحیح ہوگا اگر انہیں ''معاشرہ کا معالج'' کہا جائے۔ سوسائٹی جسے آپ دیکھ رہے ہیں ایک جاندار بدن کی مانند ہے جسکو فطرتی طور پر علاج کی ضرورت ہے۔ مصطفےٰ بیگ اپنے ایام طفلی کو یاد کرتے ہوئے اس کے ساتھ ساتھ اس بات کا بھی ذکر کرتا ہے کہ یاروان شہر کے سکول میں کئی سال کی تعلیم کے دوران اس کے والد نے بارہا اسے یہ کہا کہ ''عزیز تم سے دو سال چھوٹا ہے لیکن تم سے دوگنا ہوشیار ہے۔ استاد اس کی تعریف کئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ اگر تم میں سے کسی کی کامیابی یقینی ہے تو وہ عزیز کی ہوگی''۔

ھائی سکول کے طالبعلم عزیز کے متعلق تمام گردوپیش کے لوگوں کی گرمجوشی ایک ایسی خاصیت تھی جو کہ فی الحقیقت زندگی بھر اس کے لئے جاری رہی۔ بطور ڈائریکٹر، یونیورسٹی کے وائس چانسلر، وزیر، مرکزی کمیٹی کے سیکرٹری یا جس مرتبے پر بھی انہیں پذیرائی ہوئی ہر مقام پر اپنی علمیت، ذہانت، مہارت، بذلہ سنجی اور انتظامی صلاحیتوں کی بدولت لوگوں کے دلوں میں ان کے لئے ایک خاص مقام تھا۔ انہوں نے اس زمانے کے اراکین حکومت اور پارٹی کے نااہل افراد کی جانب سخت

نانچوانی کا جانشین بننے کا خواب پورا نہ ہو سکا۔ چنانچہ حیدر علی یو نے اپنی زندگی میں ایک نئے باب کا آغاز کیا۔ اس میں بھی نانچواں کے ورثہ نے ان کی بڑی مدد کی کیونکہ نانچواں کی نمایاں خوبی روایات تھیں۔ نانچواں کے کئی فوجی تاریخ میں مشہور ہوئے وہ زار فوج میں جنرل کا رتبہ حاصل کرنے والے پہلے آذربائیجانی تھے۔ حیدر علی یو نے انہی روایات کو برقرار رکھتے ہوئے ملک کے حفاظتی نظام میں پہلے آذربائیجانی جنرل کا مرتبہ حاصل کیا۔



# تعمیر نو

۱۹۴۱ء میں جنگ کے شروع ہونے پر حیدر علی یو نے آذربائیجان کے صنعتی انسٹیٹیوٹ کے معماری کے شعبہ میں جاری تعلیم کو وقتی طور پر معطل کر دیا۔ اپنی تعلیم کی تکمیل انہوں نے بعد میں خاص فوجی تربیت کے حصول اور تاریخ میں ڈگری حاصل کرنے پر کی۔

۱۹۴۱ء سے ۱۹۶۹ء کے عرصہ میں حیدر علی یو نے بطور ایک باقاعدہ افسر کے عسکری خدمات سرانجام دیں اور انہیں میجر جنرل کا رتبہ دیا گیا۔ حیدر علی کی فوجی زندگی جولائی ۱۹۶۹ء میں اس وقت منقطع ہوگئی جب انہیں آذربائیجان کی کیمونسٹ پارٹی کی مرکزی کمیٹی کے اول سیکرٹری کے عہدہ کیلئے منتخب کیا گیا۔

زندگی کی ان گہما گہمیوں کے باوجود ان کی زندگی میں کئی خوش کن ذاتی واقعات پیش آئے۔ ان کی شادی ہوئی ایک بچی پیدا ہوئی اور پھر ایک بیٹا۔

۱۹۶۴۔۱۹۴۱ء کے عرصہ میں حیدر علی یو کی زندگی کم و بیش بغیر کسی اہم واقعہ پیش آنے کے گزری۔ تاہم یہ بات واضح تھی کہ یہ عرصہ ان کی زندگی میں کوئی سکھ کا دور نہیں تھا کیونکہ انہیں کافی محنت مشقت سے دوچار ہونا پڑا۔ اس کی تفصیلات غالباً وہ خود ہی بیان کر سکتے ہیں۔ شاید وہ آئندہ کسی وقت اپنی خودنوشت سوانح حیات میں اپنے متعلق مکمل معلومات کو کتاب کی شکل میں منظر عام پر لا سکیں۔ اس وقت جبکہ اس قسم کی کوئی کتاب موجود نہیں ہے یہ کہا جا سکتا ہے کہ حیدر علی کو جنگ کے دوران فوجی خدمات سرانجام دیتے ہوئے تمام ملکی حالات کو بغیر کسی نظریاتی عینک کے دیکھنے کا موقع ملا۔

کہا جاتا ہے کہ ہر عظیم آدمی کے پس پشت ایک عظیم عورت ہوتی ہے۔ حیدر علی یو کو دو ایسی ہی عورتوں سے تقویت ملی۔ ان میں سے ایک ان کی والدہ ماجدہ عزت خانم تھیں جبکہ دوسری انکی شریک حیات ظریفہ خانم۔ اس بات کا ذکر دلچسپی سے خالی نہ ہوگا کہ ظریفہ خانم نے حیدر علی یو

سروں سے سجاتے ہوئے آذر بائیجان کے تھیٹر کی سٹیج پر ایک تازہ ہوا کے جھونکے کی مانند تھا جس نے ترقی کے اس دور میں عورتوں کی کیفیت، ترقی میں پنہاں مسائل پر بحث ومباحثہ، تھیٹر کی بذات خود تشکیل، جہالت اور تنگ نظری کے خلاف جدوجہد کے ساتھ ساتھ لوگوں کو تاریخ کے بھولے بسرے صفحات سے روشناس کروایا جس میں آگ کی پرستش، اور صدی کے شروع میں آرمینا اور آذر بائیجان کی چپقلش سے پیدا شدہ مشکلات کا ذکر شامل تھا۔

جعفر نے آذر بائیجانی عوام کو نہ صرف آئینہ دکھایا جو کہ اس وقت ان کی زندگی کی حقیقی عکاسی کرتا تھا بلکہ اس نے نئے موضوعات بھی تخلیق کیئے۔ آج کے دن بھی ہمارے آئندن، سیول اور گورخ میزر کو یہ بات ضرور یاد رکھنی چاہیے کہ انہیں دوبارہ زندگی دینے والا ان کا تخلیقی کام ہی تھا۔

یہ بات محض ایک اتفاق سے زیادہ اہم ہے کہ علی یو نے اپنی بیٹی کا نام سیول رکھا۔ جعفر جبارلی کی تمثیلات محض ڈرامہ نہیں تھے۔ جعفر نے اپنی تحریروں میں ایک نئی دنیا کو ہمارے سامنے پیش کیا۔ اس دنیا میں سیول جیسی شخصیت جس نے کہ حجاب ترک کر کے آزادانہ ترقی کے حصول کو تقویت دی۔ الماز جس نے فرسودہ روایات سے روشن خیالی کے اعلیٰ ارفع مقصد کے حصول کے لئے جنگ کی، اوگتائے جو کہ آذر بائیجان میں فنون کی ترویج کے لئے نئے راستوں کی تلاش میں ہے اور سولماز کی تحریر کردہ ''آگ کی دلہن'' جس نے کہ آذر بائیجان کے افق پر اسلام اور دین زرتشت کے مباحثہ کو جنم دیا، شامل ہیں۔

اس زمانہ میں آذر بائیجان تھیٹر کی ترقی وہاں کی سیاسی وسماجی زندگی اور مغربی یورپ کی ادبیات کے اثر سے کم وبیش یقینی طور پر منسلک تھی۔ آذر بائیجان کی نوجوان نسل جو کہ تعلیم کے ابتدائی سالوں سے برلن، پیرس اور سینٹ پیٹرز برگ کی یونیورسٹیوں میں زیر تربیت تھے اپنے اور دیگر ترقی یافتہ ممالک میں حالات زندگی کا موازنہ کرنے لگے تھے۔ روشن خیالی پر ان کا خاص دھیان اس قدر تھا کہ اپنے آبائی دیہات میں تعطیلات گزارنے کے دوران وہ اپنی زبان میں ترجمہ کر کے شائع کردہ مغربی یورپ کے کلاسک اور روسی لٹریچر کی تمثیلات کو تھیٹر کی سٹیج پر پیش کرتے تھے۔

شیکسپیئر اور شیلر کو اس زمانہ کے تھیٹر میں ایک خاص مقام حاصل تھا۔ اگرچہ ہیملٹ کی



خودکلامی کی ادائیگی زیادہ پیشہ ورانہ نہیں لگتی تھی پھر بھی ڈنمارک کے شہزادہ کی تکلیف اور غم میں وہ پوری طرح شریک ہوتے تھے۔ درحقیقت جعفر جبارلی شیلر کی تصنیف ''ڈاکو'' اور شیکسپیئر کے ہیملٹ حقیقت پسندانہ ہونے کی وجہ سے بہترین تراجم میں شمار ہوتے تھے۔ یہ سوچا جا سکتا ہے کہ تھیٹر نے حیدر علی یو کو بطور ایک سیاسی لیڈر کے بہت کچھ دیا۔ تاہم ان میں نہ صرف فی البدیع بولنے کی فنی قابلیت تھی بلکہ اس کے ساتھ اپنے آپ کو نہایت عمدہ انداز میں پیش کرنے کی اور خاص طور پر دوران کلام وقفہ دینے کی مہارت بھی تھی۔ کہا جاتا ہے کہ فن کار کتنا ہی ہوشیار کیوں نہ ہو اسکی کارکردگی کا جائزہ نہ صرف اس وقت کرنا چاہیے جب وہ خودکلامی یا ڈائیلاگ ادا کر رہا ہو بلکہ اس کے ساتھ توقف کو بھی صحیح طور پر بروئے کار لا رہا ہو۔

۱۹۹۳ء کے موسم گرما میں حیدر علی یو نے مختلف سیاسی پارٹیوں کے ساتھ کھلی گفت وشنید کی۔ یہ ایک کھلی سیاسی مسابقت، سیاسی بحث تھی جس میں کہ وہ ایک فوق العادہ ڈائریکٹر اور تمثیل تحریر کنندہ ثابت ہوئے۔ اس سے یہ بات یقینی طور پر سامنے آئی کہ اس مہارت کا ماخذ ان کے ایام شباب کے ماحول میں پنہاں تھا اس ماحول کو ڈسپلن سے وابستگی کے طور پر بخوبی بیان کیا جا سکتا ہے۔ مثال کے طور پر جب وہ سپورٹس میں مصروف ہوتے تھے تو اس عرصہ میں SKIING تک کرتے تھے۔ سپورٹس کے ساتھ ان کی وابستگی تا حال جاری ہے۔ اور یہ انہیں کام کرنے میں عظیم صلاحیت اور توانائی فراہم کرتی ہے۔ ایام طفلی سے ہی انہوں نے اپنی خوراک میں بھی میانہ روی کے طریقہ کو اپنایا۔ حیدر علی یو میں پائے جانے والے ہر شوق کا عکس کم وبیش ان کے بھائی بہنوں میں بھی پایا جاتا ہے علاوہ ازیں جیسا کہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے کہ حیدر علی ہمیشہ سے خاکہ کشی کا شوق بھی رکھتے تھے۔ اور طلماں کلب میں دکھائی جانے والی فلموں کے کئی ایک پوسٹر بھی انہوں نے تیار کیئے۔

نانچواں کے لسانیات کے تکنیکی اسکول سے ڈگری حاصل کرنے کے بعد حیدر علی یو ایک معمار بننے کے خواہاں تھے جس کے لئے وہ باکو منتقل ہوئے۔ تاہم جنگ چھڑ جانے کی وجہ سے حالات میں شدید تبدیلی رونما ہوئی۔ انہیں فوج میں طلب کر لیا گیا اور اس طرح سے ان کا عجمی

میں شروع کردہ یہ کام آج کے خودمختار آذربائیجان میں پایہ تکمیل کو پہنچ چکا ہے۔

حیدرعلی یو کی آج کی تقاریر اور خطبات کا بغور مطالعہ کیا جائے تو واضح طور پر ان میں دو زبانوں میں اعلیٰ ادائیگی دکھائی دے گی۔ یوں لگتا ہے کہ انہیں روسی اور آذربائیجانی زبانوں پر اس حد تک عبور حاصل ہے کہ انہیں خود یہ محسوس کرنا مشکل ہے کہ وہ کب اور کس وقت ایک سے دوسری زبان میں گفتگو کر رہے ہیں۔ یہ سمجھنا مشکل ہے کیونکہ حیدرعلی یو نے روسی زبان کے مطالعہ کی ابتدا ذرا دیر سے شروع کی۔ بحرحال روسی زبان نانچیوان میں پڑھائی جاتی تھی اور وہ اب بھی اپنے پہلے روسی استاد کو جنہوں نے انہیں کریلو کے قصے اور پشکن کے شعر ازبر کروائے تھے، احترام کے ساتھ یاد کرتے ہیں۔

حیدرعلی یو کو روسی زبان پر مکمل عبور بعد کے سالوں میں حاصل ہوا جب وہ باکو اور لینن گراڈ میں زیر تعلیم تھے یا پھر انہوں نے از خود اس کو سیکھنے کی کوشش کی۔

نانچیوان میں قیام کے دوران ان کے تین مستقل مشاغل تھے یعنی تھیٹر، فنون اور کھیلیں۔ ان کی زندگی میں یہ تینوں اب بھی بدستور جاری ہیں۔ تھیٹر کے حوالے سے وہ اپنے استاد اور عظیم اداکار ابراھیم حمزہ یو کا ذکر کیا کرتے ہیں۔ اس اداکار نے باکو کے تھیٹروں کی سٹیج پر نامور کرداروں کی گیلری تخلیق کی اور ۱۹۳۰ء کے عشرہ میں نانچیوان نقل مکانی کر کے وہاں کے تھیٹر کی ترقی کیلئے بہت کام کیا۔ یہ بات باعثِ افسوس ہے کہ نانچیوان تھیٹر پر تحریر کردہ کوئی تفصیلی تاریخ کی کتاب مفقود ہے۔ اس سلسلہ میں مختلف ذرائع سے جمع کردہ بعض علاقائی مواد سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ نانچیوان میں تھیٹر کا قیام ۱۸۸۶ء میں عمل میں آیا۔ یہ بات ہمارے علم میں ہے کہ ۱۲ اگست ۱۸۸۶ء کو حاجی نجف زین ال اوف نام کے ایک پڑھے لکھے ذہین فرد کے گھر پر مرزا فتح علی اخندو کی تحریر کردہ مشہور کامیڈی ''موسیو جورڈن اور درویش مستعلی'' کو پہلی مرتبہ سٹیج کیا گیا۔ وہ دن عام طور پر نانچیوان تھیٹر کی ابتداء کا دن تصور کیا جاتا ہے اگرچہ یہ بات یقین سے کہی جاسکتی ہے کہ سنسنی خیز قصوں کی روایات، پتلیوں کا قومی سطح پر تماشہ اور طنزیہ تھیٹر کی جڑیں قرون وسطی کے اس شہر کی ثقافت میں دور تک پھیلی ہوئی ہیں جن کو نانچیوان کی روحانی زندگی میں بھی شدت سے محسوس کیا



جاتا رہا ہے۔

۱۸۸۶ء کے بعد آذربائیجانی مصنفوں اور مغربی یورپ کے ادب سے کلاسک شہ پاروں کے تراجم کسی نہ کسی شکل سے مختلف جگہ سٹیج کیے گئے۔ اس بات کا ذکر کافی ہوگا کہ جلیل محمد گلو زادہ کی اولین تمثیلیں ہائی سکول کی سٹیج پر پیش کی گئیں۔ شہر کے باسی ان میں سے ہر ایک تمثیل کو یاد کرتے خاص طور پر آذربائیجان کے پس منظر میں ترتیب دی ہوئی حسین عرب سنگی روح اللہ اور مرزا آغا علی یو کے کلاسک ڈرامے جن میں کہ انہوں نے مقامی اداکاروں کے ساتھ ڈراموں میں شرکت کی قابل ذکر ہیں۔

نانچیوان کی ثقافتی زندگی میں ایک عظیم واقعہ ۱۹۱۷ء میں جلیل محمد گلوزادہ کی ''فوتید گی'' نام کے ڈرامہ کا افتتاح تھا۔ اس روایت کو جعفر جبارلی اور حسین جاوید کے شہ پاروں کو تھیٹر پر سٹیج کر کے جاری رکھا گیا۔ نانچیوان تھیٹر کا ایک خصوصی پہلو یہ حقیقت تھی کہ اس علاقہ کے تمام روشن خیال انسانوں نے تمثیل میں حصہ لینے کی کوشش کی۔ کچھ نئے ڈرامے لکھے، بعض نے تراجم کئے، چند ایک نے سٹیج پر مناظر کی تخلیق کی اور کم وبیش ہر ایک نے کسی نہ کسی ڈرامہ میں بطور اداکار کام کرنے کی کوشش کی۔ اسی طرح سے تھیٹر زندگی کا ایک تسلسل تھا اور ہر ایک تمثیل کو حقیقی زندگی کی طرح مزید سنوارا اور نکھارا گیا۔ ایسی صورت میں تھیٹر زندگی کا استاد اور ماحول جس میں کہ ہر تماش بین پوری طرح سے ہر ڈرامہ کے کرداروں میں مدغم ہو بلاشبہ تھیٹر کے ڈائریکٹر کے لئے ایک خواب سے کم نہ تھا۔ تھیٹر وہی حقیقت دکھاتا تھا جو کہ زندگی بذات خود پیش کرتی تھی۔ اس میں کچھ بھی جعلی نہ تھا اور نہ ہی ان لوگوں کی اصل زندگی دکھانے کے لئے باہر سے کچھ لایا گیا تھا۔ اس وجہ سے صدی کے اوائل میں آذربائیجان کا تمام منور طبقہ اس زمانہ کے آذربائیجان کی تھیٹر کی زندگی کے دو عظیم ترین واقعات میں اپنے آپ کو معاون اداکار تصور کرتا تھا۔ جہاں ایک جانب جلیل محمد گلوزادہ کی تماثیل قومی شعور اور روحانی قدروں کے احیاء کی ضرورت پر زور دیتی تھیں وہاں دوسری جانب حسین جاوید نے آذربائیجان کے تھیٹر کو تاریخی اور فلسفیانہ اظہار کا ذریعہ بنایا جس کی اہمیت آج تک قائم ہے۔ جعفر جباری نے کرداروں کی پوری گیلری کی تخلیق کی جو کہ آذربائیجانی زبان کو جدید

حالت میں موجود ہے۔ وہاں پر برہیم کے انقلاب سے پہلے دور کی تحریریں یا پھر دنیا کے پرندوں کا انسائیکلو پیڈیا جیسے خوبصورت اور باتصویر ایڈیشن کا حصول ممکن تھا۔ لائبریریوں میں ملا ناصر الدین میگزین کے پورے سیٹ موجود تھے۔ اسی طرح لائبریری میں حسین جاوید کی کتابیں بھی پائی جاتی تھیں اگر چہ ۱۹۳۷ء تک کے نا مساعد حالات نے اس مصنف کو ختم کر دیا تھا۔ ملا ناصر الدین میگزین جسے کہ صحیح معنوں میں ایران اور ماورائے کاکیشیا کی مجموعی سیاسی اور سماجی زندگی اور رسم درواج کا انسائیکلو پیڈیا کہا جا سکتا ہے صدی کے شروع میں اسے بیداری اور قومی شعور کے نظریات کی ترویج میں مدومعاون ثابت ہوا۔ اس میگزین میں چھاپے جانے والے تصویری خاکے بھی مضحکہ خیز مذاق، طنز اور نشر کردہ خیالات کے حقیقی امتزاج تھے۔ جن کی شکل بگاڑ کر پیش کیا جانا نوجوان لڑکے اور لڑکیوں کی اندرون دنیا میں سوچ اور فکر کو جنم دینے کا باعث بنا۔ جلیل محمد گلوزادہ اور جاوید کے پیش کردہ دو موضوعات نے حیدر علی یو کو نوجوانی کے ایام سے ہی گہرے طور پر متاثر کیا جس کا تسلسل ان کی سوانح حیات میں پایا جاتا ہے۔ جلیل محمد گلوزادہ نے اپنی تحریروں میں گاؤں کے باسیوں کی خشک اور غیر متحرک زندگی کا نہایت عمدہ خاکہ کھینچا جس نے کہ حیدر علی یو پر نمایاں تاثر چھوڑا اور جس نے انہیں اس کے ایک کردار دانا باش جیسے واقعہ کے دوبارہ ظہور پذیر ہونے کے خلاف زندگی بھر جدوجہد کرنے پر آمادہ کیا۔ گزشتہ صدی کے اوائل میں جلیل محمد گلوزادہ کی تحریر کردہ ''ماں کی کتاب'' نے آذر بائیجان کے ذی شعور طبقہ پر تین عوامل کے اثر انداز ہونے کا نہایت خوبی سے ذکر کیا۔ یہ تین اثرات روسی، ترکی اور ایران کے ثقافتی اثرات تھے۔

گلوزادہ نے اپنی تحریر میں ایسے بھائیوں کا ذکر کیا جو کہ ماں کی کتاب پڑھنے سے قاصر ہیں اور اپنی ماں سے اس کی زبان میں بات نہیں کر سکتے کیونکہ ان سے ہر کوئی ایک اجنبی ثقافت کی پیداوار ہے۔ اور اپنی زبان اور ثقافت سے نا آشنا۔

جلیل محمد گلوزادہ کے ''فوتیدگی'' نامی ڈرامہ نے حیدر علی یو کو محو حیرت کر دیا اور ابھی تک اس کا تاثر باقی ہے۔ اس وقت وہ اس تمثیل میں پنہاں غیر معمولی سوچ سے بہت متعجب ہوئے جس کے مطابق تمام وفات پا جانے والے عزیز و اقارب کو زندوں کی دنیا میں جب چاہے لایا جا سکتا ہے۔ یہ



اور بات ہے کہ زندوں کی دنیا میں کوئی بھی اس امکان سے مستفیض ہونے کا خواہاں نہیں ہوتا۔

جاوید کے تحریر کردہ ڈرامہ ''ابلیس'' میں نیکی اور بدی کے مسائل کو ایک منفرد انداز میں پیش کیا گیا جس نے کہ حیدر علی یو کی شخصیت کی نشو نما میں ان مٹ نقوش چھوڑے۔ اس کے زیر اثر ان میں اس یقین نے جنم لیا کہ مردانگی کا تقاضا ہے کہ انسان آزاد رہے اور کسی حال میں بھی غلامی کو برداشت نہ کرے۔ جاوید نے ''شیخ سنان'' نامی ڈرامہ میں اسکے ہیرو شیخ سنان کی جانب سے اپنے اندر کی ''خودی'' کو برقرار رکھنے کے لئے سماج کے قوانین سے روگردانی کا منظر اور زندگی بھر ایک شخص کی مثال پیش کی جو اپنی روح کی آواز کو سن کر اس پر عمل کرتا ہے اور خود شناسا ہوتا ہے۔

ایسا شخص کبھی بھی خارجی آواز پر کان نہیں دھرتا۔ جاوید کے کرداروں نے علی یو کو بہت متاثر کیا اور ان پر یہ بات عیاں کر دی کہ دنیا میں بدی کی قوتوں کے خلاف مزاحمت اس وقت تقویت حاصل کرتی ہے جب انسان بدی اور اس کے گردوپیش سے ٹکراتا ہے۔ جاوید کی تمثیل میں گوئٹے اور شیکسپیئر کے جذبات کی حدت اور بقا کے دائمی مسائل کا حل پیش کیا گیا۔ اس کے ڈرامہ کے غیر معمولی اور موثر مناظر کرداروں کے مکالمے واضح اور شیرینی سے بھرپور شعروں کی ادائیگی کی وساطت سے سامنے آتے ہیں۔ اس سے انتہائی اعلےٰ وارفع حقیقت کے ادراک میں آسانی ہوتی ہے کہ انسان خود ساختہ کنٹرول کے تحت ہوتا ہے اور اسے خود اپنے آپ پر حاکم ہونا چاہیے کجا اس کے کہ وہ زیر حاکمیت ہو۔ تاہم انسان کے اس خود ساختہ کنٹرول سے مراد یہ ہے کہ اسکی اندرونی اور بیرونی آزادی کے درمیان مفاہمت حاصل ہو چکی ہے۔ اس کے ساتھ ہی ساتھ حیدر علی یو نے جاوید کی تحریروں سے یہ اخذ کیا کہ انسان پر کسی کا مقتدر ہونا نہ صرف ایک بدی ہے بلکہ اس سے زیادہ یہ کہ ہر قسم کی بدی کا ایک ماخذ ہے کیونکہ لوگ بذات خود مجموعی سمجھوتہ کے تحت زندگی گزارنے کے خواہاں ہوتے ہیں۔

جاوید کے کلام سے وابستگی کی بدولت حیدر علی یو کو جمہوریہ کا لیڈر رہونے کی حیثیت سے ٹھوس کام کرنے کا موقع ملا۔ انہوں نے غیر معمولی کوششوں سے جاوید کی جائے تدفین کا پتہ چلایا اور ان کے باقیات کو ناخچوان منتقل کیا اور جاوید کے مزار کی تعمیر کا کام شروع کروایا۔ ۱۹۸۲ء

نظریہ مارکسزم، لینن ازم سے منسلک تعلیمات اورعون، میں سائمن اورفوریر کے نظریات کے ساتھ ساتھ تدریسات کا حصہ بن گئے۔

ترکی زبان میں شاعری کو خاص اہمیت دی گئی ناظم حکمت کی مقبولیت کے رجحان کی وجہ سے سویت سرکاری نظریات کے مطابق گزشتہ صدی کے اوائل کے ترک شعراء کا کلام ہائی سکولوں میں پڑھایا جانا مناسب سمجھا گیا کیونکہ ان کے تخلیقی کام کو سلطنت کے خلاف جہد و جہد اورعوام کے روشن مستقبل کے لئے مفید سمجھا گیا اگر چہ ان کا یہ الزام تھا کہ اس سلسلہ میں مارکسزم اور لینن ازم کے رول کو وہ پوری طرح نہیں سمجھ پائے۔ تین ہستیاں جن کے گرد ہمدردی پیدا کی گئی توفیق فکرت، عبدالحق حامد اور نامق کمال تھے۔ آزادی سے محبت کی یہ شاعری جنگ سے نفرت، کلیسائی نظام یا انسان کے خلاف شدت کے استعمال کی مذمت کی شاعری بھی تھی۔ حیدر علی یو نے بھی ہر قسم کے کلیسائی نظام سے نفرت اور بدی کی قوتوں کی انتہائی غیر انسانی پیداوار ہونے والی جنگ سے نفرت کو اپنا شعار بنایا۔ ان شعراء کی قوت ارادی کو نہ تو قید و بند کی صعوبتیں اور نہ ہی ظلم و ستم ختم کر سکے اور وہ نئی اور مضبوط ترکی کو وجود میں لانے کی نوید ثابت ہوئے۔ وہ ایک جانب سے مغربی ادب سے بخوبی واقف تھے جبکہ دوسری جانب انہوں نے ترک عوام کے لوک ورثہ کو اچھی طرح جانتے ہوئے محلاتی شاعری کو رد کر دیا۔ اپنی شاعری میں انہوں نے فرانسیسی ادبیات میں حسیات اور خیال پرستی کو اہم مقام دینے کے ساتھ ساتھ غزل اور ادبیات کو نہایت مہارت کے ساتھ مشرقی شاعری میں سمو دیا۔

اس تاریخی پس منظر میں اگر علی یو کی سوانح حیات کا جائزہ لیا جائے تو یہ بات سامنے آتی ہے کہ جب ترکی کے سرکاری اخبارات میں توفیق فکرت کے خلاف مہم شروع ہوئی اور انہیں تدریسی سرگرمیوں کے امکانات سے محروم کر دیا گیا حتی کہ اپنے سکول کی نظامت سے بھی فارغ کر دیا گیا تو انہوں نے احتجاج کے طور پر خاموشی کو اپنا وطیرہ بنایا۔ وہ اس وقت تک خاموش رہے جب تک ملکی حالات ایسی نہج پر نہ پہنچ گئے جہاں ان کی خاموشی کا جاری رہنا ملک سے غداری کے مترادف ہوتا۔ چنانچہ انہوں نے ایک بار پھر سلسلہ کلام کا آغاز کیا۔ اس مرتبہ ان کی شاعری مجادلہ کی شاعری، عسکری شاعری اور وطن کے ایک شہری کی شاعری تھی جسے دبایا نہیں جا سکتا تھا۔



علی یو کی زندگی میں بھی خاموشی کا ایک ایسا دور آیا تھا۔ ۱۹۸۷ء سے ۱۹۹۰ء کا عرصہ ان کی زندگی کے مشکل ترین ادوار میں سے تھا کیونکہ اپنی زندگی میں پہلی مرتبہ حقیقی کی تعمیر اور تخلیق کی بجائے اپنے آپ کو ایک مشاہدہ کرنے والے کی صورت حال سے دوچار تھے۔ یہ احساس ان کے لئے بہت تکلیف دہ تھا کہ ان کے سر پر جیسے کہ ایک شیشہ کا شفاف چھت ہو جس کی وجہ سے ان کی حرکات اور عزم و ارادہ محدود ہو کر رہ گیا ہو یا پھر کسی کی مرکوز نگاہیں اور ہاتھ ان کی زندگی میں مسلسل مداخلت کر رہے ہوں جس سے کہ وہ خود اپنے آپ سے اجنبیت کے ایک حیران کن اور دہشت انگیز گرد و پیش میں مقید ہو کر رہ گئے ہوں۔ ایسی صورتِ حال میں سوچنا تو کجا زندہ رہنا بھی مشکل نظر آتا تھا۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ مستقبل کے صحافی ان سے بار بار یہ پوچھیں گے کہ اس دور میں جبکہ تاریخ نے ان کو مہلت دی تھی انہوں نے کیوں اپنی آپ بیتی، ملفوضات یا ایک سپر پاور ریاست میں سیاسی حیات رکھتے ہوئے کوئی کتاب تحریر نہیں کی۔ یہ صحیح ہے کہ انہوں نے اس عرصہ میں کچھ نہیں لکھا مگر اس دور میں خاموشی اختیار کرنا احتجاج کا ایک طریقہ تھا۔

باہر سے کوئی بھی اس شخص کی کیفیت کا تصور نہیں کر سکتا جو کہ اچانک زندگی کے دھارے سے اپنے آپ کو منقطع پاتے ہوئے انسانی امکانات کے ایک دھانے پر کھڑا ہونے پر مجبور ہو۔ اس کا موازنہ ایک گاڑی کے ایک ایسے انجن سے بھی کیا جا سکتا ہے جسکی ہنگامی بریک کھینچ دی گئی ہو۔ ایسے انسان کی کیفیت کا خاکہ کئی دوسری دلچسپ مماثلتوں سے بھی کیا جا سکتا ہے جیسے کہ ان کی انتہائی بھرپور زندگی کا بہاؤ ایک جانب مکمل بے کاری میں بدل گیا ہو۔ کئی لوگ اس صورت حال میں آسانی کے ساتھ اپنے آپ کو ڈھال لیتے ہیں اور زندگی رواں دواں رہتی ہے۔ ایسے لوگ حالات کو تاریخ کے فیصلے پر چھوڑتے ہوئے اپنی داستانِ حیات لکھنا شروع کر دیتے ہیں۔ تاہم علی یو ایسا نہیں کر سکتے تھے۔ توفیق فکرت کی طرح انہوں نے بھی اپنی مہر سکوت اس وقت توڑی جب انکی خاموشی اپنے عوام کے ضمن میں غلط فہمیوں کو جنم دے سکتی تھی۔ جنوری کے پُرآشوب سانحہ کے دن انہوں نے اپنی زبان کھولی تا کہ اپنے تعزیتی تاثرات کو بیان کرتے ہوئے اپنے عوام کے قاتل کی سرزنش کر سکیں۔ ان سب حالات کا ذکر نا نچوا ان کی لائبریریوں میں عجیب بے ترتیبی کی

حیدر علی یو نے جس شاعری کا اپنی نو جوانی میں مطالعہ کیا تھا وہ محض عمدہ نہ تھی بلکہ اس کا نہ ختم ہونے والا ایک سلسلہ تھا۔ بلا شبہ سب سے پہلے تو یہ کہا جا سکتا ہے کہ یہ عوامی شاعری تھی اور لوک ورثہ مجموعی طور پر قومی زبان کی مختلف شاخوں سے بذات خود مربوط ہوتا ہے۔ نا نچو اں میں ہر کوئی اس کی اہمیت سے واقف تھا۔ اکثر ایک بوڑھا آدمی یا عمر رسیدہ خاتون جو ابتداء میں اپنے آپ کو ادب سے بے نیاز سمجھتا تھا اپنے کلام میں رباعیات کو یوں شامل کرتا کہ سننے والا یہ محسوس کرتا کہ اس کا شاگرد بننے کے لئے مناسب وقت آ گیا ہے۔

زبان کی ایک اور شاخ روایتی مشرقی شاعری، خاص طور پر محل کی شاعری تھی۔ محل کی شاعری میں ہمیشہ مخصوص خدوخال کو پیش کیا جاتا۔ جیسا کہ محبوبہ، جنت، حوریں اور تصوف۔ حکمران طبقہ کا ادب ان کے کانوں کو بھلا لگتا اور ان کے شعور کو تھپکی دیتا۔ تاہم اس محلاتی شاعری کی روایات نے نظامی اور فضولی جیسی عظیم ہستیوں کو جنم دیا ہے۔ زبان کی تیسری شاخ ترک شاعری تھی جبکہ چوتھی شاخ صمد ورگن کی شاعری سے مربوط تھی۔ آخری شاخ کے ہر دور میں شیرینی اور جذبات پنہاں تھے جن سے نئے موضوعات اور تازہ روح نے جنم لیا۔

مشرقی شاعری میں خاص طور پر واقف اور ودادی کے کلام میں ایک پرندے کونج کا تصور بچوں کے ذہنوں میں شاعر کے کونج کی داستان سے وابستہ ہے۔ تاہم یہ علامت ایک اور WILLOW ولو کونج کے قصے کی وجہ سے بہت مشہور ہوئی۔ اس داستان کے مطابق ایک خبیث انسان نے ایک شاعر کو ایک سنسان جگہ پر قتل کر دیا۔ شاعر نے شدید زخمی حالت میں آسمان پر کونجوں کے ایک ڈار کو دیکھا اور ان سے درخواست کی کہ وہ اس کی شہادت دیں۔ کونجوں نے اپنی اڑان معطل کرتے ہوئے قاتلوں کے گرد یوں چکر لگائے جیسے کہ وہ ان کے چہروں کا جائزہ لے رہی ہوں۔ کونجیں بعد ازاں رخصت ہو گئیں۔ کچھ عرصہ بعد جب وہ خبیث قاتل ایک بڑے شہر کے چوک میں تھے جہاں کہ جم غفیر تھا تو کونجوں کا دو ڈار یکا یک نمودار ہوا اور آوازیں نکالتا ہوا خبیثوں کے گرد چکر لگانے لگا۔ شہر کے باسیوں نے ان ظالموں کو شک کی نگاہ سے دیکھتے ہوئے ان خبیثوں کو پکڑ لیا اور ان کے تھیلے سے شاعر کی ایک کتاب دستیاب کر لی جو کہ شاعر کا اتا پتہ چھوڑے



بغیر غائب ہو گئی تھی۔ قاتلوں نے شدید خوف کی حالت میں اپنے جرم کا اعتراف کر لیا۔ غرضیکہ اس قصہ سے بچوں کے ذہن پر نیکی اور بدی کا تصور ان مٹ شکل کے طور پر ثبت ہو گیا۔

اس عرصہ میں نظامی گنجوی نے اسکندر نامہ کا علمی اور تنقیدی متن تیار کیا جو کہ آذربائیجان میں چھاپا گیا۔ نظامی کی جانب سے سینکڑوں قلمی نسخوں کا تجزیہ اور مختلف متنوں میں درج تمام تفصیلات کو ماخذ سے پرکھنے کے بعد صحیح متن کا انتخاب ایک عظیم علمی کارنامہ تھا۔ اس میں تحریر کردہ مخصوص سطور یا اسلوب تحریر نظامی کا کام تھا یا بعد کا اضافہ یا پھر جان بوجھ کر اس میں تحریف کی گئی تھی ایک ایسا سوال تھا جس کا جواب دینا مشکل تھا۔ تاہم اس سوال کو اجاگر کرنا بذات خود نئی نسل کے لئے قدیم کتابوں کی جانب ایک نئے رویہ کو جنم دینے کا باعث بنا۔ یہ بات خاص طور پر اہمیت کی حامل تھی کیونکہ ۱۹۳۷ء سے قلمی نسخوں کے متعلق ایک خاص رویہ سامنے آیا جس کے مطابق حکومت ان کو ختم کرنے کے درپے تھی۔

آذربائیجان میں اُن دنوں اسکندر نامہ کو غیر معمولی مقبولیت حاصل تھی۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ نظامی نے مقدونیہ کے سکندر اعظم کی سوانح حیات کا پورے طور پر مطالعہ کیا ہوا تھا اور وہ چاہتا تھا کہ تاریخی حقائق کی تصدیق کے ساتھ ساتھ ایک ہیرو کے تصور کو تخلیق کر کے عوام کو خوش کر سکے جس کے وہ خواہاں تھے۔ نظامی کے کہنے کے مطابق سکندر اعظم ہمیشہ ارسطو، افلاطون اور سقراط کی معیت میں رہتا تھا اور اہم مسائل میں ان کی رائے پر انحصار کرتا تھا۔ بنیادی تصور روشن خیالی پر مبنی تھا اور یہ کہ صرف سائنس اور فنون انسان کو برگزیدہ کر سکتے ہیں۔ نظریات کی بقا سلطنتوں کی بقا سے طویل ہوتی ہے جیسا کہ سکندر کی سلطنت کے خاتمہ کے بعد دنیا میں یونانی ثقافت اور علم کا طویل مدت تک بول بالا رہا۔ ایک قومی ریاست کا مفکورہ ایک ایسی ریاست جس میں ایک انسان کو حاکمیت سے جدا نہ کیا جا سکے کی اس نظم میں واضح طور پر عکاسی کی گئی ہے۔ یہ پیغام نا نچو اں کی مبارک زمین تک پہنچا اور اس کو قرون وسطیٰ میں جلی حروف سے یاد رکھا گیا۔

محنت اور اس کے نتیجہ میں حاصل کردہ پیداوار پر مساوی حقوق کی بنیاد پر آزاد افراد کی جمیعت کے لئے قوانین کے مطابق منصفانہ نظم و نسق قائم ہونا چاہیے۔ یوں آئیڈیل سوشلزم کا یہ

TCHAPAYEV اور کئی ایک دیگر پُر ذوق موضوعات تماش بینوں کے لئے فطری دلچسپی کا باعث بن گئے تھے۔ بچوں کی زندگی میں ہائی سکول کو بھی ایک خاص مقام حاصل تھا۔ اس زمانہ کی نصابی کتابیں اور مطالعہ کی جانے والی دوسری کتابوں کے جائزہ سے یہ بات واضح طور پر سامنے آتی ہے کہ بچوں کی تدریس لاطینی رسم الخط میں تھی تاہم رسم الخط میں تمام تبدیلیاں یعنی عربی سے لاطینی اور بعدازاں کریلک رسم الخط رائج ہونے سے ان کی اندرونی دنیا متاثر ہوئی تھی۔ اس کے باوجود یہ سب تبدیلیاں بغیر کسی دشواری کے عمل میں آئیں۔ اس عرصہ میں آذر بائیجان میں نہ صرف تمام اہم کتابیں اور آذر بائیجانی کلاسک ادبی شہ پارے لاطینی رسم الخط میں چھاپے گئے بلکہ ان میں روسی اور عالمی کلاسیکی ادب کے تراجم بھی شامل تھے۔ اس طرح سے بچے وکٹر ہوگو کی کتابوں کو پڑھنے اور اس کے شہ پارے ''اوٹ کاسٹ'' کے کرداروں سے کچھ یوں شناسا ہوئے جیسے کہ دوسرے بلاک میں رہنے والے لڑکیاں اور لڑکے ہوں کیونکہ وہ اپنی ملکی زبان میں ادبی کتابوں کو پڑھ کر سمجھ رہے تھے۔

شیلر کے رابرز (ڈاکو) نامی ڈرامہ نے اس نسل کی نشوونما میں ایک خاص رول ادا کیا۔ اس ڈرامہ کا ترجمہ آذر بائیجانی زبان میں کیا گیا اور کئی سالوں تک اسے باکو اور نانچوان کے تھیٹروں میں دکھائے جانے کے علاوہ ہائی سکولوں کی سٹیج پر بھی پیش کیا گیا۔ اس وقت بھی شیلر کے ان الفاظ کی یاددہانی مناسب معلوم ہوتی ہے کہ فنون سے متاثر کوئی شخص غلامی میں بھی آزادی حاصل کرنا سیکھ سکتا ہے اور نظام کہنہ کے خاتمہ پر اس وقت کی نسل ''ایسے سنہری موقع سے مستفید ہونے میں نااہل نہیں ہو سکتی''۔

شیلر کی ''رابرز'' نامی کتاب کا جعفر جبارلی نے لاطینی رسم الخط کیساتھ آذر بائیجانی زبان میں ترجمہ کیا جو کہ باکو میں ۱۹۳۵ء میں چھاپا گیا۔ تاہم یہ ڈرامہ اس سے بہت پہلے مقامی تھیٹروں میں سٹیج پر دکھایا جا چکا تھا۔ اس ڈرامہ کے کردار اس قدر مقبول ہوئے کہ ان دنوں سے ہی عمالیہ نام کو آذر بائیجان میں لڑکیوں کو دیئے جانے والے ناموں کی صف میں شامل ہونے کی روایت چل نکلی۔

حیدر علی یو نے شاعری میں بھی کافی دلچسپی کا مظاہرہ کیا۔ انہوں نے تین شعراء، خلیل



رضا، محمد ارض اور بختیار وہاب زادہ کو آزاد آذر بائیجان کے اعلیٰ ترین اعزازوں میں سے ایک سے نوازا۔ یہ اعزاز درحقیقت آذر بائیجانی عوام میں قومی شعور کی بیداری اور تحریک آزادی کو آگے بڑھانے میں ان کے کلام کے رول کو تسلیم کرنا تھا۔

یہ بات یقین کے ساتھ نہیں کہی جا سکتی ہے کہ حیدر علی یو نے خود بھی کبھی شعر لکھے یا نہیں تاہم سرکاری ذرائع سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کا ایک قریبی یوری اندروپوف جو کہ ایک زمانہ میں سوویت سوشلسٹ جمہوریتوں کی یونین کا لیڈر تھا، شعر لکھا کرتا تھا۔ یہ بات باعث افسوس ہے کہ ہمیں علی یو کے متعلق کوئی ایسی معلومات نہیں ہیں۔ تاہم اس میں کوئی شک نہیں کہ ان میں شاعری کا شوق محض شعر پڑھنے اور لاتعداد شعروں کو زبانی یاد کرنے تک محدود نہیں تھا۔ اس کا مشاہدہ حیدر علی یو کی آذر بائیجانی زبان سے وابستگی سے کیا جا سکتا ہے۔ اس بات کو یقینی دعوے سے کہا جا سکتا ہے کہ انہیں اس زبان پر ہر کسی سے زیادہ عبور حاصل ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ ہمارے لئے آذر بائیجانی زبان کی ترقی میں ان کی معاونت کو پورے طور پر سمجھنا ابھی باقی ہے۔

آذر بائیجان کی قومی یونیورسٹی کی پچاسویں سالگرہ کے موقع پر علی یو نے جمہوریہ کے نو منتخب لیڈر کے طور پر خطاب کیا جس میں کہ انکی آذر بائیجانی زبان میں نہ تو ملاوٹ کا شائبہ تھا، نہ ہی سرکاری اخبار ''کمیونسٹ'' کی بے رنگ زبان، اور نہ ہی نئی اصطلاحات سے بھرپور روزمرہ کی استعمال کردہ عامیانہ لہجہ یا فقروں کی تحریف یا مناظراتی جملے پائے جاتے تھے۔ یہ زبان اپنی شیرینی، خصوصی ربط اور الفاظ کی ثروت کی وجہ سے مسحور کن تھی۔

ایک دوسرے موقع پر آذر بائیجان میں حیدر علی یو کے کلام کی آواز سنائی دی جس سے ایسا معلوم ہوتا تھا کہ آذر بائیجانی زبان نے معاشرہ میں اپنا قومی مقام حاصل کر لیا ہے۔ ہر کوئی علی یو کے اندازِ بیاں سے متاثر ہوا۔ یہ ایک نئے عہد کی زبان تھی جس میں عہد حاضر کے سیاسی استعارے اور ترک علاقوں میں رائج زبان سے مشترکہ الفاظ کا خوبصورت امتزاج اور اضافہ شامل تھا۔ کوئی فردِ واحد جو شاعری کی دنیا سے شناسا نہ ہو کیونکر ہر لفظ کو جداگانہ طور پر سمجھتے ہوئے اسے ایک مجموعی شیرینی کے ہار میں پرو سکتا ہے۔

سکے گی لیکن جومردلی میں ایک صبح کی شروعات ایسے ہی سانحہ سے ہوئی۔ علی الصبح گولیوں کی باز گشت پہاڑوں میں سنائی دی جس سے کہ عورتوں اور بچوں کے دل خوف سے دہل گئے اور انہوں نے بچنے کیلئے متفقہ طور پر گاؤں ترک کرنے کا فیصلہ کیا۔ اس روز تمام مرد جانوروں کو چرانے کیلئے بلند پہاڑوں پر واقع موسم گرما کی چراہگاہوں میں تھے اور ان میں سے کوئی بھی گاؤں میں نہ تھا۔ گاؤں کی عورتوں اور بچوں کے بچ نکلنے کا راستہ طویل اور دشوار گزار تھا اور ان کی رہبری کیلئے محض حسیات کا شعور تھا۔ علی یو کے بڑے بھائی زندگی بھر ان پہاڑی راستوں کو یاد رکھیں گے جہاں چھوٹے بڑے پتھروں سے ان کی ٹانگیں مجروح ہوئیں۔ ستم ظریفی یہ کہ اس سے قبل یہ پہاڑی راستے گھاس، جھاڑیوں اور درختوں سے بھرے تھے جو کہ انہیں خوراک، سایہ اور پناہ فراہم کرتے تھے۔ دلچسپ بات یہ کہ ناخچواں کا میدان ہمیشہ جنت ارضی سمجھا جاتا تھا۔

جومردلی کے علی رضا اور سیسیان کی عزت خانم نے بالاخر ناخچواں کو اپنا وطن بنالیا اور ایک مکان کرایہ پر لے لیا۔ ناخچواں میں نجغلی کے مکان میں حیدر علی یو نے ۱۹۲۳ء میں جنم لیا۔ بعد ازاں انہوں نے صحن والا ایک چھوٹا سا مکان خرید لیا۔ افسوس کے ساتھ کہا جاسکتا ہے کہ تاریخ میں اس مکان کا کوئی ذکر نہیں ہے کیونکہ وسیع پیمانہ پر تعمیرات کے عرصہ میں اس کو گرادیا گیا اور اسکی جگہ ایک عام بلڈنگ تعمیر کی گئی۔ علی رضا اور عزت خانم سادگی سے رہتے تھے۔ مکان کے فرشوں پر قالین بچھے ہوئے تھے۔ اور چونکہ ناخچواں میں جنگ سے پہلے بجلی نہیں تھی اسلئے کمروں کو تیل کے لیمپوں سے روشن کیا جاتا تھا۔ علی رضا کو ہمیشہ تیل کی ہلکی سی بو آتی تھی مگر بچوں کیلئے یہ صورت حال بالکل معمول کے مطابق تھی۔ خوراک میں شہرت یافتہ ریلوے روٹی جو کہ ان کے والد ساتھ لایا کرتے تھے سے بھی تیل کی بو آتی تھی۔ روٹی عام طور پر سیاہ ہوتی تھی اور سفید روٹی شاذ ہی خریدی جاتی تھی۔ روٹی جو تندور میں تیار کی جاتی تھی خاص طور پر مقبول تھی کیونکہ اس کی ایک مخصوص خوشبو اور ذائقہ ہوتا تھا۔

تیس سال کی عمر تک علی رضا وقتاً فوقتاً باکو میں تیل کے کنوؤں پر کام کے لئے جایا کرتے تھے۔ واپسی پر اہل خانہ کیلئے نئے لباس، تحفہ جات اور مٹھائی کے پیکٹ لاتے تھے۔ یہ کہنا مشکل



ہے کہ علی رضا بطور ایک ماہر تیل کار کے معقول آمدنی حاصل کرتے تھے لیکن ان کے لئے تیل کی صنعت سے علیحدگی بھی ممکن نہ تھی۔ اس طرح ناخچواں واپس آکر ریل کی پٹریوں پر کام شروع کرنے پر وہ ایک مرتبہ پھر پٹرولیم سے براہ راست منسلک ہو گئے۔ باکو اور طفلس سے آنے والی کئی ایک ریل گاڑیاں ناخچواں میں رک کر پٹرول لاتی اور لیجاتی تھیں۔

حیدر علی یو ایک سادہ صفت اور ان تھک محنت کشوں کے خاندان میں بڑے ہوئے۔ اگر یہ کہا جائے کہ ایک بچے کی تربیت میں والدین کی سرزنش کی بجائے ان کی نیک نیتی کی عملی مثال کارگر ہوتی ہے، تو اس میں کوئی شبہ نہیں کہ علی یو کا خاندان اس کی ایک زندہ مثال تھی جہاں پر انتھک محنت اور فرض شناسی کا اصول حاکم تھا۔

روایتی طور پر یہ تسلیم کیا جاتا ہے عہد طفلی اور بلوغت کے ایام اور حالات شخصیت کی نشوونما میں ایک ان مٹ نقش چھوڑ جاتے ہیں اور ایک سائنسدان، فن کار، قلم کار یا سیاستدان کی قسمت پہلے سے متعین کرتے ہیں۔ اس کا مزید تجزیہ کرنے سے پہلے یہ کہا جاسکتا ہے کہ یہ پہلو ایک لیڈر کی تشکیل میں یقینی طور پر اثر انداز ہوتے ہیں اور ان خصوصیات کی ایک زندہ مثال حیدر علی یو کے عہد طفلی کے ابتدائی ایام تھے۔ اگر علی یو خاندان کے گھر کا جائزہ ممکن ہوتا تو ایک غیر معمولی نقشہ سامنے آتا۔ اس خاندان میں ہر کوئی مطالعہ اور مصوری کا شوق رکھتا تھا۔ وہ ایک دوسرے کی تصویریں بنانے کے ساتھ ساتھ گردوپیش کے مشاہدات، ناخچواں کے سبزہ زار، جانوروں کی تصاویر اور دیگر مناظر کی بھی تصویر کشی کرتے۔ وہ مختلف موضوعات پر کی گئی مصوری کے بھی شائق تھے۔ حیدر علی کی ترجیحات فردوسی کے شاہنامہ سے ملتے جلتے تاریخی موضوعات تھے اور وہ رستم، ذال اور سیاوش کشی بھی کرتا تھا۔

بچوں کی نشوونما میں تھیٹر کا ایک نمایاں رول تھا۔ ان میں وہ سحر انگیز کھیل بھی شامل تھے جو مشہور تاریخی دنوں کے موقع پر پیش کیے جاتے تھے۔ حیدر تھیٹر کے بہت شیدائی تھے اور اکثر ہیرو اور لیڈروں کے رول ادا کیا کرتے تھے۔ سٹیج پر آذری اور عالمی شہرت یافتہ مرزا فتح علی اخوندہ کی تحریر کردہ "ملینکوراں خانیت کا وزیر" نامی ڈرامہ کے علاوہ کئی مختلف فلمیں بھی دکھائی جاتی تھیں۔ جاپایو

تھا تاہم ماں باپ دونوں کوہستانی تھے۔ اور خودداری کے ساتھ ساتھ اعلیٰ مقاصد رکھتے تھے۔ یہ بات خاص طور پر انکے بچوں کے حوالے سے کہی جا سکتی ہے۔ علی رضا کیشی اپنے وسیع خاندان کی ضروریات پوری کرنے کیلئے ان تھک کوششیں کرتا تھا۔ وہ فارم پر کام کرتا تھا اور اس کی اولاد اس کام میں اس کا ہاتھ بٹاتی تھی۔ خاندان کی تمام تر امیدیں بچوں سے وابستہ تھیں۔ بچپن کی ابتدا سے ہی ان میں ایمانداری، مستعدی، آزادی، کھلے ذہنی اور ارادہ کی پختگی جیسی اقدار موجود تھیں۔ یہ بات باعث حیرت تھی کہ ان کے خاندان نے شدید معاشی مشکلات کے باوجود کسی بچے کو نظر انداز نہیں کیا تھا۔ جب سب سے بڑا بھائی مزید تعلیم کے لئے گھر سے رخصت ہوا تو علی یو کے دوسرے بچوں نے بھی نانچواں میں تربیت کے تمام امکانات سے مایوس ہو کر شہر کو ترک کر دیا۔

آج بعض تاریخ دان ان دنوں کے حالات اور حقائق کا تجزیہ کرتے ہوئے یہ کہہ سکتے ہیں کہ علی رضا علی یو کا خاندان بہت غریب تھا۔ لیکن نہ ہی اس کے اہل خانہ اور نہ ہی گرد و پیش کے لوگ یہ تاثر رکھتے تھے۔ عام تصور یہ تھا کہ سب کو ہر طرح کے امکانات میسر ہیں۔ مگر ہر ایک کے لئے ضروری ہے کہ مستعدی سے کام لیتے ہوئے ان امکانات سے مستفیض ہو۔ کئی مرتبہ بچے اپنے والد سے مل تک نہ پاتے جس کی وجہ سے ان کی زندگی کا محور ان کی والدہ بن گئیں۔ وہ کھانا پکاتیں، صفائی کرتیں، ان کے لباس کی مرمت کرتیں اور بچوں کے مخصوص مسائل کو حل کرتیں۔ ماں اپنی نرمی کی بدولت اور باپ اپنی مستعدی کی وجہ سے کلی طور پر ایک دوسرے کیلئے لازم و ملزوم تھے۔ اس طرح کے ایک خاندان میں لڑکوں میں مسابقت کا شوق ایک قدرتی امر تھا تاہم اس کی نوعیت ہمیشہ مقابلہ کی تھی۔ حیدر کے بہن بھائی سکول اور شہر میں ہمیشہ اس کے منفرد حیثیت کے مالک ہونے کی جانب اشارہ کرتے تھے۔ تاہم اس کے ہم عصروں میں سے کسی نے بھی اس کے لئے کوئی جواز پیش نہیں کیا۔ سب انکی منفرد شخصیت کو ایک حقیقت تصور کرتے تھے جسکو بلا قید و شرط قبول کیا جاتا تھا۔ یہ بات یقینی ہے کہ حیدر کی والدہ ان کے غیر معمولی پن کو سب سے زیادہ سمجھتی تھیں تاہم انہوں نے کبھی بھی دوسرے بچوں کے سامنے اسے خاص طور پر ظاہر نہیں کیا تھا پھر بھی بچوں نے بعض موقعوں پر اس کا مشاہدہ کیا اور اسے حق پر مبنی سمجھتے ہوئے قبول کیا۔ حیدر کی والدہ نے حیدر کی نا



قابل بیاں خداداصلاحیتوں اور فطری دوراندیشی کو ایک ماں کی نظر سے پہچانا اور اس کے ساتھ ایک غیر مغمولی رویہ اختیار کیا۔ سالہا سال بعد بچوں نے نہ صرف نوجوانوں بلکہ پختہ الذہن انسانوں کی طرف اس کا اندازہ کیا کہ اگر چہ ظاہری طور پر ان کی والدہ کا سلوک ہر ایک سے برابری پر مبنی تھا تاہم ان کی ماں کا حیدر کے ساتھ منفرد سلوک ایک فطری امر تھا کیونکہ ان میں سے ہر ایک فرداً فرداً اس حق کو تسلیم کرتا تھا۔

بچوں کے روزمرہ کے مشاغل میں سے شام کو پرانے نانچواں کے متعلق قصے کہانیاں سننا تھا تاہم اس وقت بھی حیدر اپنے خیالات میں گم سم رہتا تھا۔ کئی بار ان تاریخی کہانیوں میں مخصوص خاندانوں کی ابتدا کا ذکر ہوتا جن کی آذربائیجان میں خاص اہمیت تھی۔ مثال کے طور پر اس واقعہ کو دلچسپی سے جانا جاتا تھا کہ مراغہ کی رسدگاہ کے بانی جو کہ ایک مشہور منجم، ریاضی دان اور فلسفی تھے کی اولاد ایک خاص حکم نامہ کے تحت جب نانچواں منتقل ہوئی تو انہیں ہر قسم کے ٹیکسوں سے صرف اسلئے چھوٹ دی گئی کیونکہ وہ وہ طوسی کی نسل سے تھے۔ اس قسم کی بات چیت میں علی یو خاندان کی تاریخ کا بھی بلاشبہ ذکر ہوتا ہوگا جو کہ اپنے آبائی وطن زنگی ذر سے منتقل ہو کر جومردلی میں آباد ہوئے تھے۔ یہ ایک ناقابل تردید حقیقت سمجھی جاتی تھی کہ علی رضا کیشی کے خاندان کا تعلق فوج سے تھا اور ان کے آباؤ اجداد میں سے ایک ایسا فوجی افسر تھا جو کہ بعض محلاتی سازشوں کی بدولت زنگی ذر کی پہاڑیوں میں منتقل ہو گیا جہاں پر کہ اس نے اپنی بستی آباد کر لی۔ زنگی ذر کا ضلع اب خصوصی فخر اور ساتھ ساتھ مخصوص دکھ کا حامل ہے کیونکہ آرمینی جتھوں نے زنگی ذر کی مہم کے دوران خوف و ہراس اور سانحہ سے دوچار پُر امن شہریوں کو بھاگنے پر مجبور کر دیا اور وہ نانچواں میں اُس وقت سے پناہ گزین ہیں۔ یہ آرمینی جتھے شدید مزاحمت کی وجہ سے اگر چہ جومردلی کی بستی میں داخل ہونے میں کامیاب نہ ہو سکے تاہم ان کی دریائے النجا کے کنارے پر بلند پہاڑیوں پر موجودگی کی وجہ سے آذربائیجانیوں سے مٹھ بھیڑ ہو گئی اور آرمینی لٹیروں نے بارہا آذری دیہات میں گھس کر آذربائیجان کے باسیوں کو برباد کرنے پر کمر باندھ لی۔ اگر چہ یوں لگتا تھا کہ پہاڑوں کی چوٹیوں کے راستہ پر واقع اس خوبصوت اور پر منظر گاؤں کی پر سکون فضا کو کوئی چیز متاثر نہیں کر

مذہب میں خالصتاً اپنی کاوش سے اپنا مقام پیدا کر سکتا تھا۔ شہر کی تشکیل کے ان مراحل کے دوران انسان دوستی کے تصور نے اس کی ترقی پر نمایاں اثر چھوڑا۔ ایک قوی اور مکمل انسان کی تشکیل جو کہ انفرادیت اور خود اعتمادی سے بھر پور ہو درحقیقت اس علاقہ کے قرون وسطیٰ کے شہروں کی ترقی خاص طور پر اس میں مضمر تھی اور یہ تمام عوامل مشرق میں نشاط ثانیہ کے روح رواں تھے۔ ان شہروں کی بعدازاں ترقی میں ان انفرادی خوبیوں کی پائیداری کا خاص خیال رکھا گیا اور انسان کی سماجی زندگی اور مدنی ماحول کا خصوصیت سے محافظہ کیا گیا۔

اس علاقہ کی درسگاہوں میں ایک خاص ماحول پایا جاتا تھا۔ نانچیواں شہر کے کالج میں انیسویں صدی میں حاصل کردہ مجموعی علمی تجربات میں ترقی، زبانیں اور ادب اور سیکولر علم کو یکجا کرنے اور روسی زبان سیکھنے کیلئے کئی ایک واضح طریقے شامل تھے۔ اساتذہ کی جانب سے ترتیب کردہ آثار قدیمہ کی علاقہ میں کھدائی کی تعلیمی مہمات میں سکول کے مقامی طالب علموں کی شرکت مستحکم بنیادوں پر رواں دواں تھی۔ '' نانچیواں ضلع اور شہر'' نانچیواں شہر میں موسمی مشاہدات کی ڈائری، قدیمی مسودات کی تفصیلات سکول پر تحقیق وغیرہ کئی علمی کام جو کہ ۱۸۸۰ء کے عشرہ میں علی احمد خلیل اور مرزا صادق علی بے کوف اور دیگر اساتذہ کی جانب سے تحریر کئے گئے۔ اساتذہ کے ادارہ گوری کے کئی ایک ڈگری یافتہ اساتذہ نے بعدازاں نانچیواں میں درس تدریس کا کام کیا۔

حیدر علی یوکے لئے نانچیواں کا تمام علاقہ کھلے آسمان کے نیچے ایک طرح کا میوزیم تھا۔ اپنے بچپن کے ایام سے انہوں نے اپنی مضبوط اور توانا ٹانگوں کے ساتھ لمبے فاصلے طے کئے اور اپنے آبائی وطن کی خوبصورتی کا مشاہدہ کیا۔ نانچیواں میں تانبہ کے دور کے بنائے ہوئے برتن، ہڈیوں کے تراشے، پتھروں پر کام، معدنیات کی اشیا اور بنائی کا کام وسیع پیمانے پر بکھرا ہوا تھا۔ قدیم ادوار سے وہاں پر آبپاشی کے ذریعے فارم قائم کرنے کا رواج موجود تھا جس کا ثبوت آثار قدیمہ کی کھدائی کے دوران زراعتی آلات کی دریافت کے ساتھ ساتھ سکوں پر ان کے نقوش، اور قدیم زمانہ کے برتن اور پلیٹوں کی باقیات جو کہ کئی دفعہ کھیتوں میں بچوں نے بھی دیکھیں، بخوبی ملتا ہے۔ حیدر نے بھی اس طرح کی کئی ایک دریافتیں کیں اور اس طریقہ سے تاریخ اور آثار قدیمہ کے



کئی ایک سبق سیکھے۔ آثار قدیمہ کے تحقیقاتی کام سے یہ ثابت ہو گیا کہ نانچیواں میں ترقی یافتہ شہری ثقافت کے ہر قسم کے اثرات موجود تھے۔ ان میں سے گنجان آبادی، محنت کش کی تقسیم، ہاتھ سے تیار کردہ اعلیٰ مصنوعات، عظیم عوامی ثقافتی فن تعمیر اور اعلیٰ طرز کی تعمیرات اور طویل فاصلہ تک اشیا کا تبادلہ شامل تھا جن کی تصدیق خطیر سکوں کے مواد کی صورت میں سامنے آئی ہے۔

مومنہ خاتون کا مزار جو کہ ۱۱۸۶ء میں تعمیر کیا گیا آذر بائیجان میں فنِ تعمیر کا ایک شاہکار ہے۔ یہ مزار اتابیگ الدیگز کے بیٹے محمد جہاں پہلواں کی بیگم کی یاد میں تعمیر کیا گیا تھا۔ جیسا کہ پہلے ذکر کیا جا چکا ہے۔ مومنہ خاتون کے نام کو آذر بائیجانی معمار عجمی نانچیوانی نے ابدی شہرت عطا کی۔ یہ مزار اس کے تخلیقی کام کی معراج کے طور پر سامنے آیا۔ عجمی، نانچیوانی معماری کے مکتب کا بانی تھا جسے کہ بعدازاں تمام مشرق قریب میں نانچیوانی معماری کے مکتب سے یاد کیا جانے لگا۔ عجمی کے تخلیقی کام کی خصوصیت اُسکی غیر معمولی حجم تعمیر کرنے کی صلاحیت کے ساتھ ساتھ اس کو ظرافت اور لطافت سے سجانے کی قابلیت تھی۔ اسکی تمام تعمیرات میں فکری طرز تعمیر فنی سجاوٹ کا اعلیٰ ترین نمونہ، نقش و نگار اور رنگوں کے امتزاج کو ملحوظ خاطر رکھا گیا تھا۔

ترک سیاح اولیا چلیبی سترھویں صدی کے نانچیواں کو بیان کرتے ہوئے وہاں پر ۴۰ مساجد، ۲۰ کارواں سرائے، ۱۰۰۰ دوکانوں اور بڑی تعداد میں حماموں کی موجودگی کی جانب اشارہ کرتا ہے۔ وہ سنگ مرمر سے ڈھکے ہوئے فرش اور ٹائلز سے مزین دیواروں سے بہت متاثر ہونے کا ذکر کرتا ہے۔

نانچیواں میں طرز تعمیر کے متعلق مزید معلومات سے پتہ چلتا ہے کہ وہاں پر بنیادی طور پر تعمیراتی مواد اینٹیں تھیں۔ اس کی بڑی وجہ غالباً اینٹوں کے کئی ایک آرائشی کام میں استعمال کی سہولت تھی۔

نانچیواں میں علی رضا کیشی (KISHI) کے خاندان کو عزت کی نگاہ سے دیکھا جاتا تھا۔ والدین اپنے بچوں کو ہمیشہ ہر طرح کے امکانات کی موجودگی اور ان سے بغیر کسی تساہل استفادہ حاصل کرنے پر زور دیا کرتے تھے۔ اگرچہ ان کا خاندان اپنی ضروریات زندگی بمشکل پوری کر پاتا

واقع تھا جہاں قرون وسطیٰ کے شہروں کی رسومات نے روشن خیالی کی قدیمی روایات سے جنم لیا تھا۔ دوسری جانب ناخچواں الدیغض اتابک ریاست کا صدر مقام ہونے کے ناطے اپنے تاریخی ماضی پر فخر کرتے ہوئے اس دور کی اقدار کا محافظ تھا۔

اس طرح سے یہاں کے عوام نے شہریت کی ان روایت کو قائم کیا جن کے بغیر کسی بھی حکومتی نظام کا وجود ممکن نہیں۔

ناخچواں میں روشن خیالی کی روایات نے علاقہ کی عمومی صورت حال کو نہایت دلچسپ طریقہ سے متاثر کیا۔۱۸۹۳ء میں نہرام گاؤں کے ایک استاد جلیل محمد گلوزادہ کی درخواست پر عکر (EKKER) نامی ایک فرم نے ایک ہل ایجاد کیا جس سے علاقہ میں کاشت کے جدید ترین طریقہ کی ابتدا ہوئی۔

اس غیر معمولی ہل کے رائج ہونے سے کاشت کاری میں ایک زبردست تبدیلی رونما ہوئی جب کاشتکاروں نے زمین کی کاشت میں ترقی یافتہ طریقے اختیار کیئے۔

ناخچواں دیگر کئی لحاظ سے بھی مثالی حیثیت رکھتا تھا۔شہری گھروں میں کنڈے تالے لگانے سے ناواقف تھے۔لوگ ایک دوسرے کو جانتے تھے اور باہمی اعتماد کی فضا میں رہتے تھے۔ سماجی تحفظ کے نظام کا مفہوم یہ تھا کہ تمام، بیمار، معذور اور عمر رسیدہ افراد کی دیکھ بھال اہل خانہ کی ذمہ داری ہے۔کام کرنا زندگی کی روح اور مقصد تھا۔ناخچواں میں ہر کوئی نہایت محنت کش تھا اور پیداواری کام میں مصروف رہتا تھا۔محنت کشوں کی اکثریت سخت جسمانی محنت کرنے والے مزدوروں پر مشتمل تھی۔شہر میں بے کاری نام کی کوئی چیز نہ تھی حتیٰ کہ بچے بھی اس سے ناواقف تھے۔جنگ سے پہلے عملی طور پر کوئی بھی شراب اور ووڈکا سے واقف نہ تھا اور نہ ہی لوگ شدید نشہ آور شراب استعمال کرتے تھے۔عمر رسیدہ افراد کا احترام، ہر کوئی کھڑے ہو کر سلام کے ساتھ کرتا تھا۔ اور اسے معاشرتی آداب میں سے سمجھا جاتا تھا۔چھوٹے بچے گھر پر کام میں ہاتھ بٹاتے تھے جبکہ بڑے بچے کھیتوں میں کام کرتے تھے۔ہر مرد کی قدر و قیمت اس کے کام سے پہچانی جاتی تھی۔اور عورتوں کی پرکھ ان کی گھر داری کے سلیقہ سے وابستہ تھی۔غرضیکہ ماحول کلی طور پر خوش کن تھا۔



سڑکیں تنگ تھیں جن پر کاروں کا گزرنا ممکن تھا لیکن یہ کوئی مسئلہ نہیں تھا کیونکہ درحقیقت کاریں تھیں ہی نہیں۔ایسے ماحول نے ایک ایسے معاشرے کو جنم دیا جس میں کہ لوگ دولت یا ذہانت کی بنا پر منقسم ہونے کی بجائے باہمی مفادات کے احترام، ایمانداری اور شرافت جیسی محکم اقدار کی حفاظت کو پیش نظر رکھتے تھے۔ایک بچہ جس نے اپنے ایام طفلی اس طرح کے شہر میں بسر کئے ہوں وہ بجا طور پر اپنے آپ کو اس بنا پر خوش قسمت سمجھ سکتا ہے کہ ابتدا سے ہی اسکی شخصیت ان بنیادوں پر استوار کی گئی تھی۔

ناخچواں کا تعمیراتی تشخص، عجمی ناخچوانی جیسے ماہر معمار کے عظیم فن پاروں کا مرہون منت ہے۔ناخچواں ازمنہ قدیم میں ایک شہر کے طور پر وجود میں آیا جس میں رہائشی علاقوں کی اکثریت تھی۔ان علاقوں میں تعمیرات کا رجحان زرعی فارم کے ساتھ باغات کا تھا جس کی وجہ سے ناخچواں کو باغوں کا شہر کی حیثیت حاصل ہوئی۔تجارت، صنعت وحرفت اور عمارت شہر کے مرکز سے منسلک تھے۔جو کہ عجمی کے فنی شاہ پاروں سے مزید سج گیا تھا۔عجمی کی تعمیر کردہ مومنہ خاتون کے مزار نے ناخچواں کو ایک لاثانی تشخص دینے کے ساتھ ساتھ قرون وسطیٰ کے دیگر شہروں میں ایک ممتاز حیثیت عطا کی۔

ناخچواں کی تعمیراتی روایات کی مشرق قریب کے رہائشی فن تعمیر سے کوئی مماثلت نہ تھی۔اس کے مطابق رہائشی حصہ عموماً چھ یا آٹھ کونوں والے داخلی ہال کے ساتھ منسلک ہوتا تھا۔ جہاں سے کہ رہائشی حصوں کو علیحدہ علیحدہ راستہ جاتا تھا۔اور ان میں ایک صحن کو اور بعدازاں باغیچہ کو کھلتا تھا۔ناخچواں کا مرکز اپنی مخصوص تعمیراتی صنعتی ترتیب اور وسیع مکانیت کی بدولت شہر کو ایک منفرد رنگ عطا کرنے کا باعث بنا اور یہ خصوصیت تا حال موجود ہے۔درحقیقت قرون وسطیٰ کے اس عظیم شہر کی خاصیت ایک آزاد فکر شخصیت کی نشوونما میں اسکی معاونت تھی۔سب سے زیادہ یہ کہ دوکانوں اور مارکیٹوں کے مالک ہنرمند اور تاجر حضرات کو اس شہر نے ایک رہائشی ماحول فراہم کیا جو کہ یہاں کی زندگی کی پہچان بن گیا۔اس سے بھی زیادہ اہم بات یہ تھی کہ اس کے سماجی اور تاریخی پس منظر میں ایک مضبوط اور آزاد خیال فرد کی تشکیل ہوئی جو کہ صنعت وحرفت، ادب، فنون یا

نہیں کر سکتے۔ بلاشبہ وہ موجودہ دور کے عظیم سیاستدان ہیں۔ انکے ذاتی کردار اور تعلیم کا اس میں بہت دخل ہے۔ اس سے بھی بہت زیادہ یہ کہ انہوں نے اپنی زندگی کے تجربات سے بہت کچھ حاصل کیا ہے۔ اس کی روشنی میں اب ہم انکی ولادت کے ذکر کی طرف آتے ہیں۔



# ولادت

حیدر علی رضا اوغلو علی یوف آذر بائیجان کے قدیم شہر نخچوان میں ۱۰ مئی ۱۹۲۳ء کو پیدا ہوئے۔ ان کے والد علی رضا ریل کی پٹری پر کام کرتے تھے جبکہ ان کی والدہ عزت خانم بچوں کی دیکھ بھال میں مصروف رہتی تھیں۔ ان کا خاندان ۸ بچوں پر مشتمل تھا پانچ بیٹے اور تین بیٹیاں تھیں۔ حیدر خاندان میں چوتھے نمبر پر تھے۔ ان کے بڑے بھائی نے زراعت کے پیشہ کو اپنایا اور زرعی اکادمی سے ڈگری حاصل کی۔ ۱۹۵۰ء کے عشرہ میں جب مرکزی کمیٹی کے سیکرٹری نے جمہوریہ میں زراعت کی ترقی کیلئے ہدایات جاری کیں تو وہ ایک سائنسدان کے طور پر سامنے آئے اور آذر بائیجان میں علم زیست کی تحریک کے بانیوں میں شمار ہونے لگے۔

ان کے دوسرے بھائی حسین ایک فن کار بننے کے خواہاں تھے۔ انہوں نے لینن گراڈ فن کاروں کی ریپن اکادمی سے ڈگری حاصل کی۔

ان سے چھوٹی بہن نورا ''دروازہ شرق'' نامی اخبار کے مدیراتی بورڈ کے ممبر کے طور پر کام کرتی تھیں۔ حیدر کے چھوٹے بہن بھائی عقیل، جلال، شگفتہ اور رفیقہ مختلف شعبوں میں سرگرم عمل ہوئے۔ عقیل نے علم معاشیات میں ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کی اور پروفیسر کے رتبہ کے ساتھ ایک ماہر معاشیات کا مقام حاصل کیا۔ جلال نے علوم حیاتیات پر دسترس حاصل کی اور آذر بائیجان کی سائنس اکادمی کے علاوہ کئی دیگر اکادمیوں کے ممبر بن گئے، شگفتہ نے شعبہ کیمسٹری سے ڈگری حاصل کی اور ہائی سکول ٹیچر بن گئی۔ رفیقہ نے بھی کیمسٹری پر عبور حاصل کیا اور اس شعبہ میں ڈاکٹریٹ کے مقالہ کا دفاع کر کے یونیورسٹی کے شعبہ کیمسٹری میں ایسوسی ایٹ پروفیسر کا مرتبہ حاصل کیا۔ اس طرح علی رضا اور ان بچوں کو ایک ایسے علاقہ میں پرورش پانے کی سہولت دستیاب ہوئی جو کہ ٹھوس قدیمی روایات اور اقدار کا حامل تھا۔ نخچوان شہر کو اس زمانہ میں ایک منفرد حیثیت حاصل ہوئی۔ نخچوان ایک جانب تو مخصوص آذر بائیجان شہر تھا جو کہ قدیم کارواں کی شاہراہوں پر

آذر بائیجان کو تباہ کن حالات سے دوچار ہونا پڑا۔ حیدر علی یو کا پردہ تاریخ پر نمودار ہونا قدرتی امر تھا۔

وہ آذر بائیجانی لوگوں کی زندہ و جاوید تاریخ ہیں۔ علوم سیاسی کے ماہرین اور تاریخ دانوں کے لئے ایک لمبے عرصہ تک حیدر علی یو کا سیاست میں دوبارہ حصہ لینا۔ انکی طویل سیاسی زندگی کا راز بلکہ علی یو کس حقیقت کا نام ہے؟ زیرِ غور موضوع رہے گا۔ اپنے تمام تاریخی ادوار میں آذر بائیجان ایک آزاد سوسائٹی رہا ہے۔ ہمارے یہاں بھائی چارے کی فضاء میں مل جل کر مختلف مذاہب اکٹھے رہے ہیں۔ یہاں مسجد، سناگوگ، آتش کدے اور کلیساء سب موجود ہیں۔ مذہبی رواداری کی اس روایت کے ساتھ ساتھ آذر بائیجان کی مخصوص جغرافیائی حدود اسے بہت اہم بناتی ہیں۔ یہ مشرق و مغرب ایران و ترکی، نیز دنیائے اسلام اور عیسائی دنیا کے درمیان ایک پل کی سی حیثیت رکھتا ہے۔ آذر بائیجان کے مختلف نوع و رنگ کے مسائل صدیوں پر محیط ہیں۔ وہ قوم جو تاریخ کے دوراہے پر کھڑی ہو اسے نہ صرف باشعور ہونا چاہیے بلکہ خودشناس بھی ہونا چاہیے۔ اسے یہ معلوم ہونا چاہیے کہ من حیث القوم وہ کس قسم کی سوچ کی مالک ہے۔ انہیں یہ پہچان ہو کہ ان کے مقدسات کیا ہیں اور اعلیٰ نصب العین کا تعین کر سکیں، اعلیٰ قومی اقدار کا علم ہو۔ وگرنہ اکیسویں صدی میں ترقی کرنے کی کوئی امید نہیں رکھنی چاہیے۔ اس عبوری دور میں اسی لئے علی یو کو بحیثیت صدر نہ صرف سیاسی واقتصادی مسائل کا حل تلاش کرنا ہے۔ بلکہ قوم کی اخلاقیات کو بھی سدھارنا ہے۔ وہ لفظ ''آئیڈئل لوجی'' کو پسند نہیں کرتے۔ انکے ہر کام کی روحِ رواں وہ فلاسفی ہے جس پر وہ غور و خوض کر چکے ہیں۔ اس فلاسفی میں ترقی کے ان اہم اقدامات کی نشان دہی ہوتی ہے جو عالمگیر انسانی اقدار کا وہ امتزاج ہیں جو قومی اہمیت اور مقدس فرائض کی ادائیگی کے سسٹم کو جنم دے سکے۔ آج جب ہم اکیسویں صدی کی دہلیز پر کھڑے ہیں ہم بخوبی سمجھ پا رہے ہیں کہ وہ کونسے عوامل تھے جس سے دنیا میں سماجی اور سیاسی تصادم ہوتے رہے۔ چنانچہ ہم وثوق سے کہہ سکتے ہیں کہ حیدر علی یو کے خطبات اور تقاریر ہمارے اس دور کی غیر معمولی یادگار ہیں۔ اس کی ایک وجہ تو انکی شخصیت ہے اور دوسری آذر بائیجان کی وہ تاریخ ہے جس میں اسکو دردناک دور سے گذرنا پڑا۔ ان کی تقاریر کا اصل موضوع انسان، شہری اور وطن ہے۔ وہ ہماری اس تاریخ کا سہارا لیتے ہیں جس



میں عروج و زوال کی داستانیں ہیں، ناقابل بیان ظلم اور عظیم قربانیاں ہیں چنانچہ ہمارا حال اور ہمارا ماضی ہی ہمارے مستقبل کی تعمیر و ترقی کے لئے مشعل راہ ہے۔

ہماری مملکت کی از سر نو تعمیر کے لئے ہماری یہی تاریخ قابل تقلید ہوگی۔ سیاست دان علی یو اسی علی یو شخصیت کا دوام ہے جو انسان دوست بھی ہے۔ یہ نام لیتے ہی لوگوں کی نظروں میں ''مکمل'' علی یو کا پیکر سامنے آجاتا ہے۔ خواہ وہ اخبار نویس ہوں۔ تاریخ دان ہوں علوم سیاست کے ماہرین جب بھی وہ انکا نام زبان پر لاتے ہیں تو ہم علی یو کی ''ذات'' کو نظر انداز نہیں کر سکتے۔

آپ چونکہ سالہا سال سے عوام کے لیڈر ہیں۔ اسلئے صدر کا عہدہ سنبھالنے کے بعد آپکی زندگی میں کوئی انقلاب نہیں آیا۔ اخبار نویسوں کے جھرمٹ، تصویروں کے انبار یا پھر جلسے جلوسوں کی رونق آپکو اس سستی شہرت کی ضرورت ہی نہیں۔ انکی عوام دوستی نے انہیں ایک ''مقناطیسی'' لیڈر بنا دیا ہے۔ انکی شخصیت کا جادو لوگوں کو کشاں کشاں ان کی طرف کھینچتا ہے۔ لوگ خود سے ہی اپنے لیڈر کی ہر بات مانتے ہیں۔ حتیٰ کہ جب انہیں برطرف کر دیا گیا بیشتر لوگوں کیلئے وہ اسوقت بھی سیاسی رہنما تھے۔ ایک ایسا راہنما جسے ملک کی سیاسی زندگی کے اتار چڑھاؤ سے بخوبی واقفیت ہو۔

خدا نے ان کے خمیر میں بڑے بڑے کام کرنے کی صلاحیت ڈالی وہ ایک صحتمند انسان ہیں۔ سگریٹ تک نہیں پیتے۔ اپنی خوراک میں اعتدال پسند ہیں۔ کھیلوں کے شوقین ہیں۔ اگرچہ کبھی کبھار ان کے چہرے پر کام کی زیادتی کی وجہ سے تھکاوٹ کے آثار نمایاں ہو جاتے ہیں۔ لیکن انکی جسمانی صحت جلد اس تھکان پر غالب آجاتی ہے۔ اپنے قوی جثہ کی وجہ سے خواہ وہ کتنی دیر تک بھی پبلک میں رہیں بالکل سیدھے کھڑے رہتے ہیں۔ شاید ان کے اندر کا انسان اور اس کا عزم راسخ ہی ان کی ظاہری ہیئت کو بھی تقویت دیتا ہے۔

ہم وثوق سے کہہ سکتے ہیں کہ پچھلے تیس سالوں سے آذر بائیجان کی تاریخ کے خالق وہی ہیں۔ غیر جانبدار تاریخ دان انکی شخصی اور سیاسی حیثیت کی بناء پر انہیں اس مملکت کی تاریخ سے علیحدہ

ہوتے کہ آیا کوئی کمیونسٹ پارٹی کا ان سے پہلے کا صدر ہے، عوامی فرنٹ کے ممبران ہیں، ہیروز، بھگوڑوں، مہاجرین یا پھر تاجروں کے گروہ سے ہے۔ جو صحیح سمجھا برملا کہہ دیا۔

حیدر علی یو پر ایسے وقت بھی آئے جب ان کے حالات چارلس ڈیگال سے مختلف نہ تھے۔ ڈیگال نے کہا تھا ''کچھ (حلقے) کہتے ہیں کہ میں کمیونسٹوں، فری میسنوں اور یہودیوں کا حلیف ہوں۔ کچھ کا دعویٰ ہے کہ میں فرانس میں بادشاہت، سلطنت یا کم از کم شخصی آمریت قائم کرنا چاہتا ہوں۔ یہ تمام لوگ جو ہوائی قلعے بنا سکتے ہیں کیوں بھول جاتے ہیں کہ فرانس کی تاریخ ''فاتحین'' سے بھری ہے اور یہ کہ میں ایک آزاد فرانس کا سربراہ ہوں۔ اور فرانس کی کچھ نوآبادیوں کا سربراہ صرف اس لئے بن گیا ہوں کہ فرانس خود بھی کبھی ''مقبوضہ'' ملک تھا اور اگر ایسا نہ ہوتا تو میں ہمیشہ اپنی فوج کا ایک عہدیدار ہی رہتا۔ میں نے اپنی فوج سے ہی اپنے پیشہ میں ریٹائرڈ ہونا تھا۔ میں سیاستدان نہیں بلکہ وہ وطن پرست ہوں جو اپنے وطن کی آزادی کے لئے کوشاں رہا ہو''۔

عام طور پر یہ سمجھا جاتا ہے کہ ایک سیاستدان اقتدار کے بغیر نہیں رہ سکتا کہ یہ اسکے لئے زندگی اور موت کا سوال ہے۔ مگر حیدر علی یو نے اسے غلط ثابت کر دکھلایا ہے۔ وہ ان سیاستدانوں میں سے ہیں جو قومی فرض نبھانے کیلئے عہدہ قبول کرتے ہیں۔ اسوقت ان کی سیاست میں واپسی کے پس پردہ صرف قومی خدمت کا ہی مقصد ہے۔ گویا یہ اس سپاہی کی واپسی ہے جس کی فوج جنگ ہار چکی ہو اور کمانڈر ختم ہو چکا ہو اور وہ اب بھی اسکے حکم کے انتظار میں ہو۔ یہ اس سیاست دان کی واپسی ہے جسکی نظر میں ہمیشہ عوام ہی طاقت کا سرچشمہ رہتے ہوں۔ جب ان سے پوچھا گیا کہ آپ کی زندگی میں سب سے اہم کیا ہے؟ جواب تھا ''عوام کا اعتماد''۔ اکتوبر ۱۹۹۴ء میں جب اپنے عوام سے کہا کہ وطن اور صدر کو فوجی انقلاب سے بچانا ہے تو ہزاروں کی تعداد میں لوگ جوق در جوق صدارتی محل کے چوک کے سامنے جمع ہو گئے۔ یہ عوام کے ان پر بے پناہ اعتماد کا جیتا جاگتا ثبوت تھا۔ یہ اعتماد تھا کہ فوج کا ہر سپاہی اور وطن کا ہر شہری مارچ ۱۹۹۵ء میں فوج کی طرف سے حکومت کا تختہ الٹنے کی سازش کے سامنے سینہ سپر ہو گیا۔ وہ سیاسی میدان میں اسوقت کودے جب محسوس کیا کہ قوم کو انکی ضرورت ہے اور اگر انہوں نے اس خدمت کا بیڑا نہ اٹھایا تو تاریخ انہیں کبھی



معاف نہ کرے گی۔ ہر کس و ناکس کو ضرورت تھی کہ علی یو ان کی خدمت کریں۔

حیدر علی یو ہر معنی میں قوم پرست ہیں۔ سوویت یونین دور اور اس کے ٹوٹنے کے بعد ہر دور میں وہ قوم پرست رہے۔ آج صدر کی حیثیت سے بھی وہی ہیں۔ لیکن وہ قوم پرستوں کے اس طبقے سے نہیں ہیں جو عوام کو سبز باغ دکھلا کر اندھیروں میں بھٹکنے کے لئے چھوڑ دیں۔ ایک سنجیدہ سیاست دان کی حیثیت سے وہ اپنے لوگوں کو اندھیرے میں نہیں رکھتے۔ اور نہ ہی ریت سے قلعے بناتے ہیں۔ آذربائیجان کی ترقی انکا مقصدِ حیات ہے۔ اس کی خاطر وہ ہر رکاوٹ کو دور کرنے کی صلاحیت بھی رکھتے ہیں۔

اگر کوئی پوچھے کہ آخر حیدر علی یو میں کونسی ایسی طاقت ہے جو ان کے سننے والوں کو مسحور کر دیتی ہے؟ ہم کہتے ہیں بیشک یہ خدا کی دین ہے۔ حال اور مستقبل کے حالات کو سمجھنے کی بے مثال استعداد کے ساتھ وہ تاریخ کے تقاضوں کو سمجھنے کی قابلیت سے بھی مالا مال ہیں۔ وہ ماضی کو اور تاریخ کو نئے تقاضوں کے تحت پرکھتے ہیں۔ اسطرح ماضی کے وہ حادثات اور واقعات جو حماقتوں کی بناء پر تباہی کا موجب بنے۔ انہیں نیا رخ اور نئی مثبت سوچ مل جاتی ہے۔

تاریخ ہمیں بتاتی ہے کہ جب سماجی حالات سازگار ہوں اور ''قابلیت'' کو ابھرنے کے مواقع میسر ہوں تو عوام کی فطری صلاحیت بھی سامنے آتی ہے۔ اگر حیدر علی یو کی تقاریر اور پیغامات کی آفاقیت کو پرکھا جائے تو لگتا ہے کہ بس ہر شخص کو ''اپنی پہچان'' کا سبق دے رہے ہیں۔ اپنی شناخت کرو، اتنی ضعیفی میں بھی وہ اتنی محنت کر رہے ہیں کہ کہیں کوئی ذمہ داری ادھوری نہ رہ جائے۔

عموماً لوگ یہی سمجھتے ہیں کہ وہ ایک سیاست دان ہیں۔ لیکن یہ صرف دوسرے ممالک کے عوام کی رائے ہو سکتی ہے۔ ہم آذربائیجانی لوگوں کے لئے آذربائیجان کے اس فرزند کو جاننے کیلئے اس کے اندر جھانکنے کی ضرورت ہے۔ وہ محض ایک سیاستدان نہیں اس سے بالاتر رتبہ ہے ان کا۔

ہماری قوم کا مزاج، اس کا عروج و زوال، اور آج کے حادثات سب کچھ حیدر علی یو کی شخصیت میں اپنی جھلک دکھلا رہے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ لوگ انہیں اپنے حقوق اور آزادی کا ضامن اور سرچشمہ سمجھتے ہیں۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ پچھلی صدی کے خاتمے اور نئے ملینیم کے آغاز میں جب

موجود ہوتے ہیں۔ بلکہ کتنی قسم کے تیل پیدا کرنے کی فیکٹریاں ہیں۔ لوگوں کو معلوم ہوتا ہے کہ وہ صحیح بتا رہے ہیں۔ وہ اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ طاقت کا منبع عوام ہیں نہ کہ تیل، روئی، سمندر یا زمین کے خزانے۔ انہیں آذر بائیجانی لوگوں کی ذہانت، قابلیت پر اعتماد ہے۔ انکے محنتی ہونے کا یقین ہے۔ عوام کی ان خوبیوں کو ہی ساتھ لیکر انہوں نے ''نئے'' اقتصادی ڈھانچہ کی بنیاد ڈالی ہے۔ تاہم ابھی ان کا یہ ایجنڈا اختتام کو نہیں پہنچا ہے۔ ۱۹۸۲ء میں انہیں سویت یونین بلا لیا گیا تھا۔ وہاں اگر بہت اہم فرائض آپ کے سپرد کئے بھی گئے ہوں تا ہم آپ کے لئے آذر بائیجان کے حالات مسلسل پریشان کن اور دردِ سر بنے ہوئے تھے۔ جن لوگوں کو اپنا ایجنڈا سپرد کر کے آئے تھے وہ خاصے نااہل نکلے۔

۱۹۹۳ء کے نئے حالات قدرتی طور پر ۱۹۶۹ء کے حالات کے بنیادی عوامل سے منسلک تھے۔ فرق صرف یہ ہے کہ آج کا آذر بائیجان آزاد ہے۔ اقتدار اعلیٰ کا مالک ہے۔ اب ہمارے مقاصد اور عزائم مختلف ہیں۔ لیکن اس راستے پر چلتے وقت جنگ اور دشمن کے قبضہ کا خوف مسلسل ہمارے لئے پریشانیاں پیدا کرتا رہا ہے۔ اس مسئلے سے نمٹنے کے لئے حیدر علی یو نے بین الاقوامی سطح پر آواز اٹھائی۔ کیونکہ اب مسئلہ ایک ملک پر دوسرے کی طرف سے جارحیت کی حدود سے نکل چکا ہے۔ اب اشد ضرورت ہے کہ اقوامِ عالم اس مسئلہ کو فوری طور پر حل کریں۔ حیدر علی یو کو آج کے آذر بائیجان کے صدر کی حیثیت اور ماضی میں سویت یونین کے اہم سیاسی لیڈر رہنے کے ناطے ایک خاص مقام حاصل ہے۔

آپ کی شاندار یادداشت، سویت یونین کے زمانے کے واقعات کا ڈپو ہے۔ آپ کو اس زمانے کی اہم شخصیات کے متعلق صحیح معلومات ہیں۔ وقتاً فوقتاً آپ اس قسم کے تذکرے کرتے رہتے ہیں۔ لیکن آپ نے اپنی یادداشتیں نہیں لکھیں حالانکہ بہت سے اشاعتی ادارے آپ سے بارہا اس خواہش کا اظہار کر چکے ہیں۔ ان کی رائے میں یہ کتاب سب سے زیادہ بکنے والی کتابوں میں ہوگی۔ صدر کے پاس وقت کی شدید کمی ہے۔ وہ تو آرام کے لئے بھی وقت نہیں نکال سکتے۔ وہ دوسرے سے زبانی لکھوانے یا اصل مواد فراہم کر کے لکھوانے کے خلاف نہیں۔ ان



حالات میں یہ کام اب تاریخ دانوں کا ہی ہے کہ وہ پرانی دستاویزات کے مطالعہ کے لئے وثیقہ خانوں کا رخ کریں۔ اور ان کے ہاتھوں سے گزرے ہوئے ہزار ہا کاغذوں اور فائلوں پر انکی باریک لکھائی سے استفادہ حاصل کریں۔

یہ امر دلچسپی سے عاری نہیں کہ اسوقت تک ''سویت'' دور پر بیشمار کتب چھپ چکی ہیں۔ ان کتب میں کئی جگہ کسی نہ کسی حوالہ سے حیدر علی یو کا نام بھی آتا ہے۔ اگر چہ ان میں ''سویت'' زمانے کے واقعات کو خاتمے کے بعد کے رنگ میں ظاہر کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ (یہ اور بات ہے کہ ہم اس نظریہ کو مانیں یا مخالفت کریں کہ تاریخ صرف سیاست ہے جس کو ماضی سے منسلک کر دیا جاتا ہے) پھر بھی چند ایک ایسی کتب موجود ہیں جنہیں وثیقہ جات کی خاص چھان بین کے بعد ماضی کی روشنی میں حقیقت پسندانہ طرز پر لکھا گیا ہے۔ وگرنہ بیشتر تحریروں میں ماضی کو بالکل ہی منفی رنگ میں پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ تاریخ کی روایتوں کو بالائے طاق رکھ کر حقائق کو مسخ کر دیا گیا ہے۔

حیدر علی یو ہمیشہ ماضی کو محتاط انداز سے دیکھنے پرکھنے کے اصول پر عمل کرتے ہیں۔ انکا بار بار اور ہمیشہ یہ کہنا ہے کہ جو کچھ ہم پر گزر رہا ہے، وہ اب تاریخ کا حصہ ہے۔ ہم تاریخ کا رخ تو نہیں موڑ سکتے لیکن آئیڈیل لوجی کے جو بھی اہم ستون تھے لوگ ان کے مطابق کام کرتے رہے اور تخلیق کا عمل بھی جاری رہا۔ لوگ اپنی اولاد کو تعلیم دلاتے اور شعر و شاعری بھی کرتے رہے۔

آپ جب صدر بنے تو ہمارا وطن اور عوام سیاسی اختلافات کا شکار تھے۔ ملک جزوی طور پر دشمن کے قبضہ میں تھا۔ اپنے ہی وطن میں مہاجر بن جانے کے بعد انہیں سر چھپانے کی جگہ نہ تھی۔ خانہ جنگی زوروں پر تھی۔ شاید تاریخ دانوں کے لئے یہ ممکن نہ ہو سکے کہ وہ لوگوں کی مایوسیاں، دکھ اور تکالیف کو صحیح شکل میں قلمبند کر سکیں۔ علی یو باکو سے خاصے فاصلے پر تھے جب آپ نے ان تمام حالات کا جائزہ لے لیا تھا کہ کس طرح اصل سیاسی معاملات کو نظر انداز کر کے عرصہ سے مشکلات سے دوچار وطن کو مزید نئی شکستوں سے ختم کیا جا رہا ہے۔ ان میں ہمیشہ وہ حوصلہ اور ہمت موجود رہی ہے کہ جو کچھ دیکھیں یا صحیح سمجھیں اسے ڈنکے کی چوٹ پر کہہ دیں۔ وہ مرعوب نہیں

انہوں نے ایک ٹھوس اور جامع پروگرام مرتب کیا ہے۔ یہ محض ایک اتفاق نہیں کہ انہوں نے آزاد آذر بائیجان میں ''نیو آذر بائیجان'' کے علامتی نام سے ایک پارٹی تشکیل دی۔ جو کہ ان کی اعلیٰ مقاصد کے حصول کا نشان ہے۔ ۱۳ اکتوبر ۱۹۹۳ء کو آپ آذر بائیجان کے صدر منتخب ہوئے۔ انہوں نے اپنے عوام سے عہد کیا کہ ''میں جمہوریہ آذر بائیجان اور اسکے عوام کی اپنی پوری قابلیت سے خدمت کروں گا۔ میری کوشش ہوگی کہ ہماری آزاد ریاست دنیا کی مہذب قوموں کی صف میں اپنا صحیح مقام حاصل کرے۔ میں عہد کرتا ہوں کہ آذر بائیجانی لوگوں کے قومی اور روحانی اقدار پر قائم رہوں گا۔ میں ان اقدار کو مزید مضبوط کرنے کے اقدام کرونگا۔ ہماری آزاد مملکت میں یہ نہ صرف زندہ رہیں گی بلکہ ترقی بھی کریں گی''۔

مزید ترقی کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے پُر زور الفاظ میں یہ کہا کہ ''جمہوریہ آذر بائیجان کا آج کا اہم مسئلہ تعمیر مملکت ہے۔ ہمارا راستہ واضح ہے۔ جیسا کہ بہت دفعہ اعلان کیا جا چکا ہے۔ یہ جمہوریت کا راستہ ہے۔ آذر بائیجان میں ہمیں جمہوری اصولوں کی پابند ریاست بنانی ہے۔ جو جمہوری قوائد وضوابط کے تحت کام کرے۔ آذر بائیجان اپنے تاریخی اور ملی ورثہ کو سامنے رکھتے ہوئے عالمی انسانی حقوق کے تقاضوں اور دنیا کو درپیش مسائل کی روشنی میں جمہوری طرز پر تعمیر مملکت کا خواہاں ہے۔ یہی ہمارا راستہ ہے اور آج میں وعدہ کرتا ہوں کہ میں اس عہد پر قائم رہوں گا۔''

عوام جن مشکلات سے دوچار ہیں انہیں دور کرنے کے لئے جو اقدامات ضروری ہیں اس سلسلے میں حیدر علی یو نے فرمایا ''آذر بائیجان کو آج جس بحران کا سامنا ہے اس سے نمٹنے کے لئے معاشی اور سماجی سیکٹر میں بہت کام کرنا ہوگا۔

آزادی کی نعمت میسر آنا ہمارے لئے زبردست تاریخی اہمیت رکھتا ہے۔ لیکن اقتصادی بدحالی نے ہمارے لئے بہت سی مشکلات پیدا کر دی ہیں۔ ان چند سالوں میں ہماری جمہوریہ جس ابتلاء سے دوچار رہی ہے۔ اس نے ہر لحاظ سے ہماری معیشت کو نقصان پہنچایا ہے۔

یہ کہا جا سکتا ہے کہ اسے مکمل طور پر تباہ کر دیا گیا ہے۔ نتیجتاً عوام بہت بری طرح متاثر



ہوئے ہیں۔ لیکن میں آپ کو یہ بتا دوں کہ یہ مملکت زبردست سماجی، معاشی، سائنسی اور تکنیکی صلاحیت کی مالک ہے۔ آذر بائیجان کی جغرافیائی، سیاسی اہمیت، اسکی قدرتی دولت اور سالہا سال سے جمع شدہ رقومات کی بدولت امید کی جاتی ہے کہ اس بحران پر قابو پالیا جائے گا''۔ جس دن سے حیدر علی یو صدر منتخب ہوئے ہیں آذر بائیجانی لوگوں کا ان پر اعتماد روز بروز بڑھا ہے۔ وہ یہ کہ آپ نے افتتاح کے موقع پر جو عہد کیا تھا اسے ضرور پورا کریں گے۔ ''میں قسم کھاتا ہوں کہ میں اعلیٰ مقاصد کے حصول کے لئے صدر کے فرائض پورے کروں گا۔ میری ہر کوشش اس بات کی ضمانت ہوگی کہ مکمل آزادی ملے اقتدار اعلیٰ اور علاقائی سلیمت میسر آئے۔ اولین فرصت میں انہوں نے قومی اتفاق رائے حاصل کی اور اندرونی استحکام پیدا کیا۔ یہ بہت بڑی کامیابی ہے۔ صدر کی انسان دوست حکمتِ عملی سے سوسائٹی کے بہت سے طبقات کے گہرے اختلافات دور ہو گئے۔ انہوں نے آئندہ ترقی کے امکانات کو بالکل صحیح اور واضح خاکہ کی صورت میں پیش کیا ہے۔ جس سے مستقبل کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ جب حیدر علی یو اقتدار میں آئے تو حکومت کے تمام وہ ادارے جو ریڑھ کی ہڈی کی سی حیثیت رکھتے ہیں انتشار کا شکار ہو کر مفلوج ہو چکے تھے۔ بیرونی جارحیت ملک کے اندر علیحدگی کی تحریکیں، انتظامی قانونی بدنظمی جیسی سب لعنتیں موجود تھیں۔ انہوں نے نہ صرف تمام ریاستی اداروں کو بحال کیا بلکہ مستحکم بھی کیا۔ پھر دنیا سے منوایا کہ وہ اس ''نئے آذر بائیجان'' سے ہر شعبے میں تعاون کریں۔

ایک چوتھائی صدی پہلے انہوں نے آذر بائیجان کو نیا بنیادی ڈھانچہ دیا۔ نئے اقتصادی نظام میں آذر بائیجان کو محض ایک خام مال رکھنے والا ملک یا پھر سویت یونین کی معیشت سے منسلک زرعی پیداواری ریاست کے زمرہ سے نکال کر ایک ترقی یافتہ ملک کی معیشت دی۔ ایک ایسی معیشت جو ہر لحاظ سے مکمل ہو اور مضبوط بنیادی ڈھانچہ پر قائم ہو۔ صدر کی یادداشت قابل رشک ہے۔ خواہ بات کسی پودے کی ہو یا کسی اجلاس کی وہ متعلقہ حکام کو ورطہ حیرت میں ڈال دیتے ہیں کیونکہ انکے پاس اقتصادی پیچ وخم کی اہم ترین اور بنیادی معلومات موجود ہوتی ہیں۔

صرف یہی نہیں کہ ہر علاقہ میں روئی کی پیداوار کتنی ہوئی؟ ان کے پاس اعداد وشمار

چھیالیس سالہ حیدر علی یو آذر بائیجان میں برسراقتدار آئے۔ اور جمہوری طرز حکومت کے تحت شاندار اصلاحات کیں۔ انہیں یہ بھی یاد ہے کہ جب حیدر علی یو کو اقتدار سے ہٹایا گیا تو کتنی خرابیاں پیدا ہوئیں۔ اگر چہ عام آدمی کی نگاہ سے یہ تمام واقعات جن میں کہ علاقائی مخاصمت کی سیاست شامل تھی، پوشیدہ رہے۔ آج علی یو پھر برسراقتدار ہیں۔

انکی زندگی کا ہر دن قراباغ کے لئے مختص ہے۔ وہ قراباغ جو معمور ہوا کرتا تھا آج اس کے کھنڈر دیکھ کر بلاشبہ آپکی آنکھیں آنسوؤں سے لبریز ہو جائیں گی۔ بین الاقوامی تنظیمیں ''گھر واپسی'' پروگراموں کے تحت آذربائیجان کی مدد کررہی ہیں۔ اسکے علاوہ ہر طرح کی تباہ حالی کو پیش نظر رکھتے ہوئے مقبوضہ علاقوں میں مہاجرین کے لئے رہائش گاہوں سے لیکر ملک کے تمام تعمیراتی اور دیگر اہم سہولیات سے متعلقہ منصبوں پر کام کررہی ہیں۔ ہماری آج کی ضرورت امن اور مقبوضہ علاقوں کی واپسی ہے۔

حیدر علی یو کی موجودہ جدو جہد امن کے حصول کے لئے ہے۔ ان کی سیاست کا محور نہ صرف آذربائیجان، کاکیشیا بلکہ تمام دنیا میں ''قیام امن'' ہے۔ وہ فرماتے ہیں۔ ''آذربائیجان امن پسند ملک ہے۔ آذری لوگ ہمسایہ ملکوں کے ساتھ اچھے تعلقات کو اولین اہمیت دیتے ہیں۔ ہم جنگ نہیں چاہتے اور نہ ہی یہ جنگ ہم نے شروع کی تھی۔ یہ جنگ ہم پر آرمینا نے مسلط کی۔ دشمن کا مقصد نگورنو قراباغ علاقہ پر قبضہ کرنا تھا نگورنو قراباغ اور ملحقہ علاقے آرمینی فوج کے قبضہ میں ہیں۔ لیکن یہ قبضہ یقیناً عارضی ثابت ہوگا کیونکہ ہم اپنی علاقائی سالمیت کی خلاف ورزی کی اجازت نہیں دے سکتے نگورنو قراباغ کو آرمینیا کا حصہ بنانے کا خواب دیکھنے والے نام نہاد ''قوم پرست'' آرمینیوں کا خواب شرمندہ تعبیر نہ ہو سکے گا۔



# پتھروں کو چننے کا وقت

اسوقت آذربائیجانی لوگ آزاد ہیں لیکن ملک کا بیس فیصد علاقہ آرمینی فوج کے قبضہ میں ہے۔ لوگوں کو آزادی ہے لیکن ۵ تا ۱۰ فیصد لوگ اپنے ہی وطن میں مہاجر بن چکے ہیں:- اُنکے آبائی گھر چھن چکے ہیں۔ اور وہ کھلے آسمان کے نیچے خیموں میں زندگی بسر کررہے ہیں۔ وہ انسانی حقوق سے محروم ہیں۔ مشکلات اور بے عزتی ان کا مقدر بنی ہوئی ہے۔ جارحیت پسند اور فتنہ پرداز آرمینیوں نے آذربائیجانی لوگوں سے توہین آمیز سلوک میں کوئی کسر نہیں چھوڑی ہے۔ وہ ہمارے وطن پر غاصبانہ قبضہ کرکے ''ایک سمندر سے دوسرے سمندر تک وسیع آرمینیا'' کے خواب دیکھ رہے ہیں۔ ہمارے لوگ انسانی اقتدار کے علمدار ہیں لیکن انہیں ہر قسم کی بے عزتی برداشت کرنی پڑ رہی ہے۔

ہماری جدو جہد جاری ہے کیونکہ ہمارا ایمان ہے کہ ہمارا مستقبل روشن ہے۔ ایک وقت آئے گا کہ اقوام عالم آرمینیا کے ہمارے علاقہ پر دعویٰ اور غاصبانہ فوجی قبضہ کی مذمت کریں گی۔ غاصبوں کو روکا جائے گا اور آذربائیجان کی علاقائی سالمیت بحال کروائی جائے گی۔ آخر اس ''یقین'' کی وجہ کیا ہے؟ اس ''یقین'' کو تقویت کہاں سے مل رہی ہے۔ غم و تباہی کے اس دور میں یہ ''یقین'' کیسے قائم ہے۔ عوام کے دل و دماغ میں آذربائیجان کے صدر حیدر علی یو اس ''یقین'' کا منبع اور جیتا جاگتا مجسمہ ہیں۔ حیدر علی یو اس ''یقین'' کی روح اور ''امید'' کی رُوح کو سمجھتے ہیں دراصل آذربائیجانی لوگ آج بھی اپنی صلاحیتوں سے ناامید نہیں ہیں۔ انہیں یقین ہے کہ وہ اپنے اور اپنی نسلوں کے لئے باعزت زندگی گزارنے کے اہل ہیں۔ انہیں یقین ہے کہ ایک روز توپوں کی گھن گرج، آگ اگلتی مشین گنوں اور بارودی سرنگوں کی ہولناکیوں کے باوجود اپنے آبائی وطن میں داخل ہونے میں کامیاب ہو جائیں گے۔ یہ ''یقین'' ایک نئے ترقی پسند اور خوشحال آذربائیجان کی اساس ہوگا۔ حیدر علی یو اس یقین کے معانی بہت اچھی طرح سمجھتے ہیں۔ اور ان کی یہ سمجھ بوجھ ہی ہے جو نئے ''آذربائیجان'' کے خواب کو زندگی بخشے گی۔ آئندہ ترقی کی راہ پر گامزن ہونے کے لئے

وزارتی کونسل سے کنارہ کش ہو گئے۔

۱۹۹۰ء میں آذربائیجان کے عوام کے خلاف جارحیت اور سویت فوجوں کے حملہ پر حیدر علی یو نے اس ظالمانہ کاروائی کی مذمت کرتے ہوئے قصوروار افراد کو سزا دینے کا مطالبہ کیا۔

۱۹ جولائی ۱۹۹۱ء کو انہوں نے سویت یونین کی کمیونسٹ پارٹی سے علیحدگی اختیار کر لی۔

حیدر علی یو اپنے اس فیصلہ کی بنیادی وجوہ کے طور پر جنوری ۱۹۹۰ء کے قاتلانہ جرائم میں ملوث افراد کو سزا نہ دیئے جانا اور آذربائیجان، آرمینا کی چپقلش میں مرکز کی ریاکارانہ پالیسی کا روا رکھنا جس کی وجہ سے عوام کو مصائب کا شکار ہونے کے ساتھ جمہوریہ میں جمہوری اقدار اور آزادی کو کچلے جانے سے دوچار ہونے کی جانب اشارہ کیا۔

حیدر علی یو ۱۹۹۰ء میں جمہوریہ آذربائیجان کے ڈپٹی منتخب ہوئے اور ۹۳۔۱۹۹۱ء کے دوران وہ ناخچوان خود مختار جمہوریہ مجلس عاملہ کے چیئرمین کے ساتھ ساتھ آذربائیجان جمہوریہ کے سپریم کونسل کے نائب چیئرمین کے عہدہ پر فائز ہوئے۔ جون ۱۹۹۳ء میں جمہوریہ آذربائیجان خانہ جنگی کے در پہ تھی۔ صورتِ حال کو معمول پر لانے کے لئے حیدر علی یو کو سرکاری طور پر باکو آنے کی دعوت دی گئی۔

۱۵ جون ۱۹۹۳ء کو حیدر علی یو کو آذربائیجان کی کونسل اعلیٰ کا چیئرمین منتخب کیا گیا اور ۲۴ جون کو قومی اسمبلی کی قرارداد کی رو سے انہیں صدر جمہوریہ کے عہدہ پر فائز کیا گیا۔ اس عرصہ میں انہوں نے آذربائیجان میں خانہ جنگی اور انتشار کو ختم کرنے کے لئے حتمی اقدامات اٹھائے جن کی بدولت وہ تھوڑے ہی عرصے میں قومی ہم آہنگی اور معاشرتی استحکام کے حصول میں کامیاب ہو گئے۔

۱۳ اکتوبر ۱۹۹۳ء کو انتخابات کے نتیجے میں حیدر علی یو کو جمہوریہ آذربائیجان کا صدر منتخب کر لیا گیا۔ ۱۱ اکتوبر ۱۹۹۸ء کو انتخابات کے نتیجہ کے طور پر ایک مرتبہ پھر انہیں نئی صدارتی مدت کیلئے صدر منتخب کر لیا گیا۔

**۱۹۸۵ء میں حیدر علی یو کی بیگم پروفیسر ظریفہ عزیز قصی علی یوف جو کہ امراضِ چشم کی ماہر اور جمہوریہ آذربائیجان کی سائنسز اکیڈمی کی ممبر تھیں انتقال کر گئیں۔ ۱۲ دسمبر ۲۰۰۳ء کو آذربائیجان کے عظیم لیڈر حیدر علی یو انتقال کر گئے۔ اُن کی ایک بیٹی، ایک بیٹا اور چھ پوتے پوتیاں ہیں۔**



# دیباچہ

شاعر کی یہ سطور آج ہمارے سنہرے مستقبل کی طرف اشارہ کرتی ہیں۔ اور درخشاں ماضی پر ہمارے اس ''پختہ ایمان'' کی یاددہانی کرواتی ہیں جس نے طویل ماضی میں ہماری قوم کا ساتھ دیا۔ آج قوم تباہی اور غم واندوہ سے دوچار ہے۔ عوام اپنے راہبر کی طرف پُر امید نظریں لگائے ہیں۔ وہ اس ٹریجڈی کو سمجھنے کی راہوں کے متلاشی ہیں۔ یہ وہ امتحان ہے جس نے ان کے حوصلے اور ہمت کو للکارا ہے۔

اس ٹریجڈی نے آج کے آذربائیجان کو ہلا کر رکھ دیا ہے۔ آرمینی جارحیت نے ہمارے وطن کے بیس فیصد پر قبضہ کر کے ہر ساتویں شہری کو انکے اپنے وطن میں ہی مہاجر بنا دیا ہے۔ آذری لوگ جن مشکلات سے دوچار ہیں اُسکا کوئی جواز نہ تھا۔ وہ نسل کشی اور قتل و غارت کے عذاب سے گزر رہے ہیں۔

قراباغ اور گردونواح کا خوبصورت علاقہ آرمینی قبضہ کے بعد آج قبرستان کا سا منظر پیش کر رہا ہے۔

آرمینی جارحیت کے نتیجہ میں آذری عوام کے ساتھ جو وحشیانہ سلوک کیا گیا ہے وہ انسانی حقوق کی پامالی کی بدترین مثال ہے۔ جو لوگ زندہ بچ گئے ہیں انہیں صحت مند ہونے کے لئے بھی بہت سے سال چاہئیں۔

اگرچہ آذربائیجان میں آج قتل و غارت جنگ بندی کی وجہ سے رُکا ہوا ہے۔ لیکن ''امن'' کا دور تک نام و نشان نہیں۔ یوں سمجھ لیجئے نہ جنگ ہے نہ امن۔ خیموں کی بستیوں میں زندگی پھر بھی رواں دواں ہے۔ بچے پیدا بھی ہوتے ہیں اور سکول بھی جاتے ہیں۔ خیموں کی بستیوں میں لوگ وطن کے گیت گاتے ہیں۔ وہ شوشا ''لاہ چن'' اور وطن'' قراباغ'' پر شعر بھی گنگناتے ہیں۔ لوگوں کی یاداشت تازہ ہے۔ اس کا بڑا فائدہ ہے۔ انہیں بخوبی یاد ہے جب

صدر الہام علی یو، حیدر علی یو کے سیاسی مشن کو جاری رکھے ہوئے ہیں اور آذر بائیجان آج ترقی اور استقامت کے راستے پر گامزن ہے۔ ۲۰۰۸ء آذر بائیجان کے عظیم قومی رہبر حیدر علی یو کا ۸۵واں پیدائشی سال ہے۔ آذر بائیجان کے صدر الہام علی یو نے اس سال کو عظیم لیڈر کی سالگرہ کے طور پر اعلیٰ سطح پر منانے کے احکامات جاری کئے ہیں۔

صدر حیدر علی یو کے حالاتِ زندگی اور سیاسی کارناموں کو برادر ملک پاکستان میں روشناس کرانا خصوصی اہمیت کا حامل ہے۔ اس کتاب میں دونوں ملکوں کے باہمی تعلقات کا بھی تفصیلی ذکر کیا گیا ہے۔ امید ہے کہ یہ کتاب اس مقصد کو پورا کرنے میں مدد و معاون ثابت ہوگی۔

ڈاکٹر المار محمد یاروف
وزیر امور خارجہ
جمہوریہ آذر بائیجان



# سوانحی خاکہ

حیدر علی رضا بن علی یو جنہوں نے اپنی تمام زندگی عوام کے لئے وقف کر رکھی تھی ۱۰ مئی ۱۹۲۳ء کو نانچیوان کے قدیم تاریخی شہر میں ایک محنت کش خاندان میں پیدا ہوئے۔ آپ نے مملکت آذر بائیجان کی یونیورسٹی کے شعبہ تاریخ سے ڈگری حاصل کی اور ۴۴۔۱۹۴۱ء کے دوران نانچیوان خودمختار جمہوریہ میں سرکاری عہدہ پر فائز ہوئے۔ علی یو نے ۱۹۴۴ء سے ملکی سیکورٹی کمیٹی میں خدمات سرانجام دیں اور ۶۹۔۱۹۶۷ء کے عرصہ میں اس کے چیئرمین کے عہدہ پر فائز ہوئے۔ علی یو پہلے آذر بائیجانی تھے جو کہ ملکی سیکورٹی کمیٹی کے نظام میں ترقی کرتے ہوئے جنرل مقرر ہوئے اور ممتاز مقام حاصل کیا۔

جولائی ۱۹۶۹ء میں حیدر علی یو آذر بائیجان کی مرکزی کیمونسٹ پارٹی کے اول سیکرٹری اور جمہوریہ کے لیڈر منتخب ہوئے۔ وہ دسمبر ۱۹۸۲ء تک اس عہدہ پر فائز رہے۔ چودہ سال کا یہ عرصہ آذر بائیجان کے عوام میں قومی شعور کی بیداری، ثقافت اور اقتصادی ترقی کے لحاظ سے ناقابل فراموش ثابت ہوا۔

دسمبر ۱۹۸۲ء میں حیدر علی یو کو سابقہ سوویت سوشلسٹ جمہوریہ کی یونین کے اول نائب وزیر اعظم کے منصب پر ترقی دی گئی اور وہ اکتوبر ۱۹۸۷ء تک اس عہدہ پر کام کرتے رہے۔ اسی کے ساتھ ساتھ وہ سوویت یونین کی کیمونسٹ پارٹی کی سنٹرل کمیٹی کے پولٹ بیورو کے ممبر ہونے کے ناطے ملک کے لیڈروں کی صف میں شامل ہو گئے۔

ان بیس سالوں کے دوران حیدر علی یو سوویت یونین کی پارلیمنٹ کے منتخب ممبر اور عرصہ پانچ سال تک اس کے نائب صدر کے منصب پر فائز رہے۔

تاہم بعض اختلافات اور سیاسی مخالفت کی بنا پر حیدر علی یو ۱۹۸۷ء میں ان فرائض منصبی سے مستعفی ہو گئے۔ اور پولٹ بیورو کے ساتھ ساتھ سوویت سوشلسٹ جمہوریتوں کے یونین کی

اہم رول ادا کرنے والے صاحبِ بصیرت رہبر کے ناطے دل و جاں سے محبت کرتے ہیں۔ خلوص پر مبنی یہ محبت حیدر علی یو کی عوام اور وطن عزیز کے ساتھ ہمیشہ سے غیر مشروط وابستگی کی بدولت ہے۔

کیمونسٹ پارٹی کے اقتدار کے زمانے میں بھی حیدر علی یو آذر بائیجان کے رہبر تھے۔ اُنہوں نے نہ صرف قومی شعور کو جلا بخشی بلکہ آذر بائیجان کی ترکی زبان اور تہذیب کی بقاء اور ارتقاء کے لئے جو مسلسل خدمات کیں وہ تاریخی لحاظ سے بے مثال ہیں۔

حیدر علی یو جس زمانہ میں کیمونسٹ پارٹی کے لیڈر تھے اُس وقت بھی وہ درحقیقت اپنی قوم کے رہبر تھے۔ سویت نظام کی سختی اور بندشوں کی پرواہ نہ کرتے ہوئے اُنہوں نے قومی مفادات کے حصول کے لئے مسلسل جدوجہد کی۔ ملکی آئین میں آذر بائیجانی زبان کو قومی زبان تسلیم کروانے میں ان کی ہی کاوش کا دخل تھا جبکہ بیشتر سویت جمہوریتوں میں روسی زبان سرکاری طور پر رائج تھی۔ ایک اور مثال ممتاز آذر بائیجانی ادیب مرحوم حسین جاوید کی تھی جنہیں سائبیریا جلاوطن کر دیا گیا تھا جہاں وہ کیمونسٹ حکومت کے جبر واستبداد کی تاب نہ لا کر چل بسے۔ حیدر علی یو نے نہ صرف اُنکا جسدِ خاکی آذر بائیجان منگوایا بلکہ وہاں پر اُن کا مقبرہ بھی تعمیر کروایا اور اس طرح ایک بے مثال قومی خدمت سرانجام دی۔

حیدر علی یو کو جب آذر بائیجان کی لیڈر شپ سے سبکدوش کر کے سویت سوشلسٹ جماہیر کی یونین کے سرکردہ لیڈران میں سے ایک کے عہدہ پر فائز کیا گیا تو اُس دور میں بھی اُنہوں نے ایک لمحہ کے لئے بھی اپنے وطن آذر بائیجان کو فراموش نہیں کیا۔ تمام معاملات میں بدستور دلچسپی قائم رکھی اور ترقیاتی کاموں میں مدد کی۔ جنوری ۱۹۹۰ء میں جب میخائل گورباچوف کی کیمونسٹ حکومت نے آذر بائیجان کے دارلحکومت باکو میں خون آشام جارحیت کی تو حیدر علی یو نے ماسکو میں با آواز بلند ذاتی طور پر احتجاج کیا۔ اس کے بعد اُنہوں نے کیمونسٹ پارٹی کی رکنیت ترک کر دی اور وطن واپس آ گئے۔

۱۹۹۳ء میں آذر بائیجانی عوام نے جو اپنی آزادی اور خود مختاری کے تحفظ کے لئے بہت سی وطن دشمن قوتوں کے خلاف نبرد آزما تھے حیدر علی یو کو دعوت دی کہ وہ آگے آئیں اور اُنکی رہبری



کریں۔ انہوں نے گیارہ سال مسلسل کامیابی کے ساتھ خدمات سرانجام دیں۔ آج ملک میں سیاسی استحکام ہے۔ اقتصادی ترقی میں گوناں گوں اضافہ ہو رہا ہے۔ تیل اور گیس سے متعلقہ پروجیکٹوں کی تیاری میں عالمی معیار کا کام ہو رہا ہے۔ باکو، جیہان پٹرول پائپ لائن کی منصوبہ بندی بلاشبہ حیدر علی یو کا ایک کارنامہ تصور کیا جاسکتا ہے۔ وطن عزیز یقینی طور پر علم وفن اور ترقیاتی دور میں داخل ہو چکا ہے۔

حیدر علی یو خارجی سیاست میں بھی نمایاں کامیابیاں حاصل کیں۔ اس وقت آذر بائیجان دنیا کی تمام اہم بین الاقوامی تنظیموں کا رکن بن چکا ہے۔ آذر بائیجان گذشتہ سات سال سے یورپی پارلیمنٹ کے ایک ممبر کے طور پر مصروفِ کار ہے۔ الہام علی یو جنہوں نے یورپی پارلیمنٹ میں آذر بائیجان کے پارلیمانی وفد کی قیادت کی تھی یورپی پارلیمنٹ کے نائب صدر بھی رہے۔ اس سے یہ بخوبی سمجھا جاسکتا ہے کہ آذر بائیجان کے عالمی برادری اور اسلامی دنیا سے روابط میں نہ صرف اضافہ ہوا ہے بلکہ یہ تعلقات سودمند بھی ثابت ہو رہے ہیں۔

حیدر علی یو برادر ملک اسلامی جمہوریہ پاکستان سے قریبی تعلقات کو خصوصی اہمیت دیتے تھے۔ اُنہوں نے ۱۹۹۶ء میں پاکستان کا دورہ کیا اور اُس وقت کے صدرِ مملکت جناب فاروق احمد خان لغاری اور وزیر اعظم محترمہ بے نظیر بھٹو سے ملاقاتیں کیں۔ انہوں نے ۲۰۰۰ء اور ۲۰۰۲ء میں صدر پاکستان پرویز مشرف سے ملاقاتوں کے دوران دونوں ممالک کے درمیان سیاسی، ثقافتی اور اقتصادی شعبوں میں تعاون بڑھانے کے لئے ضروری اقدامات پر زور دیا۔

آذر بائیجان میں حیدر علی یو کے برسرِ اقتدار آنے کے وقت جمہوریہ آرمینیا جارحیت کے بل بوتے پر آذر بائیجان کے ۲۰ فیصد علاقے پر قابض ہو چکا تھا جس میں ناگورنو قاراباغ شامل تھا اور ان علاقوں پر اس کا قبضہ جاری تھا۔ حیدر علی یو نے تیزی کے ساتھ آرمینیا کے ساتھ جنگ بندی کروائی۔

۱۲ دسمبر ۲۰۰۳ء کو حیدر علی یو کی وفات آذر بائیجان کے عوام کے لئے ایک بہت بڑا نقصان تھا لیکن اُن کے شروع کیئے ہوئے کام اب بھی کامیابی سے جاری ہیں۔ آذر بائیجان کے



# پیش لفظ

موجودہ آذر بائیجان ایک آزاد ملک ہے جو نہایت قدیم تاریخ اور اعلیٰ ثقافتی ورثے کا مالک ہے۔ جمہوریہ کے صدر حیدر علی یو قومی اور روحانی اقدار کے فروغ میں گہری دلچسپی رکھتے تھے۔ اُن کی قیادت میں ملک کو عصر جدید کی عالمی تہذیب سے روشناس کروایا گیا چنانچہ آج کا آذر بائیجان روز بروز ترقی اور کامیابی کی منازل کی جانب گامزن ہے۔

جمہوریہ آذر بائیجان مشرق کی عظیم اور لافانی روایات کا خاص طور پر حامل ہونے کے ساتھ ساتھ یورپ کا جزو لاینفک ہے۔ جمہوریہ نے سویت یونین کے دور میں اور آزادی کے بعد کے سترہ سال میں جو کامیابیاں حاصل کیں وہ سب حیدر علی یو کی کاوشوں کی مرہونِ منت ہیں۔ حیدر علی یو آذر بائیجانی عوام کے دل اور روح میں ابدی مقام حاصل کرنے والی ایک تاریخ ساز شخصیت ہیں۔ آذر بائیجانی عوام اُنہیں بطور ایک انسان اور عوام کے مستقبل کی تشکیل میں نہایت



**All Rights Reserved**

No part of this book may be reproduced by mimeograph or any other means without permission from the compiler or his legal representative.

Live and Political Activities
National Leader of
Republic of Azerbaijan
Heydar Aliyev
Compiled by: Dr. Eynulla Madatli
Translation by: Dr. Zia Ullah Khan
Printed by:
Leaf Publications, Islamabad, Pakistan.
Ph: 092-51-2277539

جملہ حقوق محفوظ

کتاب : حیدر علی یو آذربائیجان کے قومی رہبر
مرتب : ڈاکٹر عین اللہ مَدَتلی
ترجمہ : ڈاکٹر ضیاء اللہ خان
اشاعت اردو ترجمہ: مئی ۲۰۰۸ء
طباعت: لیف پبلیکیشنز، اسلام آباد، پاکستان
فون: 051-2277539
ٹائٹل فوٹو: مقبرہ مومنہ خاتون ۱۱۸۶ء
نخچوان، آذربائیجان

نوٹ : حیدر علی یو سے متعلق مزید مواد ویب سائٹ :
www.heydar-aliyev.org پر دستیاب ہے۔

سفارت خانہ جمہوریہ آذربائیجان نے اسلام آباد
پاکستان سے شائع کی

# فہرست


پیش لفظ ............................ 9

سوانحی خاکہ ............................ 13

دیباچہ ............................ 15

پتھروں کو چننے کا وقت ............................ 17

ولادت ............................ 27

تعمیرِ نو ............................ 49

خاموش سیاست ............................ 75

تلاش۔ دورِ ناکامی ............................ 92

جنگ اور امن ............................ 99

قومی تعمیرِ نو ............................ 107

حیدر علی یو اور آذربائیجان پاکستان تعلقات .......... 120

انگریزی متن اور تصاویر ................ کتاب کے آخر میں



حیدر علی یو
آذربائیجان کے قومی رہبر

# حیدر علی یو

آذر بائیجان کے

قومی رہبر

i-36276

# حیدر علی یو

## آذر بائیجان کے
## قومی رہبر

